زینب

جنوری فروری مارچ ۲۰۱۷

لجنہ اماءاللہ ناروے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سہ ماہی زینب

لجنہ اماءاللہ ناروے کی علمی، تعلیمی وتربیتی سرگرمیوں کا ترجمان

سر پرستِ اعلیٰ

امیر جماعت احمدیہ ناروے — مکرم ظہور احمد چوہدری صاحب

زیرِ نگرانی

صدر لجنہ اماءاللہ ناروے — مکرمہ سیّدہ بشریٰ خالد صاحبہ

مجلسِ ادارت

نیشنل سیکرٹری اشاعت — محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

نائبہ سیکرٹری اشاعت — محترمہ صدیقہ وسیم صاحبہ

مدیرہ حصہ نارویجن — محترمہ مہرین شاہد صاحبہ

پروف ریڈنگ — محترمہ سعیدہ نعیم صاحبہ

محترمہ طاہرہ زرتشت صاحبہ

محترمہ ثمینہ ظہور صاحبہ

محترمہ طیبہ رضوان صاحبہ

پرنٹنگ — محترمہ شمسہ خالد صاحبہ

شائع کردہ — شعبہ اشاعت لجنہ اماءاللہ

Søren Bulls veien 1

1051 Oslo

Tlf: +47 22322746

FAX: + 47 22320211

فہرست مضامین

القرآن الکریم	2
کلام الامام	3
اداریہ	4
خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 30 جنوری 2004ء	5
الٰہی تحریکات۔ تحریک جدید و وقف جدید	14
نظم	17
پیشگوئی مصلح موعود رضی اللہ عنہ اور شرف کلام اللہ	18
منظوم پاکیزہ کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام	21
حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہامات، پیشگوئیاں اور رؤیا و کشوف	22
فلاسفی پانچ اوقات نماز	26
صحت	29
خدا تعالیٰ کے قرب حاصل کرنے کا ذریعہ عبادات، صدقات اور استغفار	30
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ واقفات کی کلاس	32
دھنک کے رنگ آپ کے سنگ	35
انٹرویو محترم زرتشت منیر احمد خان سابق نیشنل امیر صاحب جماعت احمدیہ ناروے	37
دعائیہ اعلانات	44
رپورٹ نیشنل اجتماع لجنہ اماءاللہ ناروے 2017ء	45
ناصرات کا صفحہ	46

القرآن الکریم

سورۃ البقرہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾

1۔ اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

وَ مَثَلُ الَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمُ ابۡتِغَآءَ
مَرۡضَاتِ اللّٰہِ وَ تَثۡبِیۡتًا مِّنۡ اَنۡفُسِہِمۡ
کَمَثَلِ جَنَّۃٍۭ بِرَبۡوَۃٍ اَصَابَہَا وَابِلٌ فَاٰتَتۡ
اُکُلَہَا ضِعۡفَیۡنِ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ یُصِبۡہَا وَابِلٌ
فَطَلٌّ ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ﴿۲۶۶﴾

266۔ اور ان لوگوں کی مثال جو اپنے اموال اللہ کی رضا چاہتے ہوئے اور اپنے نفوس میں سے بعض کو ثبات دینے کے لیے خرچ کرتے ہیں، ایسے باغ کی سی ہے جو اُونچی جگہ پر واقع ہو اور اسے تیز بارش پہنچے تو وہ بڑھ چڑھ کر اپنا پھل لائے، اور اگر اسے تیز بارش نہ پہنچے تو شبنم ہی بہت ہو۔ اور اللہ اس پر جو تم کرتے ہو گہری نظر رکھنے والا ہے۔

اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمۡ بِالَّیۡلِ وَ النَّہَارِ
سِرًّا وَّ عَلَانِیَۃً فَلَہُمۡ اَجۡرُہُمۡ عِنۡدَ
رَبِّہِمۡ ۚ وَ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا ہُمۡ
یَحۡزَنُوۡنَ ﴿۲۷۵﴾

275۔ وہ لوگ جو اپنے اموال خرچ کرتے ہیں رات کو بھی اور دن کو بھی، چھپ کر بھی اور کھلے عام بھی، تو ان کے لیے ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غم کریں گے۔

(یہ ترجمہ خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے ترجمہ قرآن کریم سے لیا گیا ہے)

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

عَنِ ابۡنِ مَسۡعُوۡدٍؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ : قَالَ لَا حَسَدَ اِلَّا فِیۡ اثۡنَتَیۡنِ رَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ مَا لًا فَسَلَّطَہٗ عَلٰی ھَلَکَتِہٖ فِی الۡحَقِّ، وَرَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ حِکۡمَۃً فَھُوَ یَقۡضِیۡ بِھَا وَیُعَلِّمُھَا۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو شخصوں کے سوا کسی پر رشک نہیں کرنا چاہیے۔ ایک وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اسے راہ حق میں خرچ کر دیا۔ دوسرے وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے سمجھ، دانائی اور علم و حکمت دی جس کی مدد سے وہ لوگوں کے فیصلے کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا بھی ہے۔ (حدیقۃ الصالحین: صفحہ۔ 592-593)

کلام الا مام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

مسیح اور مہدی

''اس صدی کے سر پر جو خدا کی طرف سے تجدید دین کے لیے آنے والا تھا وہ میں ہی ہوں تا وہ ایمان جو زمین پر سے اُٹھ گیا ہے اس کو دوبارہ قائم کروں اور خدا سے قوت پا کر اسی کے ہاتھ کی کشش سے دنیا کو اصلاح اور تقویٰ اور راستبازی کی طرف کھینچوں اور ان کی اعتقادی اور عملی غلطیوں کو دُور کروں اور پھر جب اس پر چند سال گزرے تو بذریعہ وحی الٰہی میرے پر بتصریح کھولا گیا کہ وہ مسیح جو اس اُمت کے لیے ابتداء سے موعود تھا اور وہ آخری مہدی جو تنزّل اسلام کے وقت اور گمراہی کے پھیلنے کے زمانہ میں براہِ راست خدا سے ہدایت پانے والا اور اس آسمانی مائدہ کو نئے سرے انسانوں کے آگے پیش کرنے والا تقدیر الٰہی میں مقرر کیا تھا جس کی بشارت آج سے تیرہ سو برس پہلے رسول کریم ﷺ نے دی تھی وہ میں ہی ہوں''۔ (تذکرۃ الشہادتین۔روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 3-4)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

مسیح موعود نام میں مصلحت

''اس زمانہ کے مجدّد کا نام مسیح موعود رکھنا اس مصلحت پر مبنی معلوم ہوتا ہے کہ اس مجدد کا عظیم الشان کام عیسائیت کا غلبہ توڑنا اور ان کے حملوں کو دفع کرنا اور ان فلسفہ کو جو مخالفِ قرآن ہے دلائل قویہ کے ساتھ توڑنا اور ان پر اسلام کی حجت پوری کرنا ہے۔ کیونکہ سب سے بڑی آفت اس زمانہ میں اسلام کے لیے جو بغیر تائید الٰہی دور نہیں ہوسکتی عیسائیوں کے فلسفیانہ حملے اور مذہبی نکتہ چینیاں ہیں جن کے دور کرنے کے لیے ضروری تھا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی آوے''۔ (آئینہ کمالاتِ اسلام۔صفحہ:341)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

جری اللہ فی حلل الانبیاء

''اس زمانہ میں خدا نے چاہا کہ جس قدر نیک اور راستباز مقدس نبی گزر چکے ہیں ایک ہی شخص کے وجود میں ان کے نمونے ظاہر کیے جاویں۔ سو وہ میں ہوں'' ''اسی طرح خدا تعالیٰ نے میرا نام ذوالقرنین بھی رکھا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کی میری نسبت یہ وحی مقدس ہے کہ **جری اللہ فی حلل الانبیاء**۔ جس کے یہ معنے ہیں کہ خدا کا رسول تمام نبیوں کے پیرائیوں میں۔ یہ چاہتی ہے کہ مجھ میں ذوالقرنین کے بھی صفات ہوں ہوں۔ کیونکہ سورۃ الکہف سے ثابت ہے کہ ذوالقرنین بھی صاحب وحی تھا''۔ (براہین احمدیہ حصہ پنجم۔روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 118)

اداریہ:

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''**وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ہ**'' (الذّٰریٰت:57)

''اور میں نے جنّ وانس کو پیدا نہیں کیا مگر اس غرض سے کہ وہ میری عبادت کریں۔''

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے بار بار نماز کی اہمیت بیان کرکے اس کی طرف توجہ دلائی ہے۔'' آنحضرت ﷺ نے بھی بیان فرمایا کہ نماز عبادت کا مغز اور دین کا ستون ہے'' کوئی عمارت ستونوں کے بغیر قائم نہیں رہ سکتی۔

اسی طرح اگر نماز میں سستی ہو تو آہستہ آہستہ ہر قسم کی برائیاں جو دین سے دور کرنے والی ہوں پیدا ہو جاتی ہیں۔نماز انسان کو ہر برائی سے بچاتی ہے اور اللہ کے قرب کو حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہمیں بار بار اپنے خطبات میں قیام نماز کی طرف توجہ دلا رہے ہیں آپ فرماتے ہیں ''پس ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ نماز برائیوں سے بچاتی ہے تو یقیناً یہ سچ ہے۔اللہ تعالیٰ کا کلام جھوٹا نہیں ہوسکتا۔جن لوگوں میں نمازیں پڑھنے کے باوجود برائیاں قائم رہتی ہیں ان کی نمازیں صرف ظاہری نمازیں ہوتی ہیں وہ اس کی رُوح کو نہیں سمجھتے۔پس یہ بہت ہی قابل فکر بات ہے جس پر ہم میں سے ہر ایک کو اپنی حالت کا جائزہ لینا چاہیے۔'' (خطبہ جمعہ 20 جنوری 2017ء منقول از الفضل انٹرنیشنل 10 فروری 2017ء)

اسی طرح آپ نے فرمایا کہ ''میں یہاں ایسے لوگوں کی دُرستی کرنا چاہتا ہوں جو یہ کہتے ہیں کہ نہ ہمیں نمازوں کے متعلق کہو، نہ پوچھو کیونکہ یہ ہمارا اور خدا کا معاملہ ہے۔کئی عورتوں کی شکایت آتی ہے کہ اگر ہم اپنے خاوندوں کو توجہ دلائیں تو وہ لڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔ایسے لوگوں کو میں کہتا ہوں کہ یہ بے شک بندے اور خدا کا معاملہ ہے لیکن توجہ دلانا اور پوچھنا نظام جماعت کا کام ہے۔اسی طرح بیویوں کا بھی کام ہے بلکہ فرض ہے۔اگر صرف اتنا ہی ہوتا کہ مرضی ہوتی یا مرضی ہوئی تو پڑھ لوں گا، نہ ہوئی تو نہیں''۔''اگر یہ مرضی پر ہوتا تو پھر آنحضرت ﷺ بیوی اور خاوند کو یہ ارشاد نہ فرماتے کہ جو نماز کے لیے پہلے جاگے وہ دوسرے کو نماز کے لیے جگائے اور اگر نہ جاگے یا سستی دکھائے تو پانی کے چھینٹے مارے۔'' (خطبہ جمعہ 27 جنوری 2017ء منقول از الفضل انٹرنیشنل 17 فروری 2017ء)

آپ نے نظام جماعت کو تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا ''اگر افراد کو توجہ دلانے والا نظام ہی سست ہو جائے یا اپنے کام میں عدم دلچسپی کا اظہار کرنے لگ جائے تو پھر افراد کی اصلاح بھی مشکل ہو جاتی ہے''۔۔۔''لجنہ اماء اللہ کو بھی اس بارے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔بچوں کی نمازوں کی گھروں میں نگرانی کرنا اور انہیں نمازوں کی عادت ڈالنا اور مردوں اور نوجوانوں کو مسجدوں میں جانے کے لیے مسلسل توجہ دلاتے رہنا یہ عورتوں کا کام ہے اگر عورتیں اپنا کردار ادا کریں تو یہ غیر معمولی تبدیلی پیدا ہوسکتی ہے۔'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2017ء منقول از الفضل انٹرنیشنل 17 فروری 2017ء)

آنحضرت ﷺ نے نماز کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ''قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے اگر تو یہ حساب ٹھیک رہا تو کامیاب ہو گیا اور نجات پالی ورنہ گھاٹا پایا اور نقصان اٹھایا'' (سنن الترمذی ابواب الصلاۃ باب ماجا حدیث 413 خطبہ جمعہ فرمودہ 20 جنوری 2017ء)

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ''نماز ہر مسلمان پر فرض ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک قوم اسلام لائی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہمیں نماز معاف فرما دی جائے کیونکہ ہم کاروباری آدمی ہیں مویشی وغیرہ کے سبب سے کپڑوں کا کوئی اعتماد نہیں ہوتا اور نہ ہمیں فرصت ہوتی ہے تو آپ نے جواب میں فرمایا کہ دیکھو اگر نماز نہیں تو ہے ہی کیا؟ وہ دین ہی نہیں جس میں نماز نہیں۔نماز کیا ہے؟ یہی کہ اپنے عجز و نیاز اور کمزوریوں کو خدا کے سامنے پیش کرنا اور اسی سے اپنی حاجت روائی چاہنا کبھی اس کی عظمت اور اس کے احکام کی بجا آوری کے واسطے دست بستہ کھڑے ہونا اور کبھی کمال مذلت اور فروتنی سے اس کے آگے سجدہ میں گر جانا اس سے اپنی حاجات کا مانگنا یہی نماز ہے''۔آپ ﷺ فرماتے ہیں۔''نماز سے بڑھ کر کوئی وظیفہ نہیں ہے کیونکہ اس میں حمدِ الٰہی ہے استغفار ہے اور درود شریف ہے تمام وظائف اور ادعیہ کا مجموعہ یہی نماز ہے اور اس سے ہر قسم کے غم و ہم دور ہوتے ہیں اور مشکلات حل ہوتے ہیں۔''

(نماز مع ترجمہ و ضروری مسائل۔مرتبہ محترم ملک سیف الرحمٰن صاحب صفحہ 4/5)

اللہ تعالیٰ ہماری کمزوریوں اور سستیوں کو معاف فرمائے کہ ہم اپنی نمازوں کو قائم کرنے والی اور خدا تعالیٰ کی رضا کے مطابق زندگی گزارنے والی ہوں۔آمین ثم آمین

خطبہ جمعہ

30 جنوری 2004ء بمطابق 30 صلح 1383 ہجری شمسی بمقام مسجد بیت الفتوح، مورڈن لندن

ہر ایک پرہیز گار کو اس تمدنی زندگی میں غضِ بصر کی عادت ڈالنا چاہیے

اگر پردے کی اپنی پسند سے تشریح شروع کر دیں تو اس کا تقدّس کبھی قائم نہیں ہو سکتا۔ پردے کی اہمیت کے ضمن میں والدین کی ذمّہ داریاں اور بعض تربیتی اُمور کا پُر معارف بیان

تشہد، تعوذ، سورۃ الفاتحہ کے بعد سیدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سورۃ النور کی آیات 32,31 کی تلاوت کی اور ان کا ترجمہ پیش کرنے کے بعد فرمایا:

آج کی ان آیات سے جو مَیں نے تلاوت کی ہیں، سب کو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ کس چیز کے بارہ میں مَیں بیان کرنا چاہتا ہوں۔ اس مضمون کو خلاصۃً دو تین مرتبہ پہلے بھی مختلف اوقات میں بیان کر چکا ہوں۔ لیکن مَیں سمجھتا ہوں کہ اس مضمون کو کھولنے کی مزید ضرورت ہے۔ کیونکہ بعض خطوط سے اندازہ ہوتا ہے کہ ابھی بھی بہت سے ایسے ہیں جو اس حکم کی اہمیت کو یعنی پردے کی اہمیت کو نہیں سمجھتے۔ کوئی کہہ دیتا ہے کہ اسلام اور احمدیت کی ترقی کے لیے کیا صرف پردہ ہی ضروری ہے؟۔ کیا اسلام کی ترقی کا انحصار صرف پردہ پر ہی ہے؟ کئی لوگ کہنے لگ جاتے ہیں کہ یہ فرسودہ باتیں ہیں، پرانی باتیں ہیں، اور ان میں نہیں پڑنا چاہیے، زمانے کے ساتھ چلنا چاہیے۔ گو جماعت میں ایسے لوگوں کی تعداد بہت معمولی ہے لیکن زمانے کی رَو میں بہنے کے خوف سے دل میں بے چینی پیدا ہوتی ہے اور اس معمولی چیز کو بھی معمولی نہیں سمجھنا چاہیے۔

ایسے لوگوں کو میرا ایک جواب یہ ہے کہ جس کام کو کرنے یا نہ کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیا ہے اور اس کامل اور مکمل کتاب میں اس بارہ میں احکام آ گئے ہیں اور جن اوامر و نواہی کے بارہ میں آنحضرت ﷺ ہمیں بتا چکے ہیں کہ یہ صحیح اسلامی تعلیم ہے تو اب اسلام اور احمدیت کی ترقی اس کے ساتھ وابستہ ہے۔ چاہے اسے چھوٹی سمجھیں یا نہ سمجھیں۔ اور یہ آخری شرعی کتاب جو اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ پر اتاری ہے اس کی تعلیم کبھی فرسودہ اور پرانی نہیں ہو سکتی۔ اس لیے جن کے دلوں میں ایسے خیالات آتے ہیں وہ اپنی اصلاح کی کوشش کریں اور استغفار کریں۔

ان آیات میں جن باتوں کا ذکر کیا گیا ہے ان کو مَیں مزید کھولتا ہوں۔ سب سے پہلے تو مردوں کو حکم ہے کہ :۔

غضِ بصر سے کام لیں۔ یعنی اپنی آنکھ کو اس چیز کو دیکھنے سے روکے رکھیں جس کا دیکھنا منع ہے۔ یعنی بلاوجہ نامحرم عورتوں کو نہ دیکھیں۔ جب بھی نظر اٹھا کر پھریں گے تو پھر تجسّس میں آنکھیں پیچھا کرتی چلی جاتی ہیں اس لیے آں شریف کا حکم ہے کہ نظریں جھکا کے چلو۔ اسی بیماری سے بچنے کے لیے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نیم وا آنکھوں سے چلو۔ یعنی ادھ کھلی آنکھوں سے، راستوں پر پوری آنکھیں پھاڑ کر نہ چلو، بند بھی نہ ہوں کہ ایک دوسرے کو ٹکریں مارتے پھرو، لیکن اتنی کھلی ہوں کہ کسی بھی قسم کا تجسس ظاہر نہ ہوتا ہو کہ جس چیز پر ایک دفعہ نظر پڑ جائے پھر اس کو دیکھتے ہی چلے جانا ہے۔ نظر کس طرح ڈالنی چاہیے اس کی آگے حدیث سے وضاحت کروں گا۔ لیکن اس سے پہلے علامہ طبری کا جو بیان ہے وہ پیش کرتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ غضِ بصر سے مراد اپنی نظر کو ہر اس چیز سے روکنا ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے روکا ہے۔ (تفسیر الطبری جلد 18 صفحہ 116-117)

تو مردوں کے لیے پہلے ہی حکم ہے کہ اپنی نظریں نیچی رکھو۔ اور اگر مرد اپنی نظریں نیچی رکھیں گے تو بہت سی برائیوں کا تو یہیں خاتمہ ہو جاتا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

”ہر ایک پرہیز گار جو اپنے دل کو پاک رکھنا چاہتا ہے اس کو نہیں چاہیے کہ حیوانوں کی طرح جس طرف چاہے۔ بے محابا نظر اُٹھا کر دیکھ لیا

کرے بلکہ اس کے لیے اس تمدّنی زندگی میں غضِ بصر کی عادت ڈالنا ضروری ہے اور یہ وہ مبارک عادت ہے جس سے اس کی یہ طبعی حالت ایک بھاری خلق کے رنگ میں آجائے گی۔ (رپورٹ جلسہ اعظم مذاہب صفحہ 102-103۔ بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد سوم صفحہ 333)

پھر مومن عورتوں کے لیے حکم ہے کہ غضِ بصر سے کام لیں اور آنکھیں نیچی رکھا کریں۔ اگر عورت اونچی نظر کر کے چلے گی تو ایسے مرد جن کے دلوں پر شیطان نے قبضہ کیا ہوا ہے وہ تو پھر ان عورتوں کے لیے مشکلات ہی پیدا کرتے رہیں گے۔ تو ہر عورت کو چاہیے کہ اپنے آپ کو اور اپنے خاندان کو بدنامی سے بچانے کے لیے، اللہ تعالیٰ کا جو حکم ہے غض بصر کا، اس پر عمل کرے تاکہ کسی بھی قسم کی بدنامی کا باعث نہ ہو۔ کیونکہ اس قسم کے مرد جن کے دلوں میں کجی ہو، شرارت ہو تو وہ بعض دفعہ ذرا سی بات کا بتنگڑ بنا لیتے ہیں اور پھر بلاوجہ کے تبصرے شروع ہو جاتے ہیں۔ اسی لیے آنحضرت ﷺ نے اپنی بیویوں کو یہاں تک فرمایا تھا کہ مخنث آئے تو اس سے بھی پردہ کرو۔ ہوسکتا ہے کہ یہ باہر جا کر دوسرے مردوں سے باتیں کرے اور اس طرح اشاعت فحش کا موجب ہو۔ تو دیکھیں آنحضرت ﷺ نے کس حد تک پابندی لگائی ہے۔ کجا یہ کہ جوان مرد جن کے دل میں کیا کچھ ہے ہمیں نہیں پتہ، ان سے نظر میں نظر ڈال کر بات کی جائے یا دیکھا جائے۔ بلکہ یہ بھی حکم ہے کہ کسی مجبوری کی وجہ سے کسی مرد سے بات کرنے کی ضرورت پیش آجائے تو ایسا لہجہ ہونا چاہیے جس میں تھوڑی سی خفگی ہو، ترشی ہو تا کہ مرد کے دل میں کبھی کوئی برا خیال نہ پیدا ہو۔ تو اس حد تک سختی کا حکم ہے اور بعض جگہوں پر ہمارے ہاں شادیوں پر لڑکوں کو کھانا serve کرنے کے لیے بلا لیا جاتا ہے۔ دیکھیں کہ سختی کس حد تک ہے اور کجا یہ ہے کہ لڑکے بلا لیے جاتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ چھوٹی عمر والے ہیں حالانکہ چھوٹی عمر والے بھی جن کو کہا جاتا ہے وہ بھی کم از کم 18,17 سال کی عمر کے ہوتے ہیں۔ بہرحال بلوغت کی عمر کو ضرور پہنچ گئے ہوتے ہیں۔ وہاں شادیوں پر جوان بچیاں بھی پھر رہی ہوتی ہیں اور پھر پتہ نہیں جو بیرے بلائے جاتے ہیں کس قماش کے ہیں تو جیسا کہ مَیں نے کہا ہے بلوغت کی عمر کو پہنچ چکے ہوتے ہیں اور ان سے پردے کا حکم ہے۔ اگر چھوٹی عمر کے بھی ہیں تو جس ماحول میں وہ بیٹھتے ہیں، کام کر رہے ہوتے ہیں ایسے ماحول میں بیٹھ کر ان کے ذہن بہرحال گندے ہو چکے ہوتے ہیں۔ اور سوائے کسی استثنا کے الا ماشاء اللہ، اچھی زبان ان کی نہیں ہوتی اور نہ خیالات اچھے ہوتے ہیں۔ پاکستان میں تو مَیں نے دیکھا ہے کہ عموماً یہ لڑکے تسلی بخش نہیں ہوتے۔ تو ماؤں کو بھی کچھ ہوش کرنی چاہیے کہ اگر انکی عمر پردے کی عمر سے گزر چکی ہے تو کم از کم اپنی بچیوں کا تو خیال رکھیں۔ کیونکہ ان کام کرنے والے لڑکوں کی نظریں آپ نیچی نہیں کر سکتے۔ یہ لوگ باہر جا کر تبصرے بھی کر سکتے ہیں اور پھر بچیوں کی، خاندان کی بدنامی کا باعث بھی ہو سکتے ہیں۔

ایک دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے فرمایا تھا کہ احمدی لڑکے، خدام، اطفال کی ٹیم بنائی جائے جو اس طرح شادیوں وغیرہ پر کام کریں۔ خدمت خلق کا کام بھی ہو جائے گا اور اخراجات میں بھی کمی ہو جائے گی۔ بہت سے گھر ہیں جو ایسے بیروں وغیرہ کو رکھنا Afford ہی نہیں کر سکتے لیکن دکھاوے کے طور پر بعض لوگ بلا بھی لیتے ہیں تو اس طرح احمدی معاشرے میں باہر سے لڑکے بلانے کا رواج بھی ختم ہو جائے گا۔ خدام الاحمدیہ، انصار اللہ یا اگر لڑکیوں کے فنکشن ہیں تو لجنہ اماء اللہ کی لڑکیاں کام کریں۔ اور اگر زیادہ ہی شوق ہے کہ ضرور ہی خرچ کرنا ہے، Serve کرنے والے لڑکے بلانے ہیں یا لوگ بلانے ہیں تو پھر مردوں کے حصے میں مرد آئیں۔ یہاں مَیں نے دیکھا ہے کہ عورتیں بھی Serve کرتی ہیں عورتوں کے حصے میں تو وہاں پھر عورتوں کا انتظام ہونا چاہیے اور اس بارہ میں کسی بھی قسم کے احساس کمتری کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ جیسا کہ مَیں نے پہلے بھی کہا تھا کہ بعض لوگ دیکھا دیکھی خرچ کر رہے ہوتے ہیں تو یہ ایک طرح کا احساس کمتری ہے۔ کسی قسم کا احساس کمتری نہیں ہونا چاہیے۔ اگر یہ ارادہ کر لیں کہ ہم نے قرآن کے حکم کی تعمیل کرنی ہے اور پاکیزگی کو بھی قائم رکھنا ہے تو کام تو ہو ہی جائے گا لیکن اس کے ساتھ ہی آپ کو ثواب بھی مل رہا ہوگا۔

پھر فرمایا کہ زینت ظاہر نہ کرو۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ جیسا عورتوں کو حکم ہے میک اپ وغیرہ کر کے باہر نہ پھریں۔ باقی قد کاٹھ، ہاتھ پیر، چلنا پھرنا، جب باہر نکلیں گے تو نظر آ ہی جائے گا۔ یہ زینت کے زمرے میں اس طرح نہیں آتے کیونکہ اسلام نے عورتوں کے لیے اس طرح قید نہیں

رکھی۔ تو فرمایا کہ جو خود بخود ظاہر ہوتی ہو اس کے علاوہ۔ باقی چہرے کا پردہ ہونا چاہیے اور یہی اسلام کا حکم ہے۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی ایک تشریح یہ فرمائی تھی کہ ماتھے سے لے کر ناک تک کا پردہ ہو۔ پھر چادر سامنے گردن سے نیچے آ رہی ہو۔ اس طرح بال بھی نظر نہیں آنے چاہئیں۔ سکارف یا چادر جو بھی چیز عورت اوڑھے وہ پیچھے سے بھی اتنی لمبی ہو کہ بال وغیرہ چھپ جاتے ہوں۔ **اِلَّامَاظَهَرَمِنْهَا** یعنی سوائے اس کے جو آپ ہی آپ ظاہر ہو اس کے بارہ میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

﴿**اِلَّامَاظَهَرَمِنْهَا**﴾ یعنی سوائے اس کے جو آپ ہی آپ ظاہر ہو۔ یہ الفاظ دلالت کرتے ہیں کہ جو چیز خود بخود ظاہر ہو شریعت نے صرف اس کو جائز رکھا ہے۔ یہ نہیں کہ جس مقام کو کوئی عورت آپ ظاہر کرنا چاہے۔ اس کا ظاہر کرنا اس کے لیے جائز ہو۔ میرے نزدیک آپ ہی آپ ظاہر ہونے والی موٹی چیزیں دو ہیں یعنی قد اور جسم کی حرکات اور چال لیکن عقلاً یہ بات ظاہر ہے کہ عورت کے کام کے لحاظ سے یا مجبوری کے لحاظ سے جو چیز آپ ہی آپ ظاہر ہو وہ پردے میں داخل نہیں۔ چنانچہ اسی اجازت کے ماتحت طبیب عورتوں کی نبض دیکھتا ہے۔ کیونکہ بیماری مجبور کرتی ہے کہ اس چیز کو ظاہر کر دیا جائے۔

پھر فرمایا کہ: اگر کسی گھرانے کے مشاغل ایسے ہوں کہ عورتوں کو باہر کھیتوں میں یا میدانوں میں کام کرنا پڑے تو اُن کے لیے آنکھوں سے لے کر ناک تک کا حصہ کھلا رکھنا جائز ہوگا۔ اور پردہ ٹوٹا ہوا نہیں سمجھا جائے گا کیونکہ بغیر اس کے کھولنے کے وہ کام نہیں کر سکتیں۔ اور جو حصہ ضروریات زندگی کے لیے اور ضروریاتِ معشیّت کے لیے کھولنا پڑتا ہے اس کا کھولنا پردے کے حکم میں ہی شامل ہے۔ ....لیکن جس عورت کے کام اسے مجبور نہیں کرتے کہ وہ کھلے میدانوں میں نکل کر کام کرے اُس پر اس اجازت کا اطلاق نہ ہوگا۔ غرض **اِلَّا مَاظَهَرَمِنْهَا** کے ماتحت کسی مجبوری کی وجہ سے جتنا حصہ ننگا کرنا پڑے ننگا کیا جا سکتا ہے۔ (تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 298-299)

تو اس تفصیل سے پردے کی حد کی بھی کافی حد تک وضاحت ہوگئی کہ کیا حد ہے۔ چہرہ چھپانے کا بہرحال حکم ہے۔ اس حد تک چہرہ چھپایا جائے کہ بے شک ناک ننگا ہو اور آنکھیں ننگی ہوں تا کہ دیکھ بھی سکے اور سانس بھی لے سکے۔

چہرہ کا پردہ کیوں ضروری ہے اس بارہ میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے احادیث سے یہ دلیل دی ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ نے ایک صحابیہ کو کسی لڑکی کا رشتہ آیا تھا، اس کی شکل دیکھنے کے لیے بھیجا تا کہ دیکھ کر آئیں۔ اگر چہرہ کا پردہ نہ ہوتا تو ظاہر ہے کہ پھر تو ہر ایک نے شکل دیکھی ہوتی۔

پھر دوسری مرتبہ یہ واقعہ حدیث میں بیان ہوتا ہے کہ جب ایک لڑکے کو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم فلاں لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہو۔ تم نے اس کو دیکھا ہے؟ اگر نہیں دیکھا تو جا کر دیکھ آؤ۔ کیونکہ پردے کا حکم تھا بہر حال دیکھا نہیں ہوگا۔ تو جب وہ اس کے گھر گیا اور لڑکی کو دیکھنے کی خواہش کی تو اس کے باپ نے کہا کہ نہیں اسلام میں پردے کا حکم ہے اور مَیں تمہیں لڑکی نہیں دکھا سکتا۔ پھر اس نے آنحضرت ﷺ کا حوالہ دیا تب بھی وہ نہ مانا۔ بہر حال ہر ایک کی اپنی ایمان کی حالت ہوتی ہے۔ اسلام کے اس حکم پر اس کی زیادہ سختی تھی بجائے اس کے کہ آنحضرت ﷺ کے حکم کو موقعہ محل کے مطابق تسلیم کرتا اور مانتا۔ تو لڑکی جو اندر بیٹھے یہ بات سن رہی تھی وہ باہر نکل آئی کہ اگر آنحضرت ﷺ کا حکم ہے تو پھر ٹھیک ہے میرا چہرہ دیکھ لو۔ تو اگر چہرہ کے پردہ کا حکم نہیں تھا تو حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر آنحضرت ﷺ نے یہ کیوں فرمایا۔ ہر ایک کو پتہ ہوتا کہ فلاں لڑکی کی یہ شکل ہے اور فلاں کی فلاں شکل۔

اسی طرح ایک موقع پر آنحضرت ﷺ اعتکاف میں تھے۔ رات کو حضرت صفیہ کو چھوڑنے جا رہے تھے تو سامنے سے دو آدمی آ رہے تھے ان کو دیکھ کر آنحضرت ﷺ نے فرمایا گھونگھٹ اٹھاؤ اور فرمایا دیکھ لو یہ میری بیوی صفیہ ہی ہے۔ کوئی شیطان تم پر حملہ نہ کرے اور غلط الزام لگانا نہ شروع کر دو۔ تو

چہرے کا پردہ بہرحال ہے۔
پھر حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:۔
''وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ اسلام میں منہ چھپانے کا حکم نہیں ان سے ہم پوچھتے ہیں کہ قرآن کریم تو کہتا ہے زینت چھپاؤ اور سب سے زیادہ زینت کی چیز چہرہ ہی ہے اگر چہرہ چھپانے کا حکم نہیں تو پھر زینت کیا چیز ہے جس کو چھپانے کا حکم دیا گیا ہے۔ بے شک ہم اس حد تک قائل ہیں کہ چہرے کو اس طرح چھپایا جائے کہ اس کا صحت پر کوئی برا اثر نہ پڑے مثلاً باریک کپڑا ڈال لیا جائے یا عرب عورتوں کی طرز کا نقاب بنالیا جائے جس میں آنکھیں اور ناک کا نتھنا آزاد رہتا ہے۔ مگر چہرے کو پردے سے باہر نہیں رکھا جاسکتا''۔ (تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 103)
پھر فرمایا کہ جو عورتیں بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہو جائیں اور نکاح کے قابل نہ رہیں وہ اگر معروف پردہ چھوڑ دیں تو جائز ہے ہاں خواہ مخواہ زیور پہن کر اور بناؤ سنگار کر کے باہر نہ نکلیں یعنی پردہ ایک عمر تک ہے اس کے بعد پردہ کے احکام ساقط ہو جاتے ہیں۔ ہمارے ملک نے پردہ کے احکام کو ایسی بری طرح استعمال کیا ہے کہ جوان عورتیں پردہ چھوڑ رہی ہیں۔ اور بوڑھی عورتوں کو جبراً گھروں میں بٹھایا جا رہا ہے۔...... عورت کا چہرہ پردہ میں شامل ہے ورنہ اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَھُنَّ کے یہ معنے کرنے پڑیں گے کہ مونہہ اور ہاتھ پہلے ہی ننگے تھے اب سینہ اور بازو بھی بلکہ سارا بدن بھی ننگا کرنا جائز ہو گیا حالانکہ اسے کوئی بھی تسلیم نہیں کرتا۔ (تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 396-397)
ہوتا یہی ہے کہ اگر پردہ کی خود تشریح کرنی شروع کر دیں اور ہر کوئی پردے کی اپنی پسند کی تشریح کرنی شروع کر دے تو پردے کا تقدس کبھی قائم نہیں رہ سکتا۔ اس لئے ماں باپ دونوں کو اپنی اولاد کے پردے کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ اور یہ دونوں کی ذمہ داری ہے۔
اب کسی نے لکھا کہ مغربی ملک میں ملازمت کے سلسلہ میں ایک یونیفارم ہے جس میں جینز اور بلاؤز یا سکرٹ استعمال ہوتا ہے تو کیا مَیں یہ پہن کر کام کرسکتی ہوں۔ اس کو مَیں نے جواب دیا کہ اگر لمبا کوٹ پہن کر اور سکارف سر پر رکھ کر کام کرنے کی اجازت ہے ٹھیک ہے ورنہ کوئی اجازت نہیں۔
اب اس میں جن عزیزوں یا رشتوں کا ذکر ہے کہ ان سے پردہ کی چھوٹ ہے ان میں وہ سب لوگ ہیں جو انتہائی قریبی رشتہ دار ہیں۔ یعنی خاوند ہے، باپ ہے یا سسر ہے، بھائی ہے یا بھتیجے، بھانجے وغیرہ۔ ان کے علاوہ باقی جن سے رشتہ داری قریبی نہیں ان سب سے پردہ ہے۔
پھر فرمایا کہ اپنی عورتوں کے سامنے تم زینت ظاہر کرسکتی ہو۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ عورتوں کے سامنے زینت ظاہر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ایسی عورتیں جو ہیں جن سے بے تکلفانہ یا بے حجابانہ تمہیں سامنے نہیں آنا چاہیے۔ اب بازاری عورتیں ہیں ان سے بچنے کی تو ہر شریف عورت کوشش کرتی ہے۔ ان کی حرکات، ان کا کردار ظاہر و باہر ہوتا ہے، سامنے ہوتا ہے لیکن بعض عورتیں ایسی بھی ہیں جو غلط قسم کے لوگوں کے لیے کام کر رہی ہوتی ہیں۔ اور گھروں میں جا کر پہلے بڑوں سے دوستی کرتی ہیں۔ جب ماں سے اچھی طرح دوستی ہو جائے تو پھر بچیوں سے تعلق قائم کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور آہستہ آہستہ بعض دفعہ برائیوں کی طرف ان کو لے جاتی ہیں۔ تو ایسی عورتوں کے بارہ میں بھی یہ حکم ہے کہ ہر ایرے غیرے کو، ہر عورت کو اپنے گھروں میں نہ گھسنے دو۔ ان کے بارہ میں تحقیق کر لیا کرو، اس کے بعد قدم آگے بڑھاؤ۔
حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لکھا ہے کہ پہلے یہ طریق ہوا کرتا تھا لیکن اب کم ہے۔ (کسی زمانے میں کم تھا لیکن آج کل پھر بعض جگہوں سے ایسی اطلاعیں آتی ہیں کہ پھر بعض جگہوں پر ایسے گروہ بن رہے ہیں)۔ جو اس قسم کی حرکات کرتے ہیں۔ خاص طور پر احمدی بچوں کو پاکستان میں بہت زیادہ احتیاط کرنی چاہیے۔ بلکہ ماں باپ کو بھی احتیاط کرنی چاہیے کہ بعض دفعہ گھریلو کام کے لیے ایک عورت گھر میں داخل ہوتی ہے اور اصل میں وہ ایجنٹ ہوتی ہے کسی کی اور اس طرح پھر آہستہ آہستہ ورغلا کر پہلے دوستی کے ذریعہ اور پھر دوسرے ذریعوں سے غلط قسم کی عادتیں ڈال دیتی ہیں بچیوں کو۔ تو ایسے ملازمین یا ملازمائیں جو رکھی جاتی ہیں، ان سے احتیاط کرنی چاہیے اور بغیر تحقیق کے نہیں رکھنی چاہیے۔ اسی طرح اب اس طرح کا

کام، بری عوتوں والا، انٹرنیٹ نے بھی شروع کر دیا ہے۔ جرمنی وغیرہ میں اور بعض دیگر ممالک میں ایسی شکایات پیدا ہوئی ہیں کہ بعض لوگوں کے گروہ بنے ہوئے ہیں جو آہستہ آہستہ علمی باتیں کر کے یا دوسری باتیں کر کے چارہ ڈالتے ہیں اور پھر دوستیاں پیدا ہوتی ہیں اور پھر غلط راستوں پر ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

مَیں متعدد بار انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارہ میں احتیاط کا کہہ چکا ہوں۔ بعد میں پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ یہ باپوں کی ذمہ داری ہے، یہ ماؤں کی ذمہ داری ہے کہ انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارہ میں بچوں کو ہوشیار کریں۔ خاص طور پر بچیوں کو۔ اللہ تعالیٰ ہماری بچیوں کو محفوظ رکھے۔ تو ملازم رکھنے ہوں یا دوستیاں کرنی ہوں جس کو آپ اپنے گھر میں لے کر آ رہے ہیں اس کے بارہ میں بہت چھان بین کر لیا کریں۔ آج کل کا معاشرہ ایسا نہیں کہ ہر ایک کو بلا سوچے سمجھے اپنے گھر میں لے آئیں۔ یہ قرآن کا حکم ہے اور اس پر عمل کرنے میں ہی ہماری بھلائی ہے۔

پھر بعض جگہوں پر یہ بھی رواج ہے کہ ہر قسم کے ملازمین کے سامنے بے حجابانہ آجاتے ہیں۔ تو سوائے گھر کے وہ ملازمین یا وہ بچے جو بچوں میں پلے بڑھے ہیں یا پھر بہت ہی اُدھیر عمر کے ہیں۔ جو اس عمر سے گزر چکے ہیں کہ کسی قسم کی بدنظری کا خیال پیدا ہو یا گھر کی باتیں باہر نکالنے کا ان کو کوئی خیال ہو۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے لوگوں سے، ملازمین سے، پردہ کرنا چاہیے۔ بعض جگہ دیکھا گیا ہے کہ ایسے ملازمین جن کو ملازمت میں آئے چند ماہ ہی ہوئے ہوتے ہیں، بے دھڑک بیڈروم میں آجا رہے ہوتے ہیں اور عورتیں اور بچیاں بعض دفعہ وہاں بغیر دوپٹوں کے بھی بیٹھی ہوئی ہوتی ہیں۔ اور اس کو روشن دماغی کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ روشن دماغی نہیں ہے۔ جب اس کے نتائج سامنے آتے ہیں تو پچھتاتے ہیں۔

پھر جو چھوٹ ہے اس آیت میں وہ چھوٹے بچوں سے پردہ کی ہے۔ فرمایا کہ چال بھی تمہاری اچھی ہونی چاہیے، باوقار ہونی چاہیے، یونہی پاؤں زمین پر مار کے نہ چلو۔ اور ایسی باوقار چال ہو کہ کسی کو جرأت نہ ہو کہ تمہاری طرف غلط نظر سے دیکھ بھی سکے۔ جب تم پردوں میں ہو گی اور مکمل طور پر صاحب وقار ہو گی تو کسی کو جرأت نہیں ہو سکتی کہ ایک نظر کے بعد دوسری نظر ڈالے۔

پھر ہمارے معاشرے میں زیور وغیرہ کی نمائش کا بھی بہت شوق ہے۔ گو چوروں ڈاکوؤں کے خوف سے اب اس طرح تو نہیں پہنا جاتا لیکن پھر بھی شادی بیاہوں پر اس طرح بعض دفعہ ہو جاتا ہے کہ راستوں سے عورتیں گزر کر جارہی ہوتی ہیں جہاں مرد بھی کھڑے ہوتے ہیں اور وہاں ڈگر ڈگر زیور کی نمائش بھی ہو رہی ہوتی ہے۔ تو اس سے احتیاط کرنی چاہیے۔

پھر حضرت **مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ** نے پاؤں زمین پر مارنے سے ایک یہ بھی نتیجہ اخذ کیا ہے کہ شریعت نے ناچ یا ڈانس کو مکمل طور پر منع کر دیا ہے کیونکہ اس سے بے حیائی پھیلتی ہے اور بعض عورتیں کہتی ہیں کہ عورتیں عورتوں میں ناچ لیں تو کیا حرج ہے؟ عورتوں کا عورتوں میں ناچنے میں بھی حرج ہے۔ قرآن کریم نے کہہ دیا ہے کہ اس سے بے حیائی پھیلتی ہے تو بہرحال ہر احمدی عورت نے اس حکم کی پابندی کرنی ہے۔

اگر کہیں شادی بیاہ وغیرہ میں اس قسم کی اطلاع ملتی ہے کہ کہیں ڈانس وغیرہ یا ناچ ہوا ہے تو وہاں بہرحال نظام کو حرکت میں آنا چاہیے اور ایسے لوگوں کے خلاف کاروائی ہونی چاہیے۔

اب بعض عورتیں ایسی ہیں جن کی تربیت میں کمی ہے کہہ دیتی ہیں کہ ربوہ جاؤ تو وہاں تو لگتا ہے کہ شادی اور مرگ میں کوئی فرق نہیں ہے۔ کوئی ناچ نہیں، کوئی گانا نہیں، کچھ نہیں۔ تو اس میں پہلی بات تو یہ ہے کہ شرفاء کا ناچ اور ڈانس سے کوئی تعلق نہیں۔ اور اگر کسی کو اعتراض ہے تو ایسی شادیوں میں نہ شامل ہو۔ جہاں تک گانے کا تعلق ہے تو شریفانہ قسم کے، شادی کے گانے لڑکیاں گاتی ہیں، اس میں کوئی حرج نہیں۔ پھر دُعائیہ نظمیں ہیں جو پڑھی جاتی ہیں۔ تو یہ کس طرح کہہ سکتی ہیں کہ شادی میں اور موت میں کوئی فرق نہیں، یہ سوچوں کی کمی ہے۔ ایسے لوگوں کو اپنی حالت درست کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ ہم تو دعاؤں سے ہی نئے شادی شدہ جوڑوں کو رخصت کرتے ہیں تا کہ وہ اپنی نئی زندگی کا ہر لحاظ سے بابرکت آغاز کریں اور ان کو اس خوشی کے

ساتھ ساتھ دعاؤں کی بھی ضرورت ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا گھر آباد رکھے، نیک اور صالح اولاد بھی عطا فرمائے۔ پھر یہ کہ وہ دونوں دین کے خادم ہوں اوران کی نسلیں بھی دین کی خادم ہوں۔ پھر یہ ہے کہ دونوں فریق جوشادی کے رشتے میں منسلک ہوئے ہیں، ان کے لیے یہ دعائیں بھی کرنی چاہئیں کہ وہ اپنے والدین کے اوراپنے رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنے والے بھی ہوں۔ تو احمدی تو اسی طرح شادی کرتے ہیں اگر کسی کواس پر اعتراض ہے تو ہوتا رہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ہمیں یہی حکم ہے کہ خوشیاں بھی مناؤ تو سادگی سے مناؤ اور اللہ کی رضا کو ہمیشہ پیش نظر رکھو۔ کیونکہ ہماری کامیابی کا انحصار اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے اوراس کی طرف جھکنے میں ہی ہے۔ اس لیے ہم تو اسی طرح شادیاں مناتے ہیں۔ اور جو غیر بھی ہماری شادیوں میں شامل ہوتے ہیں وہ اچھا اثر لے کر جاتے ہیں۔

اب چند احادیث پیش کرتا ہوں:

ابو ریحانہؓ روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک غزوہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ ایک رات انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ’’آگ اس آنکھ پر حرام ہے جواللہ تعالیٰ کی راہ میں بیدار رہی۔ اور آگ اس آنکھ پر حرام ہے جواللہ تعالیٰ کی خشیّت کی وجہ سے آنسو بہاتی ہے‘‘۔

پھر اس روایت میں بھی یہ بھی ہے کہ آگ اس آنکھ پر بھی حرام ہے جو اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو دیکھنے کی بجائے جھک جاتی ہے۔ اوراس آنکھ پر بھی حرام ہے جو اللہ عزوجل کی راہ میں پھوڑ دی گئی ہو۔ (سنن دارمی، کتاب الجہاد، باب فی الذی یسھر فی سبیل اللہ حارسا)

تو دیکھیں غضِ بصر کا کتنا بڑا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والوں اوراس کی راہ میں جہاد کرنے والوں، شہید ہونے والوں یا دوسرے لفظوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنے والی آنکھ کا رتبہ ایسے لوگوں کو حاصل ہو رہا ہے جو اس حکم پر عمل کرتے ہوئے، ہمیشہ عبادت بجالانے والے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کا قرب پانے والے ہوں گے۔

حضرت ابو سعید خدریؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ’’راستوں پر مجلسیں لگانے سے بچو۔ صحابہؓ نے عرض کی، یا رسول اللہ ہمیں راستوں میں مجلسیں لگانے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پھر راستے کا حق ادا کرو۔ انہوں نے عرض کی کہ اس کا کیا حق ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہر آنے جانے والے کے سلام کا جواب دو، غضِ بصر کرو، راستہ دریافت کرنے والے کی راہنمائی کرو، معروف باتوں کا حکم دو اور ناپسندیدہ باتوں سے روکو۔ (مسند احمد بن حنبل جلد 3 صفحہ 61 مطبوعہ بیروت)

دیکھیں کس قدر تاکید ہے کہ اوّل تو اگر کام نہیں ہے تو کوئی بلاوجہ راستے میں نہ بیٹھے۔ اور اگر مجبوری کی وجہ سے بیٹھنا ہی پڑے تو پھر راستے کا حق ادا کرو۔ بلاوجہ نظریں اٹھا کے نہ بیٹھے رہو بلکہ غضِ بصر سے کام لو، اپنی نظروں کو نیچا رکھو، کیونکہ یہ نہیں کہ ایک دفعہ نظر پڑ گئی تو پھر ایک سرے سے دیکھنا شروع کیا اور دیکھتے ہی چلے گئے۔

اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ میں آنحضرت ﷺ کے پاس تھی اور میمونہؓ بھی ساتھ تھیں تو ابن اُمّ مکتومؓ آئے۔ یہ پردہ کے حکم کے نزول سے بعد کی بات ہے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اس سے پردہ کرو۔ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ کیا وہ نابینا نہیں؟ نہ وہ ہمیں دیکھ سکتا ہے اور نہ ہی پہچان سکتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم دونوں بھی اندھی ہو اور تم اس کو دیکھ نہیں رہیں۔

(ترمذی کتاب الادب عن رسول اللہ باب ماجاء فی احتجاب النساء من الرجال)

دیکھیں کس قدر پابندی ہے پردہ کی کہ غضِ بصر کا حکم مردوں کو تو ہے، ساتھ ہی عورتوں کے لیے بھی ہے کہ تم نے کسی دوسرے مرد کو بلاوجہ نہیں دیکھنا۔

حضرت جریرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ’’اچانک نظر پڑ جانے‘‘ کے بارہ میں دریافت کیا۔ حضور نے فرمایا ’’اِصرِف بَصَرَکَ‘‘ اپنی نگاہ ہٹا لو۔ (ابوداؤد کتاب النکاح باب فی ما یؤمر بہ من غض البصر)

تو دیکھیں اسلامی پردہ کی خوبیاں۔ نظر پڑ جاتی ہے ٹھیک ہے، قدرتی بات ہے۔ ایک طرف تو یہ فرما دیا عورت کو کہ تمہیں باہر نکلنے کی اجازت اس صورت میں ہے کہ پردہ کر کے باہر نکلو۔ اور جو ظاہری نظر آنے والی چیزیں ہیں، خود ظاہر ہونے والی ہیں ان کے علاوہ زینت ظاہر نہ کرو۔ اور دوسری طرف مردوں کو یہ کہہ دیا کہ اپنی نظریں نیچی رکھو، بازار میں بیٹھو تو نظر نیچی رکھو اور اگر پڑ جائے تو فوراً نظر ہٹا لو تا کہ نیک معاشرے کا قیام عمل میں آتا رہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ فضل بن عباس رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سوار تھے تو خَشْعَمْ قبیلہ کی ایک عورت آئی۔ فضل اسے دیکھنے لگ پڑے اور وہ فضل کو دیکھنے لگ گئی۔ تو اس پر نبی کریم ﷺ نے فضل کا چہرہ دوسری طرف موڑ دیا۔ (بخاری کتاب الحج باب وجوب الحج وفضلہ)

حضرت ابوامامہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب کسی مسلمان کی کسی عورت کی خوبصورتی پر نگاہ پڑتی ہے اور وہ غضِ بصر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے ایسی عبادت کی توفیق دیتا ہے جس کی حلاوت وہ محسوس کرتا ہے۔ (مسند احمد مسند باقی الانصار باب حدیث أبی أمامۃ الباھلی الصدی بن عجلان)

تو دیکھیں نظریں اس لئے نیچی کرنا کہ شیطان اس پر کہیں قبضہ نہ کر لے، اس وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کو نیکیوں کی توفیق دیتا ہے اور عبادات کی توفیق دیتا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ:

"اسلام نے جو یہ حکم دیا ہے کہ مرد عورت سے اور عورت مرد سے پردہ کرے اس سے غرض یہ ہے کہ نفسِ انسانی پھسلنے اور ٹھوکر کھانے کی حد سے بچا رہے۔ کیونکہ ابتداء میں اس کی یہی حالت ہوتی ہے کہ وہ بدیوں کی طرف جھکا پڑتا ہے اور ذرا سی تحریک ہو تو بدی پر ایسے گرتا ہے جیسے کئی دنوں کا بھوکا آدمی کسی لذیذ کھانے پر۔ یہ انسان کا فرض ہے کہ اس کی اصلاح کرے۔۔۔ یہ ہے سرّ اسلامی پردہ کا اور میں نے خصوصیت سے اسے ان مسلمانوں کے لیے بیان کیا ہے جن کو اسلام کے احکام اور حقیقت کی خبر نہیں"۔ (البدر جلد 3 نمبر 34 مؤرخہ 8 ستمبر 1904ء صفحہ 6-7۔ بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد سوم صفحہ 443)

پھر فرماتے ہیں:۔

"ایماندار عورتوں کو کہہ دے کہ وہ بھی اپنی آنکھوں کو نامحرم مردوں کے دیکھنے سے بچائیں اور اپنے کانوں کو بھی نامحرموں سے بچائیں یعنی ان کی پُرشہوت آوازیں نہ سنیں اور اپنے ستر کی جگہ کو پردہ میں رکھیں اور اپنی زینت کے اعضاء کو کسی غیر محرم پر نہ کھولیں اور اپنی اوڑھنی کو اس طرح سر پر لیں کہ گریبان سے ہو کر سر پر آ جائے یعنی گریبان اور دونوں کان اور سر اور کنپٹیاں سب چادر کے پردہ میں رہیں اور اپنے پیروں کو زمین پر ناچنے والوں کی طرح نہ ماریں۔ یہ وہ تدبیر ہے کہ جس سے پابندی ٹھوکر سے بچا سکتی ہے۔" (جلسہ اعظم مذاہب صفحہ :101.100۔ بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد سوم صفحہ 444)

پھر فرمایا:

مومن کو نہیں چاہیے کہ دریدہ دہن بنے یا بے محابا اپنی آنکھ کو ہر طرف اٹھائے پھرے، بلکہ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِھِمْ (النور:31) پر عمل کر کے نظر کو نیچی رکھنا چاہیے اور بدنظری کے اسباب سے بچنا چاہیے۔" (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 533 از نوٹ بک مولوی شیر علی صاحب)

اب یہ جو غضِ بصر کا حکم ہے، پردے کا حکم ہے اور توبہ کرنے کا بھی حکم ہے، یہ سب احکام ہمارے فائدہ کے لیے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنا پیار، اپنا قرب عطا فرمائے گا کہ اس کے احکامات پر عمل کیا۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اس معاشرے میں، اس دنیا میں جہاں تم رہ رہے ہو، ان نیکیوں کی وجہ سے تمہاری پاکدامنی بھی ثابت ہو رہی ہوگی اور کوئی انگلی تم پر اشارہ کرتے ہوئے نہیں اٹھے گی کہ دیکھو یہ عورت یا مرد اخلاقی بے راہ روی کا شکار ہے، ان سے بچ کر رہو۔ اور یہ کہتے پھریں لوگ کہ خود بھی بچو اور اپنے بچوں کو بھی ان سے بچاؤ۔ نہیں بلکہ ہر جگہ اس نیکی کی وجہ سے ہمیں عزت کا مقام ملے گا۔ دیکھیں ہرقل بادشاہ نے ابوسفیان سے آنحضرت ﷺ کی تعلیم کے بارہ میں پوچھا کہ کیا ان کی تعلیم ہے اور کیا ان کے عمل ہیں۔ تو باوجود دشمنی کے ابوسفیان نے اور بہت ساری باتوں کے علاوہ یہی جواب دیا کہ وہ پاکدامنی کی تعلیم دیتے ہیں۔ تو ہرقل نے اس کو جواب دیا کہ یہی ایک نبی کی صفت ہے۔

پھر محمد بن سیرینؒ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے درج ذیل اُمور کی وصیت کی پھر ایک لمبی روایت بیان کی جس میں سے ایک وصیت یہ

ہے۔ کہ عفت (یعنی پاکدامنی) اور سچائی، زنا اور کذب بیانی کے مقابلہ میں بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔

(سنن دار قطنی، کتاب الوصایا، باب مایستحب باوصیۃ من التشہد والکلام)

تو پاکدامنی ایسی چیز ہے جو ہمیشہ رہنے والی ہے اور جس میں ہو اس کا طرّہ امتیاز ہو گی اور ہمیشہ ہر انگلی اس پر اس کی نیکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اٹھے گی۔

سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

''ایمانداروں کو جو مرد ہیں کہہ دے کہ آنکھوں کو نامحرم عورتوں کے دیکھنے سے بچائے رکھیں اور ایسی عورتوں کو کھلے طور سے نہ دیکھیں جو شہوت کا محل ہو سکتی ہیں''۔(اب اس میں ایسی عورتیں بھی ہیں جو پردہ میں نہیں ہوتیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ جو عورت پردے میں نہیں اس کو دیکھنے کی اجازت ہے بلکہ ان کو بھی دیکھنے سے بچیں)۔''اور ایسے موقعوں پر خوابیدہ نگاہ کی عادت پکڑیں اور اپنے ستر کی جگہ کو جس طرح ممکن ہو بچاویں۔ ایسا ہی کانوں کو نامحرموں سے بچاویں یعنی بیگانہ عورتوں کے گانے بجانے اور خوش الحانی کی آوازیں نہ سنے، ان کے حسن کے قصے نہ سنے۔ یہ طریق پاک نظر اور پاک دل رہنے کے لیے عمدہ طریق ہے۔'' (رپورٹ جلسہ اعظم مذاہب صفحہ 100۔ بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد سوم صفحہ 440)

اب تو گانے وغیرہ سے بڑھ کر بیہودہ فلموں تک نوبت آ گئی ہے۔ اس بارے میں عورتوں اور مردوں دونوں کو یکساں احتیاط کی ضرورت ہے، دونوں کو احتیاط کرنی چاہیے۔ دکانیں کھلی ہوئی ہیں، جا کے وڈیو کیسٹ لے آئیں یا سی ڈیز لے آئیں، اور پھر انتہائی بیہودہ اور لچر قسم کی فلمیں اور ڈرامے ان میں ہوتے ہیں۔ جماعتی نظام کو بھی اور ذیلی تنظیموں کو بھی اس بارہ میں نظر رکھنی چاہیے اور اس کے نتائج سے لوگوں کو، بچوں کو آگاہ کرتے رہنا چاہیے، سمجھانا چاہیے۔ کیونکہ اس کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ یہ چیزیں بالآخر غلط راستوں پر لے جاتی ہیں۔

سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

خدائے تعالیٰ نے خلق احصان یعنی عفت کے حاصل کرنے کے لیے صرف اعلیٰ تعلیم ہی نہیں فرمائی بلکہ انسان کو پاک دامن رہنے کے لیے پانچ علاج بھی بتلا دیئے ہیں۔ یعنی یہ کہ اپنی آنکھوں کو نامحرم پر نظر ڈالنے سے بچانا، کانوں کو نامحرموں کی آواز سننے سے بچانا، نامحرموں کے قصے نہ سننا، اور ایسی تمام تقریبوں سے جن میں اس بدفعل کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو اپنے تئیں بچانا۔ اگر نکاح نہ ہو تو روزہ رکھنا وغیرہ۔

اس جگہ ہم بڑے دعویٰ کے ساتھ کہتے ہیں کہ یہ اعلیٰ تعلیم ان سب تدبیروں کے ساتھ جو قرآن شریف نے بیان فرمائی ہیں صرف اسلام ہی سے خاص ہے اور اس جگہ ایک نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے اور وہ یہ ہے کہ چونکہ انسان کی وہ طبعی حال جو شہوات کا منبع ہے جس سے انسان بغیر کسی کامل تغیر کے الگ نہیں ہو سکتا یہی ہے کہ اس کے جذبات شہوت محل اور موقع پا کر جوش مارنے سے رہ نہیں سکے۔ یا یوں کہو کہ سخت خطرہ میں پڑ جاتے ہیں۔ اس لیے خدائے تعالیٰ نے ہمیں یہ تعلیم نہیں دی کہ ہم نامحرم عورتوں کو بلاتکلف دیکھ تو لیا کریں اور ان کی تمام زینتوں پر نظر ڈال لیں۔ اور ان کے تمام انداز ناچنا وغیرہ مشاہدہ کر لیں لیکن پاک نظر سے دیکھیں اور نہ یہ تعلیم ہمیں دی ہے کہ ہم ان بیگانہ جوان عورتوں کا گانا بجانا سن لیں اور ان کے حسن کے قصے بھی سنا کریں لیکن پاک خیال سے سنیں بلکہ ہمیں تاکید ہے کہ ہم نامحرم عورتوں کو اور ان کی زینت کی جگہ کو ہرگز نہ دیکھیں۔ نہ پاک نظر سے اور نہ ناپاک نظر سے، اور ان کی خوش الحانی کی آوازیں اور ان کے حسن کے قصے نہ سنیں۔ نہ پاک خیال سے اور نہ ناپاک خیال سے۔ بلکہ ہمیں چاہیے کہ ان کے سننے اور دیکھنے سے نفرت رکھیں جیسا کہ مردار سے، تا ٹھوکر نہ کھاویں۔ کیونکہ ضرور ہے کہ بے قیدی کی نظروں سے کسی وقت ٹھوکریں پیش آویں۔ سو چونکہ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہماری آنکھیں اور دل اور ہمارے خطرات سب پاک رہیں اس لیے اس نے یہ اعلیٰ درجہ کی تعلیم فرمائی۔ اس میں کیا شک ہے کہ بے قیدی ٹھوکر کا موجب ہو جاتی ہے۔'' (اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 343-344)

پھر فرمایا:

خدا تعالیٰ نے چاہا کہ انسانی قویٰ کو پوشیدہ کارروائیوں کا موقع بھی نہ ملے اور ایسی کوئی بھی تکلیف پیش نہ آئے جس سے بدخطرات جنبش کر سکیں۔

پھر آپ علیہ السلام عورتوں کے لیے پردے کے بارہ میں فرماتے ہیں:

''شرعی پردہ یہ ہے کہ چادر کو حلقہ کے طور پر کر کے اپنے سر کے بالوں کو کچھ حصہ پیشانی اور زنخدان کے ساتھ بالکل ڈھانک لیں اور ہر ایک زینت کا مقام ڈھانک لیں۔ مثلاً منہ پر اردگرد اس طرح پر چادر ہو کہ صرف آنکھیں اور ناک تھوڑا سا ننگا ہو اور باقی اس پر چادر آ جائے۔ اس قسم کے پردہ کو انگلستان کی عورتیں آسانی سے برداشت کر سکتی ہیں اور اس طرح پر سیر کرنے میں کچھ حرج نہیں آنکھیں کھلی رہتی ہیں۔''

(ریویو آف ریلیجنز جلد 4 نمبر 1 صفحہ 17۔ ماہ جنوری 1905ء۔ بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد سوم صفحہ 446)

تو آج کل جو برقعے کا رواج ہے، کوٹ کا اور نقاب کا، اگر وہ صحیح طور پر ہو، ساتھ چپکا ہوا برقعہ یا کوٹ نہ ہو تو بڑا اچھا پردہ ہے۔ اس سے ہاتھ بھی کھلے رہتے ہیں، آنکھیں بھی کھلی رہتی ہیں، سانس بھی آتا رہتا ہے۔

پھر سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ:۔

''وہ جس کی زندگی ناپاکی اور گندے گناہوں سے ملوث ہے وہ ہمیشہ خوف زدہ رہتا ہے اور مقابلہ نہیں کر سکتا۔ ایک صادق انسان کی طرح دلیری اور جرأت سے اپنی صداقت کا اظہار نہیں کر سکتا اور اپنی پاک دامنی کا ثبوت نہیں دے سکتا۔ دنیوی معاملات میں ہی غور کر کے دیکھ لو کہ کون ہے جس کو ذرا سی بھی خدا نے خوش حیثیتی عطا کی ہو اور اس کے حاسد نہ ہوں۔ ہر خوش حیثیت کے حاسد ضرور ہو جاتے ہیں اور ساتھ ہی لگے رہتے ہیں۔ یہی حال دینی امور کا ہے۔ شیطان بھی اصلاح کا دشمن ہے۔ پس انسان کو چاہیے کہ اپنا حساب صاف رکھے اور خدا سے معاملہ درست رکھے۔ خدا کو راضی کرے پھر کسی سے خوف نہ کھائے اور نہ کسی کی پروا کرے۔ ایسے معاملات سے پرہیز کرے جن سے خود ہی مورد عذاب ہو جاوے مگر یہ سب کچھ بھی تائید غیبی اور توفیق الٰہی کے سوا نہیں ہو سکتا۔ صرف انسانی کوشش کچھ بنا نہیں سکتی جب تک خدا کا فضل شامل حال نہ ہو۔ **خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا** (النساء:29) انسان ناتواں ہے۔ غلطیوں سے پر ہے۔ مشکلات چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں۔ پس دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نیکی کی توفیق عطا کرے اور تائیدات غیبی اور فضل کے فیضان کا وارث بنا دے''۔ (ملفوظات جلد پنجم صفحہ 543 الحکم 6/ مئی 1908ء)

اللہ تعالیٰ ہمیں اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(خطبات مسرور جلد دوم صفحہ 83 تا 102)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

جو لوگ دین کے لیے سچا جوش رکھتے ہیں۔ ان کی عمر بڑھائی جاوے گی اور حدیثوں میں جو آیا ہے کہ مسیح موعود کے وقت عمریں بڑھا دی جاویں گی۔ اس کے معنی یہی مجھے سمجھائے گئے ہیں کہ جو لوگ خادم دین ہوں گے ان کی عمریں بڑھائی جاویں گی۔ جو خادم نہیں ہو سکتا وہ بڑھے بیل کی مانند ہے۔ کہ مالک جب چاہے اسے ذبح کر ڈالے۔ اور جو سچے دل سے خادم ہے وہ خدا کا عزیز ٹھہرتا ہے اور اس کی جان لینے میں خدا تعالیٰ کو تردّد ہوتا ہے۔ اس لیے فرمایا۔ **وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْکُثُ فِی الْاَرْضِ**۔ (الحکم جلد 6 نمبر 31 صفحہ 5-8 پرچہ 31 اگست 1902ء)

الٰہی تحریکات

تحریکِ جدید اور وقفِ جدید

شمائلہ ظہیر مجلس ستونز

تحریک جدید:

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بابرکت دور میں کئی تحریکات کا آغاز فرمایا جن میں سے ایک تحریک جدید بھی ہے۔ 1934ء کا سال جماعت کے لیے انتہائی نازک تھا ہر طرف سے جماعت پر حملے ہو رہے تھے۔ دشمن پوری طاقت اور زور کے ساتھ حملے کے منصوبے بنا رہا تھا اور اپنے زعم میں جماعت کو نیست و نابود کرنے کو تیار کھڑا تھا۔ ایسے خطرناک حالات میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس تحریک کا آغاز فرمایا اور نصرت الٰہی سے کشتی نوح کو طوفان سے نکال کر امن میں لے آئے۔ آپ نے دنیا میں مشنری بھیجنے اور تبلیغ کا جامع منصوبہ بنایا۔ آج خدا تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے ہر ملک میں جماعت احمدیہ کو جانا جاتا ہے اور 209 ممالک میں جماعت قائم ہو چکی ہے۔

گزشتہ سال (16-2015) میں عالمگیر جماعت احمدیہ کو تحریک جدید میں ایک کروڑ 9 لاکھ 33 ہزار پاؤنڈ سٹرلنگ کی قربانی کی توفیق ملی ہے۔ الحمد للہ

(الفضل انٹرنیشنل 02 تا 08 دسمبر 2016ء)

تحریک جدید کے متعلق حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

”تحریک جدید کیا ہے؟ وہ خدا تعالیٰ کے سامنے عقیدت کی یہ نیاز پیش کرنے لیے ہے کہ وصیت کے ذریعہ تُو جس نظام کو دنیا میں قائم کرنا چاہتا ہے۔ اس کے آنے میں ابھی دیر ہے۔ اس لیے ہم تیرے حضور اس نظام کا ایک چھوٹا سا نقشہ تحریک جدید کے ذریعہ پیش کرتے ہیں۔“ (نظام نو۔ ص ,111)

یہ خالصتہً ایک الٰہی تحریک ہے جو مشیّت ایزدی سے جاری کی گئی۔ جیسا کہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

”۔۔۔ یہ مت خیال کرو کہ تحریک جدید میری طرف سے ہے۔ نہیں بلکہ اس کا ایک ایک لفظ میں قرآن کریم سے ثابت کر سکتا ہوں اور ایک ایک حکم رسول کریم ﷺ کے ارشادات میں دکھا سکتا ہوں۔۔۔۔ پس یہ مت خیال کرو جو میں نے کہا ہے وہ میری طرف سے ہے بلکہ یہ اس نے کہا ہے جس کے ہاتھ میں تمھاری جان ہے۔ میں اگر مر بھی جاؤں تو وہ دوسرے سے یہی کہلوائے گا اور اس کے مرنے کے بعد کسی اور سے۔ بہر حال چھوڑے گا نہیں جب تک تم سے اس کی پابندی نہ کرا لے۔“ (خطبہ جمعہ فرمودہ 13 دسمبر 1935)

”۔۔۔ میں نے کہا ہے کہ میں نے تحریک جدید جاری کی مگر یہ درست نہیں۔ میرے ذہن میں یہ تحریک بالکل نہیں تھی۔ اچانک میرے دل پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تحریک نازل ہوئی۔ پس بغیر اس کے کہ میں کسی قسم کی غلط بیانی کا ارتکاب کروں میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ تحریک جدید جو خدا نے جاری کی۔ میرے ذہن میں پہلے یہ تحریک نہ تھی، میں بالکل خالی الذہن تھا اچانک اللہ تعالیٰ نے یہ سکیم میرے دل پر نازل کی اور میں نے اسے جماعت کے سامنے پیش کر دیا پس یہ میری تحریک نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی نازل کردہ تحریک ہے۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ 27 نومبر 1942)

ایک اور موقع پر حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا:

”۔۔۔ یہ اسی کا کام ہے اور اسی کی رضا کے لیے میں نے یہ اعلان کیا ہے۔ زبان گو میری ہے مگر بلاوا اسی کا ہے۔ پس مبارک ہے وہ، جو خدا تعالیٰ کی طرف سے بلاوا سمجھ کر ہمت اور دلیری کے ساتھ آگے بڑھتا ہے اور خدا تعالیٰ رحم کرے اس پر، جس کا دل بزدلی کی وجہ سے پیچھے ہٹتا ہے۔“

(خطبہ جمعہ فرمودہ 24 نومبر 1944)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر جب اس تحریک کا آغاز فرمایا تو اس کے بعد جیسے جیسے اللہ تعالیٰ آپ کی راہنمائی

فرماتا رہا۔آپ جماعت کواس عظیم الشان تحریک کے اغراض ومقاصد سے روشناس کرواتے رہے۔آپ نے بے شمار مواقع پر بار بار مختلف پیرایوں میں جماعت سے اس تحریک کی اہمیت ،ضرورت اور برکات کا ذکر فرمایا اوران کو اس میں شامل ہونے کی تلقین فرمائی۔

تحریک جدید کے عظیم الشان نتائج کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا: ''۔۔۔تم اگر تحریک جدید پر عمل شروع کردو تو آج یا کل یا پرسوں نہیں جب خدا تعالیٰ کی مرضی ہوگی تمہاری قوم کو ضرور بادشاہت مل جائے گی۔'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 04 دسمبر 1936)

تحریک جدید کے دائمی ہونے کے متعلق حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

''پس یہ تحریک ہے تو دائمی اور نہ صرف دائمی بلکہ ہمارے ایمان اور اخلاص کا تقاضا ہے کہ یہ تحریک ہمیشہ جاری رہے گی۔'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 23 جنوری 1953)

ایک اور موقع پر حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا:

''تحریک جدید ہمیشہ کے لئے قائم رہنے والا ادارہ ہے۔جب تک قوم زندہ رہے گی یہ ادارہ قوم کے ساتھ وابستہ رہے گا۔اور جب افراد میں زندگی مستقل ہو جائے گی یعنی جماعت کے کچھ افراد مردہ ہو جائیں گے اور کچھ زندہ رہیں گے تو یہ ادارہ زندہ افراد کے ساتھ وابستہ ہو جائے گا۔''

(خطبہ جمعہ فرمودہ 05 دسمبر 1952)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تحریک کے مستقبل کے بارہ میں فرمایا:

''۔۔۔یاد رکھو کہ یہ تحریک خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اس لیے وہ اسے ضرور ترقی دے گا اور اس کی راہ میں جو روکیں ہوں گی ان کو بھی دور کر دے گا اور اگر زمین سے اس کے سامان پیدا نہ ہوں گے تو آسمان سے خدا تعالیٰ اس کو برکت دے گا۔'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 24 نومبر 1939)

تحریک جدید تبلیغ احمدیت کے لئے ایک بنیاد کے طور پر ہے۔اس لیے ہمیں چاہیے کہ خود بھی تحریک جدید پر عمل پیرا ہوں اور دوسروں سے بھی اس پر عمل کرائیں۔اور تحریک جدید میں صرف حصہ لینے والے نہ ہوں بلکہ اس نام کے پیچھے جو روح کام کر رہی ہے اس کو زندہ رکھنے والے ہوں اور اس کے مطابق عمل کرنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس تحریک کے تمام مطالبات پر عمل کرنے اور اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

وقف جدید:

وقف جدید سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد مبارک کی آخری یادگار،الہامی تحریک اور آپ کے کارہائے نمایاں میں سے ایک عظیم الشان کارنامہ ہے جو رہتی دنیا تک قائم رہے گا۔اس کی ابتداء 1957ء میں ہوئی۔اس تحریک کے مقاصد میں دیہاتی جماعتوں کی تعلیم وتربیت کے پروگرام کے علاوہ ایسے افراد جو بت پرستی میں مبتلا ہیں ان کو توحید کا پیغام پہنچانا بھی شامل ہے۔ابتدائی طور پر اس تحریک میں حصہ لینا پاکستان تک محدود تھا،بعد ازاں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے **اس تحریک کو عالمگیر حیثیت** عطا فرمادی۔

وقف جدید حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تحریکات میں سے سب سے **آخری تحریک** ہے لیکن چونکہ الٰہی منشاء کے مطابق جاری ہوئی تھی اس لیے اس سے متعلق آپ کو بہت سی مبشر رؤیا بھی دکھائی گئیں اور جو ولولہ آپ کے دل میں پیدا کیا گیا اس کا یہ حال تھا کہ آپ نے ایک موقع پر فرمایا کہ ''یہ کام خدا تعالیٰ کا ہے اور ضرور پورا ہو کر رہے گا۔میرے دل میں چونکہ خدا تعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہے اس لیے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں،کپڑے بیچنے پڑیں میں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا۔اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے۔خدا تعالیٰ ان لوگوں کو الگ کر دے گا جو میرا ساتھ نہیں دے رہے اور میری مدد کے لیے فرشتے آسمان سے اتارے گا۔'' (خطبہ جمعہ 5 جنوری 1958)

تو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ وقف جدید کو جو خدا تعالیٰ نے بعد میں برکتیں عطا فرمائیں وہ اس بات کی مظہر ہیں کہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کے دل میں یہ تحریک الٰہی ولولہ ہی تھا جو ساری جماعت کے دلوں میں منتقل ہونا شروع ہوا یہاں تک کہ یہ تحریک اب خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت مستحکم ہو چکی ہے۔

وقف جدید کے لیے تائید الٰہی کی ہواؤں کا ذکر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے 2 جنوری 1998ء کے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا:

''آج تک ایک بھی ضرورت ایسی میرے سامنے نہیں آئی جو ضرورت حقہ ہو، اچانک سامنے پیدا ہو جائے اور اس کی تائید میں الٰہی ہوا نہ چلی ہو۔ ہمیشہ بغیر تحریک کے، کثرت کے ساتھ عین ضرورت کے وقت اللہ تعالیٰ ضرورت پوری کرنے کے سامان پیدا کر دیتا ہے۔ پس آپ محفوظ ہاتھوں میں ہیں بلکہ آپ کے دل کی سچائی پر یہ باتیں گواہ ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ سچے لوگوں سے ہے۔ جو خدا کی خاطر، نہ کہ دنیا کو دکھانے کے لیے، اس کی راہ میں اپنی طاقتیں اور اپنے اموال خرچ کرتے ہیں ان کے ساتھ یہ وعدہ ہے اور ہمارے ساتھ یہ وعدہ پورا ہو رہا ہے۔ تو سب سے خوشی کی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان خرچ کرنے والوں کے دلوں پر نظر رکھی اور ان کی نیکیوں اور ان کے خلوص کو قبول فرما لیا ہے اور یہ قبولیت کے نشان ہیں جو ہم دیکھ رہے ہیں۔ اللہ کرے کہ ہمیشہ اسی طرح یہ قبولیت کے نشان ہمارے حق میں ظاہر ہوتے رہیں۔

ایک اور موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے وقف جدید کی برکات اور عظیم احسانات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:

''وقف جدید کے معاملے میں جو اللہ تعالیٰ نے برکتیں ڈالی ہیں وہ حیرت انگیز ہیں اور جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے یہ باوجود اس کے کہ ایک زائد تیسرے درجے کی تحریک تھی جس سے بہت بالا اور مضبوط مالی نظام انجمن کے باقاعدہ مستقل چندوں کی صورت میں قائم تھا وصیت کا نظام تھا، چندہ عام کا نظام تھا اور پھر تحریک جدید کو غیر معمولی اہمیت تھی اور تحریک جدید کی برکت سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا میں بہت خدمت اسلام ہوئی ہے۔ تو تیسرے درجے کی تحریک جس کا آغاز میں تعلق محض پاکستان اور بنگال کے دیہات سے تھا لیکن دیکھیں اللہ تعالیٰ برکتیں کتنی ڈالتا ہے۔ وقف جدید کے سلسلہ میں خدا تعالیٰ نے وہ عظیم احسانات فرمائے ہیں کہ رُوح خدا کے حضور ایسے سجدے کرتی ہے کہ سجدے سے سر اُٹھانے کو جی نہ چاہے سوائے اس کے کہ مجبوریاں دوسرے کاموں میں لے جائیں مگر ایک اللہ کا شکر ایسا ہے کہ اس میں ساری رُوح ہمیشہ سجدہ ریز رہے تو اس کے نشہ سے باہر نہیں آسکتی۔ یہ اللہ کی عجیب شان ہے کہ وقف جدید کی وصولیاں اس کے وعدوں سے بڑھ رہی ہیں۔ ''سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا'' قربانی کرنے والا دم جو ہے وہ سینہ سے باہر نکلتا ہے گویا اُچھل اُچھل کے باہر آ رہا ہے۔''

(خطبہ جمعہ 6 جنوری 1995ء)

7 اکتوبر 1966ء سے دفتر اطفال وقف جدید کا آغاز ہوا۔ جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے احمدی بچوں سے اپیل فرمائی کہ وہ اس آسمانی اور بابرکت تحریک میں پورے جوش وخروش سے حصہ لیں۔ چنانچہ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر احمدی بچوں نے گرمجوشی سے لبیک کہا اور وقف جدید کی مالی قربانیوں میں پورے اخلاص وفدائیت سے حصہ لینا شروع کر دیا۔

وقف جدید کے مقاصد کی تکمیل کے لیے واقف زندگی معلمین کی ضرورت ہے وہاں مالی قربانی کی بھی بے انتہا ضرورت ہے۔ اور اس کے لیے وقف جدید کے تحت چندہ وقف جدید بالغان، چندہ دفتر اطفال، قیام مراکز اور نگر پارکر جیسی مدات ہیں جن میں مخلصین بچے، بوڑھے، جوان، خواتین اپنی استطاعت کے مطابق بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور یہ سلسلہ الحمدللہ بڑھتا چلا جا رہا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے موجودہ زمانے میں بڑھتی ہوئی ضروریات اور تقاضوں کے پیش نظر تحریک وقف جدید کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''اب زمانہ ہے کہ ہر گاؤں میں، ہر قصبہ میں اور ہر شہر میں اور وہاں کی ہر مسجد میں ہمارا مربی اور معلم ہونا چاہیے۔ اب اس کے لیے بہرحال جماعت کو مالی قربانیاں کرنی پڑیں گی۔ تبھی ہم مہیا کر سکتے ہیں۔ پھر جماعت کے افراد کو اپنی قربانیاں کرنی پڑیں گی۔ اپنے بچوں کی قربانیاں کرنی پڑیں گی کہ ان کو اس کام کے لیے پیش کریں، وقف کریں۔ اور یہ سب ایسے ہونے چاہئیں کہ وہ تقویٰ کے اعلیٰ معیار پر بھی قائم ہوں، ہم نے صرف آدمی نہیں بٹھانے بلکہ تقویٰ پر قائم آدمیوں کی ضرورت ہے۔'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 6 جنوری 2006ء)

وقف جدید میں گزشتہ سال (2016ء) عالمگیر جماعت احمدیہ کے افراد کو 80 لاکھ 20 ہزار پاؤنڈ کی قربانی پیش کرنے کی توفیق ملی۔ الحمدللہ (خطبہ جمعہ 06 جنوری 2017ء)

خدا کرے کہ ہم ان الٰہی تحریکات اپنی استطاعت کے مطابق حصہ لیتے ہوئے ان کے افضال و برکات سے حصہ پانے والے ہوں۔ آمین ثم آمین

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چالیس شبانہ روز دُعاؤں کا ثمر

شرابِ محبت پلا ساقیا
وہی جام گردش میں لا ساقیا

اٹھارہ کے اوپر چھیاسی تھے سال
کہ گویا ہوا یوں شہہِ ذوالجلال

مبارک ہو تجھ کو اے فخرِ رُسل
کہ ملتا ہے تیری دعاؤں کا پھل

سُن اے ابن مریم سخن دلپذیر
کہ بیٹا میں دوں گا تجھے بےنظیر

مبارک ہو فتح و ظفر کی کلید
ہے تیرے لیے یہ خوشی کی نوید

مبارک ہو تجھ کو غلامِ ذکی
جو ہو گا یقیناً تری نسل ہی

وہ ہو گا بہت ہی ذہین و فہیم
وہ کلمۂ تمجید ، دل کا حلیم

علوم اس میں ہیں ظاہری باطنی
وہ دنیا میں پھیلائے گا روشنی

زمانے میں شہرت وہ پاجائے گا
وہ آپ اپنی عظمت کو منوائے گا

نواسی میں آخر بفضلِ خدا
یہ موعود بچہ تولّد ہوا

لگا جلد بڑھنے وہ ماہِ مُبیں
جوسب پیشگوئیاں تھیں پوری ہوئیں

ہوئی جب مسیحِ خدا کی وفات
تو نظروں میں اندھیر تھی کائنات

یکایک کرن اک ہویدا ہوئی
چمک سی نگاہوں میں پیدا ہوئی

اُٹھا عزم سے اک کمسن جواں
وہ ہمت ، شجاعت کا کوہِ گراں

قسم ہے مجھے اے مقدس وجود
نہ بیٹھوں گا میں بخدائے ودود

خلافت کی جب اس نے پہنی قبا
تو سارا زمانہ مخالف ہوا

اسی آستانہ پہ وہ جھک گیا
وہ راتوں کو اُٹھ اُٹھ کے رویا کِیا

لگا رات دن کام کرنے وہ ماہ
کہ تھی اس کے دل میں محمدﷺ کی چاہ

یہ لجنہ، یہ تحریک و وقفِ جدید
یہ اسکول و کالج قدیم و جدید

یہ خدام و اطفال، یہ ناصرات
اسی کا ہے مرہون ان کا ثبات

یہ ہیں اس کی ہی محنتوں کے ثمر
جو پودا لگایا ہوا بارور

محبت خدا سے ، محمدﷺ سے تھی
رہِ دیں میں ہی زندگی کٹ گئی

سدا خدمتِ دین کرتا رہا
عمل کی وہ تلقین کرتا رہا

تھا انیس سو اور پینسٹھ کا سال
ہوا جب کہ اس شیر دل کا وصال

دعا ہے رہے اپنا حامی خدا
ہیں راضی کہ جس میں ہو اس کی رضا

(از ہے دراز دستِ دُعا مرا صفحہ:49-57)

پیشگوئی مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شرف کلام اللہ

طیبہ رضوان مجلس کلوفنتہ

پیشگوئی مصلح موعود میں اللہ تعالیٰ نے اس موعود لڑکے کی ایک خصوصیت یہ بھی بتائی تھی کہ ''وہ علوم ظاہری اور باطنی سے پر کیا جائے گا'' اور اس کے ذریعے دین حق کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہوگا۔ہم سب جانتے ہیں کہ وہ موعود بیٹا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد 1889ء میں پیدا ہوئے، 1914ء میں جماعت کے دوسرے خلیفہ منتخب ہوئے اور 1944ء میں خدا تعالیٰ سے علم پا کر اور اسے گواہ ٹھہرا کر اپنے آپ کو اس پیشگوئی کا مصداق اور مصلح موعود قرار دیا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جو مختلف علوم کھولے ان کی تفصیل بہت طویل ہے ذیل میں حضرت مصلح موعود کے علم قرآن کے بارے میں دو باتیں مختصراً بیان کروں گی۔

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد کی صحت بچپن سے ہی خراب رہتی تھی اور تعلیم کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکتے تھے۔اس لیے آپ سکول میں تعلیمی لحاظ سے بہت کمزور سمجھے جاتے تھے۔

حضرت مصلح موعود اپنی صحت اور تعلیمی حالت کے بارے میں خود فرماتے ہیں:

''آنکھوں میں ککرے، جگر میں خرابی، عظم طحال کی شکایت، اور پھر اس کے ساتھ بخار کا شروع ہو جانا جو چھ چھ مہینے تک نہ اُترتا اور میری پڑھائی کے بارے میں بزرگوں کا یہ فیصلہ کر دینا کہ یہ جتنا پڑھ لے اس پر زیادہ زور نہ دیا جائے ان حالات میں ہر شخص اندازہ لگا سکتا ہے کہ میری تعلیمی قابلیت کا کیا حال ہوگا۔'' (انوار العلوم جلد 17 صفحہ 567)

حضورؓ مزید فرماتے ہیں:

''دنیوی لحاظ سے میں پرائمری فیل ہوں مگر چونکہ گھر کا مدرسہ تھا اس لیے اوپر کی کلاسوں میں مجھے ترقی دے دی جاتی تھی۔ پھر مڈل میں فیل ہوا مگر گھر کا مدرسہ ہونے کی وجہ سے پھر مجھے ترقی دے دی گئی آخر میٹرک کے امتحان کا وقت آیا و میری ساری پڑھائی کی حقیقت کھل گئی اور میں صرف عربی اور اردو میں پاس ہوا اور اس کے بعد پڑھائی چھوڑ دی گویا میری تعلیم کچھ بھی نہیں۔'' (تفسیر سورۃ کوثر تفسیر کبیر جلد 10 صفحہ 357)

تو یہ تو تھی آپ کی دنیاوی تعلیم، اس کے پیچھے بھی دراصل ایک حکمت تھی کیونکہ خدا تعالیٰ کو خود آپ کا معلم بننا تھا۔اور آپ کی تعلیم میں انسانی ہاتھ کا دخل نہیں تھا۔ چنانچہ خدا تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعے آپ کو قرآنی علوم سکھائے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعے قرآن کریم کی عظمت اور شان کو قائم فرمایا۔ مسلمانوں میں قرآن مجید کے بارے میں ناسخ و منسوخ کا ایک غلط عقیدہ راہ پا چکا تھا۔ ناسخ و منسوخ سے مراد یہ ہے کہ قرآن مجید کی بعض آیات نے قرآن مجید کی بعض دوسری آیات کو منسوخ کر دیا ہے۔ یعنی وہ آیات قرآن مجید میں موجود تو ہیں مگر ان کا حکم منسوخ مانا جاتا ہے اور ان پر عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔ بعض پرانے علماء اور مفسرین نے پانچ سو تک آیات منسوخ قرار دی تھیں اور آج بھی اس عقیدے کے ماننے والے موجود ہیں اگرچہ ان میں سے بعض نے منسوخ آیات کی تعداد کم کر دی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام جن کو خدا تعالیٰ نے اس زمانہ میں حکم اور عدل بنا کر بھیجا تھا اس عقیدے کی اُصولی طور پر تردید کی اور بتایا کہ قرآن مجید کا ایک لفظ یا شوشہ بھی منسوخ نہیں ہے پھر آپ کے بعد آپ کے موعود بیٹے نے پیشگوئی کے مطابق کلام اللہ کا شرف قائم کرتے ہوئے نہ صرف اس عقیدے کا رڈ کیا بلکہ منسوخ سمجھی جانے والی آیات کی قابل فہم تفسیر سے ان کا معقول حل پیش فرمایا۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

''حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے آ کر بتایا کہ شروع سے لے کر آخر تک سارا قرآن قابل عمل ہے۔ **بسم اللّٰہ** کی ' باء ' سے لے کر **والنّاس** کی ' س ' تک قرآن کریم قائم اور قیامت تک کے لئے قابل عمل ہے۔ آپ کے یہ الفاظ مجھے خوب یاد ہیں کہ جب کوئی انسان اس بات کا قائل ہوگا کہ قرآن کریم کے اندر ایسی آیات بھی موجود ہیں جو منسوخ ہیں تو اسے کیا ضرورت پڑی ہے کہ وہ قرآن کریم پر غور کرے اور سوچے اور اس کے احکام پر عمل کرنے کی کوشش کرے۔ وہ تو کہے گا کہ جب اس میں ایسی آیات بھی ہیں جو منسوخ ہیں تو میں ان پر غور کر کے اپنا وقت کیوں ضائع کروں۔ ممکن ہے میں جس آیت پر غور کروں مجھے بعد میں معلوم ہو کہ وہ منسوخ ہے۔ لیکن جو شخص یہ کہے گا کہ یہ کلام تمام کا تمام غیر منسوخ ہے اور اس کا ہر شوشہ تک قابل عمل ہے وہ اس کے سمجھنے کی بھی کوشش کرے گا۔ اور اس طرح قرآن اس کی معرفت کی ترقی کا موجب بن جائے گا۔'' (تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ:97)

قرآن میں نسخ کے ثبوت میں سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 107 پیش کر کے اس کا ترجمہ یہ کیا جاتا ہے کہ ہم کوئی آیت منسوخ کریں یا بھلا دیں تو اس سے بہتر یا اس جیسی آیت لے کر آتے ہیں۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی یہ وضاحت فرمائی کہ یہاں آیت سے مراد قرآنی آیت نہیں بلکہ نشان مراد ہے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

''اس سے یہ مراد نہیں کہ ہم قرآن کی کسی آیت کو منسوخ کر دیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جب ہم کسی نشان کو ٹلا دیتے ہیں تو اس سے بہتر نشان لے آتے ہیں یا کم سے کم ویسا ہی نشان اور ظاہر کرتے ہیں تا کہ دنیا کے لیے ہدایت کا موجب بنے۔''

''مفسرین نے اس کے یہ معنے کیے ہیں کہ جب قرآن کی کوئی آیت منسوخ کی جائے تو ویسی ہی آیت اور آجاتی ہے لیکن اگر کتاب ہی کی آیت مراد لینی ہو تو اس آیت کے یہ معنے لینے چاہئیں کہ اگر ہم تورات اور انجیل میں سے کسی حصہ کو منسوخ کریں تو قرآن کریم میں یا تو ویسی ہی تعلیم نازل کر دیں گے یا اس سے بہتر نازل کریں گے۔ قرآن کریم کی کوئی آیت منسوخ نہیں نہ قیامت تک ہوگی''۔ (تفسیر صغیر صفحہ 24 حاشیہ نمبر 2)

قائلین نسخ سورۃ النحل کی آیت 102 کو بھی نسخ کی تائید میں پیش کرتے ہیں۔ جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے'' کہ جب ہم کسی آیت کی جگہ دوسری آیت بدلتے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے جسے وہ نازل کرتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ تو مفتری ہے''۔

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے سیّدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا خوب فرماتے ہیں:

''تاریخ سے کوئی ایک آیت بھی ثابت نہیں ہوتی جسے بدل کر اس کی جگہ دوسری آیت رکھی گئی ہو۔ اگر ایسا ہوتا تو قرآن کے سینکڑوں حافظ جنہوں نے رسول کریم ﷺ کی زندگی میں قرآن کریم کو حفظ کر لیا تھا اس اَمر کی شہادت دیتے کہ پہلے ہمیں فلاں آیت کے بعد فلاں آیت یاد کروائی گئی تھی۔ لیکن اس کے بعد اسے بدل کر فلاں آیت یاد کروائی گئی۔ اس قسم کی شہادت کا نہ ملنا بتاتا ہے کہ اس بارہ میں جس قدر خیالات رائج ہیں ان کی بنیاد محض ظنّیات پر ہے نہ کہ علم پر۔ میں اس کا منکر نہیں کہ بعض احکام زمانہ نبوی ﷺ میں بدلے گئے ہیں۔ مگر مجھے قرآن کریم کے کسی حکم کی نسبت ثبوت نہیں ملتا کہ پہلے اور طرح ہو اور بعد میں بدل دیا گیا ہو۔ میرے نزدیک جو احکام وقتی ہوتے تھے وہ غیر قرآنی وحی میں نازل ہوتے تھے۔ قرآن کریم میں اترتے ہی نہ تھے۔ اس لیے قرآن کریم کو بدلنے کی ضرورت ہی نہ ہوتی تھی۔'' (تفسیر کبیر جلد چہارم صفحہ 273)

اللہ تعالیٰ نے آپ کو سورۃ الفاتحہ کی تفسیر ایک رؤیا کے ذریعہ سکھائی اور اس کے بعد ہمیشہ آپ پر سورۃ فاتحہ کے نئے نئے مضامین کھولے جاتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سورۃ الفاتحہ سے قبولیت دُعا کے سات اُصول سکھائے۔ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے علم قرآن سکھائے جانے کی عمدہ مثال ہے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

''سورۃ فاتحہ کی تفسیر لکھتے وقت میرے دل میں خیال گزرا کہ اس موقع پر بھی اللہ تعالیٰ کوئی نئے مطالب اس سورۃ کے کھولے تو فوراً اللہ تعالیٰ کی

طرف سے ان سات اُصول کا انکشاف ہوا جو دعا کے متعلق اس سورۃ میں بیان ہیں۔ **فالحمد لله علیٰ ذلك**''

ان سات اُصول کا حضورؓ کے الفاظ میں ذکر درج ہے۔

''اول بسم اللہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ جس مقصد کے لیے دُعا کی جائے وہ نیک ہو یہ نہیں کہ چور چوری کے لیے اللہ تعالیٰ سے دُعا کرے تو وہ بھی قبول کر لی جائے گی۔ خدا کا نام لے کر اور اس کی استعانت طلب کر کے جو دُعا کی جائے گی لازماً ایسے ہی کام کے متعلق ہوگی جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات بندہ کے ساتھ شریک ہوسکتی ہو۔ بہت لوگوں کو دیکھا ہے لوگوں کی تباہی اور بربادی کی دُعائیں کرتے ہیں۔۔۔ اسی طرح ناجائز مطالب کے لیے دُعائیں کرتے ہیں اور پھر شکایت کرتے ہیں کہ دُعا قبول نہیں ہوئی۔

دوسرا اصل **الحمد للہ ربّ العالمین** میں بتایا ہے کہ دعا ایسی ہو کہ اس کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کے دوسرے بندوں کا بلکہ سب دنیا کا فائدہ ہو یا کم سے کم ان کا نقصان نہ ہو اور اس کے قبول کرنے سے اللہ تعالیٰ کی حمد ثابت ہوتی ہو۔ اور اس پر کسی قسم کا الزام نہ آتا ہو۔

تیسرے یہ کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو جنبش دی گئی ہو اور اس دعا کے قبول کرنے سے اللہ تعالیٰ کی صفت رحمانیت ظاہر ہوتی ہو۔

چوتھے یہ کہ اس دعا کا تعلق اللہ تعالیٰ کی صفت رحیمیت سے بھی ہو یعنی وہ نیکی کی ایسی بنیاد ڈالتی ہو جس کا اثر دنیا پر ایک لمبے عرصے تک رہے اور جسکی وجہ سے نیک اور شریف لوگ متواتر فوائد حاصل کریں یا کم سے کم ان کے راستے میں کوئی روک نہ پیدا ہوتی ہو۔

پانچویں یہ کہ دعا میں اللہ تعالیٰ کی صفت مالک یوم الدین بھی رکھا گیا ہو یعنی دعا کرتے وقت ان ظاہری ذرائع کو نظر انداز نہ کیا گیا ہو جو صحیح نتائج پیدا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے تجویز کیے ہیں کیوں کہ وہ سامان بھی اللہ تعالیٰ نے ہی بنائے ہیں اور اس کے بتائے ہوئے طریق کو چھوڑ کر اس سے مدد مانگنا ایک غیر معقول بات ہے۔ گویا جہاں تک اسباب ظاہری کا تعلق ہے بشرطیکہ وہ موجود ہوں یا ان کا مہیا کرنا دُعا کرنے والے کے لیے ممکن ہو ان کا استعمال بھی دعا کے وقت ضروری ہے۔ ہاں اگر وہ موجود نہ ہوں تو پھر **مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ** کی صفت اسباب سے بالا ہو کر ظاہر ہوتی ہے۔ ایک اشارہ اس آیت میں یہ بھی کیا گیا ہے کہ دُعا کرنے والا دوسروں سے بخشش کا معاملہ کرتا ہو اور اپنے حقوق کے طلب کرنے میں سختی سے کام نہ لیتا ہو۔

چھٹا اصل یہ بتایا ہے کہ ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ سے کامل تعلق ہو اور اس سے کامل اخلاص حاصل ہو اور وہ شرک اور مشرکانہ خیالات سے کلّی طور پر پاک ہو۔

ساتویں بات یہ بتائی ہے کہ وہ خدا کا ہی ہو چکا ہو اور اس کا کامل توکل اسے حاصل ہو اور غیر اللہ سے اس کی نظر بالکل ہٹ جائے اور وہ اس مقام پر پہنچ جائے کہ خواہ کچھ ہو جائے اور کوئی بھی تکلیف ہو۔ مانگوں گا تو خدا تعالیٰ سے ہی مانگوں گا۔''

''یہ سات اُمور وہ ہیں کہ جب انسان ان پر قائم ہو جائے تو وہ لعبدی ما سال کا مصداق ہو جاتا ہے۔ اور حق بات یہ ہے کہ اس قسم کی دعا کا کامل نمونہ رسول کریم ﷺ یا آپ ﷺ کے کامل اتباع نے ہی دکھایا ہے اور انہیں کے ذریعہ سے دعاؤں کی قبولیت کے ایسے نشان دنیا نے دیکھے ہیں جن سے اندھوں کو آنکھیں اور بہروں کو کان اور گونگوں کو زبان عطا ہوئی ہے مگر اتباع رسول کا مقام بھی کسی کے لیے بند نہیں جو چاہے اس مقام کو حاصل کرنے کے لیے کوشش کر سکتا ہے اور اس مقام کو حاصل کر سکتا ہے۔'' (تفسیر سورۃ فاتحہ صفحہ 6,5)

آپ کی ساری زندگی خدمت قرآن میں صرف ہوئی۔ اور آپ کی یہ دلی تڑپ تھی کہ قرآن مجید کے علوم دنیا پر روشن ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں آپ کی اس خواہش کے مطابق قرآن مجید کو پڑھنے اس پر غور کرنے اور سیکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور آپ پر ہزاروں ہزار رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

قرآنِ پاک ہاتھ میں ہو دل میں نور ہو مل جائے مومنوں کی فراست خدا کرے

اِک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ ملّت کے اس فدائی پہ رحمت خدا کرے

(از کلامِ محمود صفحہ 253)

مناجات اور تبلیغ حق

(انتخاب از منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام)

اک زمانہ تھا کہ میرا نام بھی مستور تھا
قادیاں بھی تھی نہاں ایسی کہ گویا زیرِ غار
کوئی بھی واقف نہ تھا مجھ سے نہ میرا معتقد
لیکن اب دیکھو کہ چرچا کس قدر ہے ہر کنار
اس زمانہ میں خُدا نے دی تھی شہرت کی خبر
جو کہ اب پوری ہوئی بعد از مُرورِ روزگار
کھول کر دیکھو بَراہیں جو کہ ہے میری کتاب
اس میں ہے یہ پیشگوئی پڑھ لو اس کو ایک بار
اب ذرا سوچو کہ کیا یہ آدمی کا کام ہے
اس قدر امرِ نہاں پر کس بشر کو اقتدار
سوچ لو اے سوچنے والو کہ اب بھی وقت ہے
راہِ حرماں چھوڑ دو رحمت کے ہو اُمّید وار
سوچ لو یہ ہاتھ کس کا تھا کہ میرے ساتھ تھا
کس کے فرماں سے میں مقصد پا گیا اور تم ہو خوار
یہ بھی کچھ ایماں ہے یارو ہم کو سمجھائے کوئی
جس کا ہر میداں میں پھل حرماں ہے اور ذِلّت کی مار
جان و دل سے ہم نثارِ ملّتِ اسلام ہیں
لیک دیں وہ رہ نہیں جس پر چلیں اہلِ نقار
ہر طرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج
جس کی فطرت نیک ہے وہ آئے گا انجام کار

(از دُرِّثمین صفحہ 135)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے (الہامات، پیشگوئیاں اور رؤیا وکشوف)

صدیقہ وسیم فرید کستاد

خدا تعالیٰ اپنے بندوں سے پیار کرتا ہے تو انہیں ایسے ایسے راز بتاتا ہے جو دنیا میں کسی اور کو معلوم نہیں ہوتے۔ وہ اپنے بندوں کو بعد میں آنے والے زمانے کی خبریں بتاتا ہے جس کے پتہ کرنے کی انسان کو ہرگز طاقت نہیں دی گئی۔ مثلاً یہ کہ کوئی بیمار شفا پا جائے گا یا فوت ہو جائے گا، مقدمہ میں آپ جیت جائیں گے یا آپ کا مخالف، زلزلے کب اور کہاں آئیں گے اور یہ کہ کون سی بیماری کب اور کہاں پھیلنے والی ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو بھی خدا تعالیٰ نے کثرت کے ساتھ غیب کی خبریں دیں۔ آپ نے بہت سی پیشگوئیاں فرمائیں اور بہت سے الہامات بھی آپ کو ہوئے جن میں سے بہت سے آپ کی زندگی میں پورے ہوئے، بہت سے آپ کی وفات کے بعد پورے ہوئے۔ اور باقی انشاءاللہ اپنے وقت پر پورے ہو کر رہیں گے۔ ان میں سے چند کا ذکر جو پورے ہو چکے ہیں۔

1۔ سب سے پہلا الہام 1865ء کا ہے جبکہ آپ کو کوئی نہ جانتا تھا مگر خدا نے آپ کو چن لیا تھا اور اس کو یہ بھی معلوم تھا کہ آپ علیہ السلام کے دعویٰ کے ساتھ ہی لوگ آپ علیہ السلام کی موت کی تمنّا کریں گے تا یہ نتیجہ نکال سکیں کہ جھوٹا تھا تبھی مر گیا اس لیے خدا تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو مخاطب کر کے فرمایا: **" تیری عمر اسی برس کی ہوگی یا دو چار کم یا چند سال زیادہ اور تو اس قدر عمر پائے گا کہ ایک دُور کی نسل کو دیکھ لے گا"**

(اربعین نمبر 3 صفحہ 29-30 وضمیمہ تحفہ گولڑویہ صفحہ 19 طبع اوّل روحانی خزائن جلد نمبر 17 صفحہ 66)

اب اگر ہم آپ علیہ السلام کی تاریخِ وفات اور تاریخ پیدائش دونوں کو دیکھیں تو اس الہام کی سچائی ثابت ہو جاتی ہے۔ آپ 13 فروری 1835ء کو پیدا ہوئے اور 26 مئی 1908ء کو وفات پائی اس طرح آپ کی کل عمر 73 سال بنتی ہے۔

دُور کی نسل دیکھنے سے مراد یہ ہے کہ آپ علیہ السلام کی نسل ترقی کرے گی۔ نہ صرف جسمانی نسل بلکہ روحانی نسل بھی اور آج ہم سب اس بات کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کر رہے ہیں کہ جماعت احمدیہ روز بروز ترقی کر رہی ہے۔

2۔ 1868-69ء کا واقعہ ہے کہ ایک شخص حضور کو مولوی محمد حسین بٹالوی کے ساتھ بحث کی غرض سے لے گیا یہ مولوی صاحب اہل حدیث فرقہ سے تعلق رکھتے تھے اور ان دنوں اس فرقہ کی سخت مخالفت ہو رہی تھی جو شخص آپ کو لے کر گیا تھا اس کا مقصد یہ تھا کہ آپ علیہ السلام مولوی صاحب کے عقائد کو غلط ہونا ثابت کریں لیکن جب آپ علیہ السلام نے مولوی صاحب سے ان کا عقیدہ دریافت کیا اور اس عقیدہ کو اسلام کے مطابق پایا تو آپ علیہ السلام نے بحث کرنے یا مقابلہ کرنے کی بجائے بھرے مجمع میں کہہ دیا کہ یہ عقیدہ تو دُرست ہے میں اس پر بحث نہیں کر سکتا جو لوگ آپ کو لے کر گئے تھے اُنھوں نے بہت برا منایا اور کہا کہ آپ نے ہمیں ذلیل کر دیا۔ مگر آپ علیہ السلام نے فرمایا میں نے جو کچھ کیا ہے خدا کی خاطر کیا ہے مجھے لوگوں کی مخالفت کی کوئی پرواہ نہیں۔

اس واقعہ پر خدا تعالیٰ نے خوشنودی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔

آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ " پھر بعد اس کے عالم کشف میں وہ بادشاہ دکھلائے گئے جو گھوڑوں پر سوار تھے۔ چونکہ خالصاً خدا اور اس کے رسول کے لیے انکسار اور تذلّل اختیار کیا گیا اس لیے اس محسن مطلق نے نہ چاہا کہ اس کو بغیر اَجر کے چھوڑے۔"

(براہین احمدیہ حصہ چہارم صفحہ 521,520 حاشیہ در حاشیہ نمبر 3، روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 622,621)

یہ الہام پہلی دفعہ اس وقت پورا ہوا جب مغربی افریقہ کے ملک گیمبیا کے گورنر جنرل سر ایف۔ ایم سنگھاٹے جو 1963ء میں احمدی ہوئے تھے خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ سے حصولِ برکت کی خاطر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کپڑے کی درخواست کی۔ اور دوسری دفعہ خلیفۃ المسیح الرابع

رحمہ اللہ تعالیٰ کے دَور میں جب یکم اگست 1987ء کو نائجیریا کے دو بادشاہوں کو کپڑا تبرک کے طور پر دیا گیا۔ جیسا کہ اس الہام سے ظاہر ہو رہا ہے کہ افریقہ کے علاوہ دوسرے ملکوں مثلاً عرب، فارس، شام، روم کے بادشاہ بھی آپ علیہ السلام کے اس الہام کے مصداق ٹھہریں گے ہم نہیں تو ہماری آئندہ نسلیں ضرور انشاء اللہ یہ نظارہ دیکھیں گی۔

3۔ 1874ء کا واقعہ ہے آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ''میں نے خواب میں ایک فرشتہ ایک لڑکے کی صورت میں دیکھا جو ایک اُونچے چبوترے پر بیٹھا ہوا تھا اس کے ہاتھ میں ایک پاکیزہ نان تھا جو نہایت چمکیلا تھا۔ وہ نان اس نے مجھے دیا اور کہا کہ

''یہ تیرے لیے اور تیرے ساتھ کے درویشوں کے لیے ہے''

آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یہ اس زمانے کی خواب ہے جبکہ میں نہ کوئی شہرت اور نہ کوئی دعویٰ رکھتا تھا۔ اور نہ میرے ساتھ درویشوں کی کوئی جماعت تھی مگر اب میرے ساتھ بہت سی وہ جماعت ہے جنہوں نے خود دین کو دنیا پر مقدم رکھ کر اپنے تئیں درویش بنا دیا ہے۔ اور اپنے ہم وطنوں سے ہجرت کر کے اور اپنے قدیم دوستوں اور اقارب سے علیحدہ ہو کر ہمیشہ کے لیے میری ہمسائیگی میں آباد ہوئے ہیں۔

اور نان سے میں نے یہ تعبیر کی تھی کہ خدا ہمارا اور ہماری جماعت کا آپ متکفل ہوگا اور رزق کی پریشانی ہم کو پراگندہ نہیں کرے گی۔

چنانچہ سالہائے دراز سے ایسا ہی ظہور میں آرہا ہے۔ (نزولِ مسیح صفحہ 207.206 روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 585)

اور آج بھی اگر دیکھا جائے تو جماعتی انتظام کے تحت ہر ضرورت مند کی ضرورت پوری ہو رہی ہے۔ اور ان کی ضرورتوں کو پورا کرنے کا سامان خدا خود غیب سے فرماتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے مسیح محمدی کے ماننے والوں کو رزق کی فراوانی سے مالا مال کیا ہے یہی خدا کا حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے اور اس کے ماننے والوں کے لیے وعدہ تھا جو ہم اپنی آنکھوں سے پورا ہوتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔

4۔ جون 1876ء کو آپ کو الہام ہوا : **وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ**

'' یعنی قسم ہے آسمان کی جو قضاو قدر کا مبدء ہے اور قسم ہے اس حادثہ کی جو آج آفتاب کے غروب کے بعد نازل ہوگا ''

آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ مجھے سمجھایا گیا کہ یہ الہام بطور اعزا پرسی اسی خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اور حادثہ یہ ہے کہ آج ہی تمہارا والد آفتاب کے غروب کے بعد فوت ہو جائے گا ---اور میرے والد صاحب اسی دن بعد غروبِ آفتاب فوت ہو گئے۔

(کتاب البریہ صفحہ 162,159 حاشیہ۔ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 195,192)

آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ''جب مجھے حضرت والد صاحب مرحوم کی وفات کی نسبت اللہ جلّ شانہٗ کی طرف سے یہ الہام ہوا جو مَیں نے ابھی ذکر کیا ہے تو بشریت کی وجہ سے مجھے خیال آیا کہ بعض وجوہ آمدن حضرت والد صاحب کی زندگی سے وابستہ ہیں پھر نہ معلوم کیا کیا ابتلاء ہمیں پیش آئیں۔ تب اسی وقت دوسرا الہام ہوا:۔

5۔ **اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ** ''یعنی کیا خدا اپنے بندے کو کافی نہیں ہے''

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''اور اس الہام نے عجیب سکینت اور اطمینان بخشا اور فولادی میخ کی طرح میرے دل میں دھنس گیا۔ پس مجھے اُس خدائے عزّ وجلّ کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اس نے اپنے اس مبشرانہ الہام کو ایسے طور سے سچّا کر کے دکھلایا کہ میرے خیال اور گمان میں بھی نہ تھا۔ میرا وہ ایسا متکفّل ہوا کہ کبھی کسی کا باپ ہرگز ایسا متکفّل نہیں ہوگا۔'' (کتاب البریہ صفحہ 161۔162 حاشیہ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 194۔195)

یہ الہام پھر حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کندہ کروا کر انگوٹھی میں لگوایا اور آپ کی وفات کے بعد قرعہ اندازی کے ذریعہ سے یہ انگوٹھی حضرت

مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصہ میں آئی اور خلیفہ بننے کے بعد آپ نے اس انگوٹھی کو خلافت کے لیے وقف کر دیا یعنی کہ میری وفات کے بعد جو بھی خلیفہ بنے یہ انگوٹھی اس کو پہنائی جائے اس اتباع میں احمدی مرد و زن بھی **اَلَیْسَ اللّٰہ** والی انگوٹھی پہنتے ہیں۔اس وقت یہ انگوٹھی حضرت خلیفۃ المسیح الخامس اید ہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

6۔ 1882ء کو الہام ہوا **وَوَسِّعْ مَکَانَکَ** ''یعنی اپنے مکان کو وسیع کر''

آپ علیہ السلام اس کی وضاحت ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ اس پیشگوئی میں صاف فرما دیا کہ '' وہ دن آتا ہے کہ ملاقات کرنے والوں کا بہت ہجوم ہو جائے گا یہاں تک کہ ہر ایک کا تجھ سے ملنا مشکل ہو جائے گا پس تو اس وقت ملال ظاہر نہ کرنا اور لوگوں کی ملاقات سے تھک نہ جانا آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یہ پیشگوئی اس وقت بتلائی گئی جب میری مجلس میں شائد 2-3 آدمی آتے ہوں گے وہ بھی کبھی کبھی۔

(سراج منیر صفحہ 64,63 روحانی خزائن جلد 12 صفحہ 73)

وَوَسِّعْ مَکَانَکَ میں جہاں جماعت کی ترقی کی بشارت ہے وہاں مسیح موعود علیہ السلام اور ان کے ماننے والوں کو نصیحت بھی ہے کہ آنے والوں کی مہمان نوازی سے تھکیں نہ۔ بلکہ خوش دلی سے ان کی خدمت کریں۔ جہاں تک مرکزِ احمدیت قادیان پھر ربوہ اور اب لندن کا تعلق ہے ان سب جگہوں کو چھوٹا ہوتے ہم سب نے دیکھا ہے۔ جماعتِ احمدیت میں شامل ہونے والوں کی تعداد روز بروز بڑھتی چلی جا رہی ہے۔اس الہام کو روز ہم اپنی آنکھوں سے پورا ہوتے ہوئے دیکھتے ہیں۔

7۔ 18 دسمبر 1894ء **''داغِ ہجرت''** یعنی اے خدا کے مسیح تجھے یا تیری جماعت کو ایک دن ہجرت کا داغ دیکھنا ہوگا۔

(تشحیذ الاذہان جون و جولائی 1908ء)

چودہ اگست 1947ء کو پاکستان بنتے وقت جب احمدیوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ پاکستان ہجرت کی تو پہلی دفعہ یہ الہام پورا ہوا اور دوسری دفعہ تب پورا ہوا جب 30 اپریل 1984ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان سے انگلستان ہجرت کی۔

8۔ **''میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا''** (الحکم جلد 2 نمبر 24 مورخہ 27 مارچ / 2 اپریل صفحہ 13 1898ء)

خدا تعالیٰ کا حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے وعدہ تھا کہ وہ آپ علیہ السلام کی تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچائے گا جغرافیائی حدود اگر دیکھی جائیں تو آج ہم جہاں رہ رہے ہیں ناروے تو یہ دنیا کا کنارا تصوّر کیا جاتا ہے یہاں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک مستحکم جماعت قائم ہے۔اور دوسرا کنارا ماریشیس تصوّر کیا جاتا ہے وہاں بھی الحمد للہ جماعتِ احمدیہ فعال کردار ادا کر رہی ہے۔اور سڈنی بھی دنیا کا کنارہ تصور کیا جاتا ہے۔اس الہام کی ایک زندہ مثال ایم۔ٹی۔اے کی صورت میں ہماری سامنے ہے۔کہ کس طرح آپ علیہ السلام کی تبلیغ ہوا کی لہروں پر سفر کرتے ہوئے دنیا کے کناروں تک پہنچ رہی ہے۔

9۔ 1880ء حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں سخت بیمار ہوا یہاں تک کہ تین مختلف وقتوں میں میرے وارثوں نے میرا آخری وقت سمجھ کر مسنون طریقہ پر تین مرتبہ سورۃ یٰسین سنائی جب تیسری مرتبہ سنائی گئی تو میں دیکھتا تھا کہ میرے بعض عزیز جواب دنیا سے گزر بھی گئے۔ دیواروں کے پیچھے بے اختیار روتے تھے اور مجھے ایک قسم کا سخت قولنج تھا اور بار بار دمبدم حاجت ہو کر خون آتا تھا۔سولہ دن برابر ایسی حالت رہی اور اسی بیماری میں میرے ساتھ ایک اور شخص بیمار تھا وہ آٹھویں دن راہی ملکِ بقا ہو گیا حالانکہ اس کے مرض کی شدت ایسی نہ تھی جیسی میری۔ جب بیماری کو سولھواں دن چڑھا تو اس دن بکلّی حالتِ یاس ظاہر ہو کر تیسری مرتبہ مجھے سورۃ یٰسین سنائی گئی اور تمام عزیزوں کے دل میں یہ پختہ یقین تھا کہ آج شام تک یہ قبر میں ہوگا تب ایسا ہوا کہ جس طرح خدا تعالیٰ نے مصائب سے نجات دی اور میرے دل میں خدا تعالیٰ نے یہ الہام کیا کہ دریا کے پانی میں جس

میں ریت بھی ہو ہاتھ ڈال اور یہ کلماتِ طیبہ پڑھ۔

سُبحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمدِ ہٖ سُبحَانَ ا للّٰہِ ا لعَظِیمِ ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍوَّ اٰلِ مُحَمَّدِ

اور اپنے سینہ، پشت اور دونوں ہاتھوں اور منہ پر اس کو پھیر کہ اس سے تو شفاء پائے گا چنانچہ جلدی سے دریا کا پانی مع ریت منگوایا گیا اور میں نے اسی طرح عمل کرنا شروع کیا جیسا کہ مجھے تعلیم دی گئی تھی اس وقت حالت یہ تھی کہ میرے ایک ایک بال سے آگ نکلتی تھی اور تمام بدن میں دردناک جلن تھی اور بے اختیار طبیعت اس طرف مائل تھی کہ اگر موت بھی ہو تو بہتر، تا اس حالت سے نجات ہو مگر جب وہ عمل شروع کیا تو مجھے اس خدا کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ ہر ایک دفعہ ان کلماتِ طیبہ کے پڑھنے اور پانی کو بدن پر پھیرنے سے میں محسوس کرتا تھا کہ وہ آگ اندر سے نکلتی جاتی ہے اور بجائے اس کے ٹھنڈک اور آرام پیدا ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ ابھی اس پیالہ کا پانی ختم نہ ہوا تھا کہ میں نے دیکھا کہ بیماری بکلّی مجھے چھوڑ گئی اور میں سولہ دن کے بعد رات کو تندرستی کے خواب سے سویا۔ (تریاق القلوب صفحہ 38,37۔ روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 209,208)

فلاسفی پانچ اوقات نماز

بلقیس اختر مجلس تھوئین

اسلام وہ مذہب ہے جس کو دوسرے تمام مذاہب پر اس بات کی بھی فوقیت حاصل ہے کہ ہر کام کرنے کی نہ صرف حکمت بتائی ہے بلکہ پوری تفصیل سے بتائی ہے۔ اگر ہم صرف نماز پر ہی غور کریں تو جہاں اسے ادا کرنیکی طرف پوری راہنمائی کی گئی ہے وہاں اس کے اوقات مقرر کیے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''**اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا** ۔ یقیناً نماز مومنوں پر ایک وقتِ مقررّہ کی پابندی کے ساتھ فرض ہے۔'' (سورۃ النساء آیت 104) اوران اوقات میں نماز ادا کرنے کی حکمتیں بھی بتائی ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

پہلی حکمت:

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

یادرہے کہ عرب کے جنگلی لوگ شراب کو جانتے بھی نہیں تھے کہ کس بلا کا نام ہے مگر جب عیسائی حضرات وہاں پہنچے اورانہوں نے بعض نو مریدوں کو بھی تحفہ دیا تب تو یہ خراب عادت دیکھا دیکھی عام طور پر پھیل گئی اور نماز کے پانچ وقتوں کی طرح شراب کے پانچ وقت مقرر ہو گئے یعنی:

-1 جاشریہ جو صبح قبل طلوع آفتاب کی شراب ہے

.2- صبوح جو بعد طلوع کے شراب پی جاتی تھی۔

3۔ غبوق جو ظہر اور عصر کی شراب کا نام ہے۔

-4 قیل جو دوپہر کی شراب کا نام ہے۔

-5 فحم جورات کی شراب کا نام ہے۔

اسلام نے ظہور فرما کر یہ تبدیلی کی جوان پانچ وقتوں کے شرابوں کی جگہ پانچ نمازیں مقرر کر دیں۔ اور ہر ایک بدی کی جگہ نیکی رکھ دی اور مخلوق پرستی کی جگہ خدا تعالیٰ کا نام سکھا دیا۔ (روحانی خزائن جلد 9 نور القرآن صفحہ 352)

نماز کے اوقات میں پابندی بھی ضروری ہے اوران اوقات کو خدا نے قرآن کریم میں سورۃ بنی اسرائیل آیت 79 میں فرمایا ہے:

''**اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوۡکِ الشَّمۡسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیۡلِ وَقُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ ؕ اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ کَانَ مَشۡهُوۡدًا** ''

ترجمہ: ''سورج کے ڈھلنے سے شروع ہو کر رات کے چھا جانے تک نماز کو قائم کر اور فجر کی تلاوت کو اہمیت دے۔ یقیناً فجر کو قرآن پڑھنا ایسا ہے کہ اُس کی گواہی دی جاتی ہے۔''

اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ''اس آیت میں پانچوں نمازوں کے اوقات بتائے گئے ہیں 'دلوک' کے تین معنی ہیں اور ہر ایک معنی کی رو سے ایک ایک نماز کا وقت مقرر کیا گیا۔

پہلے معنی **مالت وزالت عن بعد السماء** یعنی زوال کو دلوک کہتے ہیں۔ اس میں ظہر کی نماز آ گئی۔

دوسرے معنی **اصفّرت**۔ جب سورج زرد پڑ جائے تو اس کو بھی دلوک کہتے ہیں اس میں نماز عصر کا وقت بتا دیا گیا۔

تیسرے معنی **غربت** یعنی غروب شمس کے ہیں۔ اس میں نماز مغرب کا وقت بتایا گیا ہے۔

'غسق الیل' کے معنی ظلمۃ اول الیل کے ہیں یعنی رات کے ابتدائی حصہ کی تاریکی۔ اس میں عشاء کا وقت مقرر کیا گیا۔

'قرآن الفجر' کہہ کر صبح کی نماز کا ارشاد فرمایا۔ اس کے سوا کوئی اور تلاوت صبح کے وقت فرض نہیں ہے (تفسیر کبیر جلد 4 صفحہ 373)

کیسی عظیم حکمت ہے کہ زمانہ جاہلیت کی قبیح عادت کو خدا تعالیٰ کی حمد وثناء میں بدل دیا۔ دنیاوی شراب کے نشے میں دھت رہنے والے خدا کی محبت کے نشے میں مبتلا ہو گئے۔

دوسری حکمت:

نماز کی اصل غرض یہ ہے کہ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد حی وقیوم کا نام لیا جائے کیونکہ جس طرح گرمی کے موسم میں تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد انسان ایک ایک دو دو گھونٹ پانی پیتا رہتا ہے تاکہ گلا تر رہے اور اس کے جسم کو طراوت پہنچتی رہے اس طرح کفر اور بے ایمانی کی گرم بازاری میں انانی روح کو حلاوت اور تروتازگی پہنچانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد نماز مقرر کی ہے تاکہ گناہ کی گرمی اس کی رُوح کو جھلس نہ دے اور مسموم ماحول اس کی روحانی طاقتوں کو مضمحل نہ کر دے۔ خوشی ہو یا غمی ہر حالت میں انسان کو نماز کے ذریعہ خدا تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے کا موقع ملتا ہے جب دنیا کا نظر فریب حُسن اسے اپنی طرف کھینچتا ہے تو نماز کی مدد سے وہ خُدا کی طرف جھکتا ہے۔ نماز کے لیے وقت مقرر کرنے سے اجتماعیت کی روح کو زندہ رکھنے کا موقع ملتا ہے اس طرح لوگ باآسانی جمع ہو سکتے ہیں۔ نیز وقت کی تعیین کو خود انسان کی اپنی مرضی پر نہ چھوڑنے میں یہ حکمت ہے کہ تا انسان کو بروقت نماز ادا کی فکر رہے اور اس کا ذمہ داری کا احساس بیدار رہے اگر وقت کی تعیین خود انسان پر چھوڑ دی جاتی تو وقت کی پابندی کی اہمیت جاتی رہتی اور اس میں سستی ظاہر ہونے لگتی۔ (فقہ احمدیہ صفحہ:40)

تیسری حکمت:

آپس کے معاشرتی تعلقات کو مضبوط کرنے کے لیے نماز کی بڑی اہمیت ہے یہ جو مردوں کو مسجد میں نمازیں ادا کرنے کا حکم ہے اس کے بے شمار فائدوں میں ایک فائدہ کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ”اہل محلّہ کے روزانہ اجتماع کے لیے پانچ وقت کی نماز کو واجب کیا۔ رات کو سب لوگ اپنے گھروں میں سوتے رہے شبینہ واقعات میں اگر ہمدردی کی ضرورت ہے تو علی الصبح نماز فجر کی جماعت میں یہ امر حاصل ہے اب بازار کی آمدورفت شروع ہوئی۔ مختلف معاملات خارجہ پیش آئے تو دوپہر کے بعد جماعت کا وقت آ گیا عصر روزانہ اوقات کا اختتام ہے اور ابھی اہل تجارت وحرفہ غالب عمرانات میں گھر نہیں پہنچے۔ عین اس وقت کے معاملات پر اگر ہمدردی کی ضرورت ہے تو عصر کی جماعت کا عمدہ موقع ہے۔ شام کو گھر پہنچے وہاں کے نئے معاملات جو غیوبت میں ہوئے اگر باعث اجتماع ہیں تو جماعت نماز شام اس کے لیے موزوں ہے 9,10 بجے رات کو الگ الگ ہونے کا وقت آ گیا۔ مناسب ہے سب آپس میں الوداعی رخصت کر لیں اور یہی عشاء کا وقت ہے۔ (الفضل ربوہ سالانہ نمبر 31.12.2009 صفحہ 27)

اس کے علاوہ جمعہ کی نماز پھر عیدین کی نمازیں رکھ کر آپس میں ملاقات کے مواقع فراہم کیے۔

چوتھی حکمت:

سچی محبت ہمیشہ اپنے ساتھ بعض ظاہری علامات بھی رکھتی ہے اور محبت کی ایک بڑی علامت یہ ہے کہ انسان اٹھتے بیٹھتے اپنے محبوب کا ذکر کرتا ہے اور اس کی یاد اپنے دل میں تازہ رکھتا ہے جب کوئی شخص اپنے کسی عزیز کو یاد کر لیتا ہے تو اس کی محبت دل میں تازہ ہو جاتی ہے اور اس کی صورت آنکھوں کے سامنے آ جاتی ہے۔ نماز بھی اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کی ملاقات کا ایک ذریعہ ہے اس لئے اسلام نے یہ ضروری قرار دیا ہے کہ انسان تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد خدا تعالیٰ کا نام لے اور نماز کے لیے کھڑا ہو جائے۔ (فقہ احمدیہ صفحہ:41)

پانچویں حکمت:

نماز کے متعدد اوقات مقرر کرنے میں ایک حکمت یہ ہے کہ انسان پر جتنی بڑی ذمہ داری ہوتی ہے اتنی ہی شدت سے اس ذمہ داری کو ادا کرنے کی اُسے بار بار مشق کرائی جاتی ہے۔ تاکہ یہ اطمینان رہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندے اس کا حکم ماننے کے لیے پوری طرح مستعد اور تیار رہیں بعض

لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں مشاغل اس قدر بڑھ گئے ہیں کہ اتنا وقت نمازوں کے لیے نکالنا مشکل ہے۔اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ اگر نماز کی غرض محبت الٰہی کی آگ بھڑکا کر اللہ تعالیٰ کی صفات کو اپنے اندر پیدا کرنے کے لیے سہولت بہم پہنچانا اور اس کے لیے مشق کرنا ہے تو جس زمانہ میں مشاغل بڑھ جائیں اُس زمانہ میں نماز بار بار پڑھنے کی زیادہ اہمیت بڑھ جانی چاہیے کیونکہ ظاہر ہے کہ جس وقت مقصد کو بھلا دینے کے سامان زیادہ ہوں گے اس وقت مقصد کی طرف بار بار توجہ دلانے کی بھی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔پس اس زمانہ میں اگر دنیوی مشاغل بڑھ گئے ہیں تو نماز کی ضرورت بھی بڑھ گئی ہے پھر اگر نماز صرف اظہار عقیدہ کا ایک ذریعہ ہوتی تب تو یہ اعتراض کچھ وزن رکھتا مگر جیسا کہ سب جانتے ہیں کہ نماز کی غرض صرف اقرار عبودیت نہیں بلکہ اس کی غرض انسانی نفس میں وہ استعداد پیدا کرنا ہے جس کی مدد سے وہ مادی دنیا سے اُڑ کر روحانی عالم میں پہنچ سکے اور اس کا دماغ جسمانی خواہشات میں ہی اُلجھ کر نہ رہ جائے بلکہ اعلیٰ اخلاق کو حاصل کرے کیونکہ قرآن کریم کی تصریح کے مطابق نماز کی مدد سے انسان بدیوں اور بدکرداروں سے بچتا اور اعلیٰ اخلاق حاصل کرتا ہے اور اس طرح اس کا وجود بنی نوع انسان کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بن جاتا ہے اور ملک وملت کا وہ ایک زیادہ فائدہ بخش جزو بن جاتا ہے اور جو عمل اپنے اندر یہ خوبیاں رکھتا ہو مادی اشغال کی کثرت کے زمانہ میں اس کی ضرورت کم نہیں ہوتی بلکہ اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ (فقہ احمدیہ صفحہ:42-41)

یہ وہ چند حکمتیں ہیں جو اس مضمون میں بیان کی گئی ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں ان حکمتوں کو سمجھتے ہوئے صحیح معنوں میں نمازوں کو اپنے وقت پر ادا کرنے کی توفیق دے۔

آج دنیا طرح طرح کی مصیبتوں اور مسائل میں پھنسی ہوئی ہے ان مصیبتوں اور مسائل سے ہم کیسے بچ سکتے ہیں اس کے متعلق نصیحت کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:''خدا نے تمہارے فطرتی تغیرات میں پانچ حالتیں دیکھ کر پانچ نمازیں تمہارے لیے مقرر کیں۔اس سے تم سمجھ سکتے ہو کہ یہ نمازیں تمہارے نفس کے فائدہ کے لیے ہیں۔پس اگر تم چاہتے ہو کہ ان بلاؤں سے بچتے رہو۔تو پنجگانہ نمازوں کو ترک نہ کرو کہ وُہ تمہارے اندرونی اور رُوحانی تغیرات کا ظلّ ہیں۔نماز میں آنے والی بلاؤں کا علاج ہے۔تم نہیں جانتے کہ نیا دن چڑھنے والا کس قسم کے قضاوقدر تمہارے لیے لائے گا۔پس قبل اس کے جو دن چڑھے تم اپنے مولیٰ کی جناب میں تضرع کرو کہ تمہارے لیے خیر وبرکت کا دن چڑھے۔(کشتی نوح صفحہ:70)

ہمارے پیارے امام سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

جسمانی عبادت کی غرض کیا ہے؟ جسمانی عبادت کی غرض یہ ہے کہ روح اور جسم کے باہمی تعلقات کی وجہ سے روح میں حضرتِ احدیّت کی طرف حرکت پیدا ہو اور وہ روحانی قیام اور سجود میں مشغول ہو جائے اور وہ حالت پیدا ہو جائے جو انسان کو ظاہری طور پر خوشی اور غمی میں پیدا ہوتی ہے۔انسان روتا بھی ہے، ہنستا بھی ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق میں بھی اظہار ہونا چاہیے کیونکہ انسان ترقیات کے لیے مجاہدات کا محتاج ہے (ترقی کرنی ہے تو مجاہدہ کرنا پڑتا ہے محنت کرنا پڑتی ہے اور یہ بھی ایک قسم کا مجاہدہ ہے) اور یہ تو ظاہر ہے کہ جب دو چیزیں باہم پیوست ہوں (جڑی ہوئی ہوں) تو جب ہم ان میں سے ایک چیز کو اُٹھائیں گے تو اسے اُٹھانے سے دوسری چیز کو بھی جو اس سے ملحق ہے کچھ حرکت پیدا ہوگی لیکن صرف جسمانی قیام اور رکوع اور سجود میں کچھ فائدہ نہیں جب تک کہ اس میں یہ کوشش شامل نہ ہو کہ روح بھی اپنے طور پر قیام اور رکوع اور سجود سے کچھ حصہ لے اور یہ حصہ لینا معرفت پر موقوف اور معرفت فضل پر موقوف ہے۔آپ نے ایک جگہ اس کی وضاحت فرمائی کہ فضل جو ہے ملتا تو اللہ کے فضل سے ہے سب کچھ۔اس لیے فضل کو حاصل کرنے کے لیے بھی اللہ تعالیٰ کے آگے جھکو، اسی سے مانگو اور جب اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ معرفت ہو تو پھر ہی حقیقی نماز بھی ادا ہوتی ہے اور اس کے لیے مجاہدہ اور محنت کی ضرورت ہے (لگاتار کوشش کی ضرورت ہے) جب مجاہدہ ہوگا تب ہی مقصدِ پیدائش بھی حاصل ہوگا۔ (خطبہ جمعہ 3 فروری 2017ء)

صحت و غذا

جہاں تک کام چلتا ہو غذا سے — وہاں تک چاہیے بچنا دوا سے
اگر خوں کم بنے ، بلغم زیادہ — تو کھا گاجر، چنے، شلغم زیادہ
جگر کے بل پہ ہے انساں جیتا — اگر ضعف جگر ہے تو کھا پپیتا
جگر میں ہو اگر گرمی کا احساس — مربّہ آملہ کھا یا اناس
اگر ہوتی ہے معدہ میں گرانی — تو پی لے سونف یا ادرک کا پانی

تھکن سے ہوں اگر عضلات ڈھیلے — تو فوراً دودھ گرما گرم پی لے
جو دکھتا ہو گلا نزلے کے مارے — تو کر نمکین پانی کے غرارے
اگر ہو درد سے دانتوں کے بےکل — تو انگلی سے مسوڑوں پر نمک مل
جو طاقت میں کمی ہوتی ہو محسوس — تو مصری کی ڈلی ملتان کی چوس
شفا چاہے اگر کھانسی سے جلدی — تو پی لے دودھ میں تھوڑی سی ہلدی
اگر کانوں میں تکلیف ہووے — سرسوں کا تیل پھائے سے نچوڑے
اگر آنکھوں میں پڑ جاتے ہوں جالے — تو دکھنی مرچ گھی کے ساتھ کھالے
تپ دق سے اگر چاہے رہائی — بدل پانی کے گنّا چوس بھائی
دمہ میں یہ غذا بےشک ہے اچھی — کھٹائی چھوڑ کھا دریا کی مچھلی
اگر تجھ کو لگے جاڑے میں سردی — تو استعمال کر انڈے کی زردی

جو بدہضمی میں تُو چاہے افاقہ
تو دو اک وقت کا کر لے فاقہ

(یہ نظم آج سے پچاس سال قبل راندھیر (بھارت) کے ایک حکیم صاحب نے کہی تھی، جو شاعر بھی تھے)



خدا تعالیٰ کے قرب حاصل کرنے کا ذریعہ

عبادات، صدقات اور استغفار

خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مؤرخہ 24 فروری 2017ء بمقام مسجد بیت الفتوح، مورڈن میں سے چند اقتباس:

احمدیت کی تعلیم پیار و محبت اور امن کے سوا کچھ نہیں

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

آج کل جو دنیا کے حالات ہیں سب کے علم میں ہیں ہر جگہ فساد اور فتنہ برپا ہے۔اسلام مخالف قوتیں ان حالات کا ذمہ دار، جیسا کہ میں کئی دفعہ کہہ چکا ہوں مسلمانوں کو ٹھہراتی ہیں۔یہ بھی ٹھیک ہے کہ بعض مسلمان گروہ اور تنظیمیں اسلام کے نام پر مسلمان ممالک میں بھی اور غیر مسلم ممالک میں بھی ایسی حرکات کر رہی ہیں جو ظلم بربریت کے علاوہ کچھ نہیں اور اسلام کی تعلیم کا اس سے دور کا بھی واسطہ نہیں اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ایک منصوبہ بندی کے تحت مسلمانوں کے اندر یہ حالات پیدا کئے گئے ہیں اور کئے جا رہے ہیں۔اسلام کو نقصان عموماً خود غرض مسلمانوں اور منافقین نے ہی پہنچایا ہے۔جو اپنے مفادات کے لئے ایسی طاقتوں کا آلہ کار بنتے رہے ہیں۔بہر حال دنیا کے عمومی حالات خراب ہیں۔بعض مسلمانوں کے غلط عمل کی وجہ سے اسلام مخالف طاقتوں کو اسلام کو بدنام کرنے کا خوب موقع مل رہا ہے۔ظاہر ہے ہم احمدی مسلمان بھی اس وجہ سے اس کا نشانہ بنتے ہیں۔گو ہمیں جاننے والے جانتے ہیں کہ احمدیت کی تعلم اور عمل محبت، پیار اور بھائی چارے کے علاوہ کچھ نہیں۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 1

عبادات، دعا اور صدقہ ہمیں ابتلاؤں سے بچائیں گے

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

پاکستان میں تو ظالمانہ قانون کی وجہ سے مولویوں کو کھلی چھٹی ملی ہوئی ہے اور مولوی کے ڈر سے عدالتیں بھی انصاف نہ کرنے پر مجبور ہیں لیکن اب الجزائر میں بھی عدالتوں نے یہی رویے اپنا لیئے ہیں، کہ نام نہاد مولوی کے ڈر سے معصوم احمدیوں کو جیل میں غلط الزام لگا کر بھیجا جا رہا ہے اس وقت بھی وہاں کم از کم 16 احمدی احمدیت کی وجہ سے جیل کی سزا کاٹ رہے ہیں۔تو ایسے میں ایک احمدی کو کیا کرنا چاہیے۔ہمارے پاس نہ دنیاوی حکومت ہے، نہ ہی دنیاوی دولت، اور تیل کا پیسہ ہاں ایک چیز ہے جس کی طرف دنیا کے ہر احمدی کو بہت زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے اور وہ ہے، عبادات، صدقات اور استغفار کے ذریعے خدا کا قرب حاصل کرنا۔یہی چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے رحم کو جوش میں لاتی ہیں اور انسان اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہے۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 2

صدقہ، دعا اور استغفار کیا ہے؟

فرمایا: آپؑ نے فرمایا: صدقہ صدق سے لیا گیا ہے جب کوئی شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں صدقہ دیتا ہے تو معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ سے صدق رکھتا ہے سچائی کا تعلق رکھتا ہے۔

فرمایا: کہ دعا کہ ساتھ قلب پر سوز و گداز اور رقت پیدا ہوتی ہے دعا وہ ہے جو دل میں سوز و رقت پیدا کرے دعا میں ایک قربانی ہے صدق اور دعا اگر یہ دو باتیں میسر آجائیں تو ایک چیز ہے ایک کامیاب علاج ہے دونوں باتیں میسر آجائیں پس استغفار بھی دعا ہی ہے اور جب انسان گناہوں سے اور اپنی کمزوریوں کو سامنے رکھتے ہوئے دعا کرتا ہے تو ایک رقت اور جوش پیدا ہوتا ہے اور ہونا چاہئے دل میں ایک درد پیدا ہونا چاہئے صرف منہ سے استغفر اللہ استغفر اللہ کہنے اور توجہ اللہ تعالیٰ کی بجائے کہیں اور رہنے سے مقصد پورا نہیں ہوتا پس اللہ تعالیٰ دعاؤں کو سنتا ہے اور صدقات کو جو بے چینی کی حالت میں اللہ تعالیٰ کا رحم حاصل کرنے کیلئے کیے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ انھیں دور کرتا ہے اور جب بندہ یہ عہد بھی کرتا ہے کہ آئندہ میں اپنی کمزوریوں سے بچنے کی بھرپور کوشش کروں گا اور جب بندہ اللہ تعالیٰ کا رحم جذب کرنے کی کوشش کرے تو پھر اللہ تعالیٰ نے آنحضرتؐ کے ذریعہ سے ہمیں یہ خوش خبری بھی دی ہے کہ دعاؤں اور صدقوں کو قبول کرنے کی مزید وضاحت فرمائی ہے اور کہ میرے بندوں کو بتادو کہ اگر میرا بندہ میری طرف ایک قدم چل کر آتا ہے تو میں دو قدم چل کر آتا ہوں اگر میرا بندہ تیز چل کر میری طرف آتا ہے تو میں دوڑ کر آتا ہوں پس اللہ تعالیٰ کے رحم کی کوئی انتہاء نہیں ہے۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 3

اللہ تعالیٰ کس طرح دعاؤں کو سنتا ہے

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

آنحضرت ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تو بڑا حیا والا ہے بڑا سخی ہے بڑا کریم ہے جب بندہ اس کے حضور اپنے ہاتھ بلند کرتا ہے تو وہ ان کو خالی ہاتھ اور ناکام واپس کرتے ہوئے شرماتا ہے ہاں یہ ہو سکتا ہے جس طرح بندہ نتائج مانگتا ہے یا نتائج کی خواہش رکھتا ہے ضروری نہیں کہ اسی طرح اور اسی وقت اس کے نتائج ظاہر ہو جائیں بعض دفعہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کے تحت کچھ عرصہ بعد اور کسی اور رنگ میں ان دعاؤں اور صدقات کہ نتائج ظاہر ہو رہے ہوتے ہیں کبھی اسی وقت فوری طور پر نتائج ظاہر ہو رہے ہوتے ہیں پس یہ کامل ایمان ہونا چاہئے کہ خدا تعالیٰ نے جو فرمایا کہ میں دعاؤں کو سنتا ہوں میں استغفار قبول کرتا ہوں میں صدقات قبول کرتا ہوں یعنی جب انسان اپنے گناہوں سے معافی مانگ رہا ہو اور آئندہ گناہوں اور کمزوریوں سے بچنے کا عہد بھی کر رہا ہو اور بھرپور کوشش بھی کر رہا ہو تو وہ اس کو قبول کرتا ہے اور ہر قسم کی پریشانیوں اور مشکلات سے نکالتا ہے ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں کا حال جانتا ہے اس لئے ہمارے دکھاوے کے عمل اس کے ہاں قبول نہیں ہوتے اور خالص ہو کر عمل کیے جائیں تو وہ جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بغیر نتیجے یا اجر کے نہیں چھوڑتا اللہ تعالیٰ کبھی۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 4

خدا تعالیٰ بہت مہربان کریم ذات ہے

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ تو اس قدر مہربان ہے کہ اپنے بندوں پر اسکی مہربانی کا یہ حال ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو لوگ اتنی کشائش نہ رکھتے ہوں کہ تو صدقہ دے سکیں تو معروف باتوں پر عمل کرنا اور بری باتوں سے رکنا ہی انکو صدقہ کا ثواب دے دے گا ان کی عبادتیں اور استغفار اور نیک عمل جو دوسروں کو فائدہ پہنچانے کیلئے ہیں وہ جہاں عبادتوں اور استغفار کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی ہاں مقبول ہونگی وہاں نیک عمل صدقات کا ثواب بھی حاصل کر رہے ہونگے ایک صاحب حیثیت شخص صدقات دے کر جو ثواب کما رہا ہوگا ایک غریب شخص اپنی نیک نیت کی وجہ سے بہ شرطیہ کے اپنے باقی احکامات پر عمل کر رہا ہے صدقات کا بھی برابر کا ثواب کما رہا ہوگا پس ایسے پیار کرنے والے خدا کا کس کس طرح ہمیں شکر ادا کرنا چاہئے نا صرف ہمیں اپنے کمزوریوں سے بچنے کے طریق سکھائے بلکہ یہ بھی فرما دیا کہ میں تمہارے ان عملوں کو جو تم کمزوریوں اور گناہوں سے بچنے کیلئے کرتے ہو قبول کرتے ہوئے تمہیں مشکلات سے بھی نجات دونگا پس مشکل حالات سے نکلنے کا صرف یہی ذریعہ ہے کہ ہم اپنی عبادتوں اور دعاؤں کو خالص کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے آگے جھکیں استغفار پر زور دیں صدقہ و خیرات کی طرف توجہ کریں جماعتی طور پر بھی اور انفرادی طور پر بھی۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 5

انسان کو دنیا میں کس کام کیلئے بھیجا گیا ہے؟

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

فرمایا: انسان بہت بڑے کام کے لئے بھیجا گیا ہے۔)اس کام کی تفصیل آپؑ نے یہ بیان فرمائی کہ انسان اپنی حالت میں پاک تبدیلی پیدا کرے یہ بہت بڑا کام ہے انسان کے لئے کہ اپنی حالتوں میں پاک تبدیلی پیدا کرے اور خدا تعالیٰ سے صلح کرے۔اس کو ناراض نہ کرے اور پتا کرے کہ کس غرض کے لئے دنیا میں آیا ہے۔یہ بھی علم ہونا چاہیے انسان کو کہ کس غرض کے لئے دنیا میں آیا ہے اور یہ غرض جیسا کہ ہم جانتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بیان بھی فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کر کے اس کا قرب حاصل کرنا ہے۔بہرحال پھر آپؑ فرماتے ہیں۔بہت بڑے کام کے لئے بھیجا گیا ہے لیکن جب وقت آتا ہے اور وہ اس کام کو پورا نہیں کرتا تو خدا پھر اس کا کام تمام کر دیتا ہے۔خادم کو ہی دیکھ لو کہ جب وہ ٹھیک کام نہیں کرتا تو آقا اس کو الگ کر دیتا ہے۔پھر خدا تعالیٰ اس وجود کو کیونکر قائم رکھے جو اپنے فرض کو ادا نہیں کرتا۔سچ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ کے اذن کے بغیر ہر ایک ذرہ جو انسان کے اندر جاتا ہے کبھی مفید نہیں ہو سکتا۔فرمایا کہ توبہ اور استغفار بہت کرنی چاہیے تا خدا تعالیٰ اپنا فضل کرے۔جب خدا تعالیٰ کا فضل آتا ہے تو دعا بھی قبول ہو جاتی ہے۔خدا نے یہی فرمایا ہے کہ دعا قبول کروں گا اور کبھی کہا کہ میری قضا و قدر مانو۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 6

خدا تعالیٰ کے دو نام الحی اور القیوم کی تشریح

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ جاننا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے قرآن شریف نے دو نام پیش کئے ہیں۔الحی اور القیوم۔الحی کے معنی ہیں کہ خود زندہ اور دوسروں کو زندگی عطا کرنے والا۔القیوم خود قائم اور دوسروں کے قیام کا اصلی باعث۔ہر ایک کا ظاہری باطنی قیام اور زندگی انہی دونوں صفات کے طفیل سے ہے۔پس حی کا لفظ چاہتا ہے کہ اس کی عبادت کی جائے جیسا کہ اس کا مظہر سورۃ فاتحہ میں ایاک نعبد ہے اور قیوم چاہتا ہے کہ اس سے سہارا طلب کیا جائے۔اس کو ایاک نستعین کے لفظ سے ادا کیا گیا ہے۔فرمایا کہ حی کا لفظ عبادت کو اس لئے چاہتا ہے کہ اس نے پیدا کیا اور پھر پیدا کر کے چھوڑ نہیں دیا جیسے مثلاً معمار جس نے عمارت کو بنایا ہے اس کے مر جانے سے عمارت کا کوئی حرج نہیں ہے۔مگر انسان کو خدا کی ضرورت ہر حال میں لاحق رہتی ہے۔اس لئے ضروری ہوا کہ خدا سے طاقت طلب کرتے رہیں اور یہی استغفار ہے۔اللہ تعالیٰ سے گناہوں سے بچنے کی طاقت طلب کرتے رہیں۔اس کی عبادتوں کے لئے طاقت طلب کرتے رہیں اور یہ طاقت طلب کرنا جو ہے فرمایا یہی استغفار ہے۔ اصل حقیقت استغفار کی تو یہ ہے پھر اس کو وسیع کر کے ان لوگوں کے لئے کیا گیا کہ جو گناہ کرتے ہیں۔ان کے برے نتائج سے محفوظ رکھا جاوے لیکن اصل یہ ہے کی انسانی کمزوریوں سے بچایا جاوے۔فرمایا کہ پس جو شخص انسان ہو کر استغفار کی ضرورت نہیں سمجھتا وہ بے ادب دہریہ ہے۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 7

جب تک نیکی کا پانی دل کو نہ دیا جائے فائدہ نہیں

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

ایک مجلس میں حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا (اِس کی تفصیل اخبار البدر میں چھپی ہے) کہ بعض لوگ آئے باہر سے جمعہ کی نماز کے بعد۔حضرت مسیح موعودؑ تشریف فرما ہوئے، تو لکھتے ہیں اخبار والے کہ بعد ادائیگی جمعہ گردو نواح کے لوگوں نے بیعت کی اور حضرت اقدسؑ نے اُن کے لئے مختصر تقریر نماز، روزے کی پابندی اور ہر ایک ظلم وغیرہ سے بچنے پر فرمائی۔یہ اپنے گھروں میں عورتوں، لڑکیوں اور لڑکوں سب کو نیکی کی نصیحت کریں اور جیسے درختوں اور کھیتوں کو اگر پورا پانی نہ دیا جائے تو وہ پھل نہیں لاتے۔اِس طرح جب نیکی کا پانی دل کو نہ دیا جائے تو وہ بھی انسان کے لئے کسی کام کا نہیں ہوتا۔آپ نے فرمایا کہ نیکیوں کے ذکر چلتے رہنے چاہئیں گھروں میں تا کہ دعاؤں کی طرف توجہ پیدا ہوتی رہے، استغفار کی طرف بھی توجہ پیدا ہوتی رہے، باقی نیک اعمال کی طرف بھی توجہ پیدا ہوتی رہے۔اور یہی پانی ہے جس سے نیکی کا پودا پروان چڑھتا ہے، ایمان مضبوط ہوتا ہے۔لکھنے والے لکھتے ہیں کہ ہنسی اور ٹھٹھے کی مجلسوں سے پرہیز کی تلقین فرمائی آپؑ نے۔پھر انبیاء کی وصیت یاد دلائی کہ صدقہ اور دعا سے بلا ٹل جاتی ہے۔اگر پیسہ نہ ہو تو ایک بوکا پانی کا کسی کو بھر دو (یعنی کنویں میں سے ڈول ڈالتے ہیں، ڈول ڈال کے پانی بھر دو، یہ بھی صدقہ ہے)۔اپنے مال اور بدن سے کسی کی خدمت کر دینا یہ بھی صدقہ ہے۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 8

دعا اور صدقہ وخیرات سے رد بلا ہوتا ہے

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک موقع پر فرمایا کہ تمام مذاہب کے درمیان یہ امر متفق ہے کہ صدقہ وخیرات کے ساتھ بلا ٹل جاتی ہے اور بلا کے آنے کے متعلق خدا تعالیٰ پہلے سے خبر دے تو وہ وعید کی پیشگوئی ہے۔ پس صدقہ وخیرات سے اور توبہ کرنے اور خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے سے وعید کی پیشگوئی بھی ٹل سکتی ہے۔فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر اس بات کے قائل ہیں کہ صدقات سے بلا ٹل جاتے ہیں۔اگر بلا ایسی شے ہے کہ وہ ٹل نہیں سکتی تو پھر صدقہ وخیرات سب عبث ہو جاتے ہیں۔پس اللہ تعالیٰ جو فرماتا ہے کہ میں صدقات قبول کرتا ہوں تو وہ ایسی صورت میں بھی قبول کرنے کی طاقت رکھتا ہے اور قبول کرتا ہے جس کے بارے میں وہ بعض اوقات اپنے انبیاء اور فرستادوں کے ذریعہ سے بتا بھی دیتا ہے کہ ایسا ہو گا، انذار کی پیشگوئی بھی ہو جاتی ہے جیسا کہ یونسؑ کی قوم کے بارے میں تھا اور اس کی دعا اور صدقہ اور رونے اور دھونے سے بچ گئی اور وہ جو تباہی کی پیشگوئی تھی وہ ٹل گئی۔پس جب انبیاء کی کی گئی پیشگوئیاں بھی ٹل سکتی ہیں صدقہ وخیرات سے، تو پھر جو مشکلات انسان کے اپنے عملوں کا نتیجہ میں سامنے آتی ہیں، خدا تعالیٰ کو بھولنے کے نتیجہ میں سامنے آتی ہیں وہ کیوں خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے سے، استغفار اور توبہ کرنے سے اور صدقات کرنے سے نہیں ٹل سکتیں، یقیناً ٹل سکتی ہیں۔بشرطیکہ ہمارا رونا دھونا، دعا کرنا، صدقات کرنا بھی اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہو۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 9

صدقہ خدا تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

آنحضرت ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا کہ صدقہ خدا تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور برائی کی موت کو دور کرتا ہے۔پھر فرمایا کہ صدقہ دے کر آگ سے بچو خواہ آدھی کھجور خرچ کرنے کی توفیق ہو۔اور پہلے ہم آپؐ کا یہ فرمان بھی سن چکے ہیں کہ اچھی باتوں، نیک باتوں پر عمل کرنا اور بری باتوں سے رکنا بھی صدقہ ہے۔پس ان باتوں کو ہمیں ہمیشہ اپنے سامنے رکھنا چاہیئے لیکن ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ پہلے بھی اس کا ذکر ہو چکا ہے کہ استغفار اور دعاؤں کی طرف توجہ بھی انتہائی ضروری ہے۔دل سے نکلی ہوئی استغفار آئندہ گناہوں سے بھی بچاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے رحم کو بھی جوش میں لاتی ہے اور اس کا قرب بھی دلاتی ہے۔آنحضرت ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا کہ تم میں سے جس کے لئے بابِ دعا کھولا گیا تو گویا اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے۔اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے جو چیز مانگی جاتی ہے اس میں سے سب سے زیادہ اس سے عافیت طلب کرنا محبوب ہے (اللہ تعالیٰ کی عافیت طلب کی جائے، اس کی پناہ میں آیا جائے) آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ دعا اس ابتلاء کے مقابلہ پر جو آچکا ہو اور اس کے مقابلہ پر جو ابھی نہ آیا ہو نفع دیتی ہے۔فرمایا کہ اے اللہ کے بندو! تم پر لازم ہے کہ تم دعا کرنے کو اختیار کرو۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 10

غفلت کے گناہوں سے بچو اور کثرت سے استغفار کرو

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا: کہ یاد رکھو غفلت کا گناہ پشیمانی کے گناہ سے بڑھ کر ہوتا ہے۔یہ گناہ زہریلا اور قاتل ہوتا ہے توبہ کرنے والا تو ایسا ہی ہوتا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔جس نے سچی توبہ کی، استغفار کیا، اپنے گزشتہ گناہوں کی معافی مانگی، آئندہ گناہوں سے بچنے کا عہد کیا اس طرح ہے گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔فرمایا جس کو معلوم ہی نہیں کہ میں کیا کر رہا ہوں وہ بہت خطرناک حالت میں ہے۔پس ضرورت ہے کہ غفلت کو چھوڑ دو، پتہ ہونا چاہئے کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ہمارا ہر عمل کیسا ہے۔فرمایا کہ اور اپنے گناہوں سے توبہ کرو، خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔جو شخص توبہ کر کے اپنی حالت کو درست کر لے گا وہ دوسروں کے مقابلہ میں بچایا جائے گا۔پس دعا اسی کو فائدہ پہنچا سکتی ہے جو خود بھی اپنی اصلاح کرتا ہے اور خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنے سچے تعلق کو قائم کرتا ہے۔فرمایا کہ پیغمبر کسی کے لئے اگر شفاعت کرے لیکن وہ شخص جس کی شفاعت کی گئی ہے اپنی اصلاح نہ کرے اور غفلت کی زندگی سے نہ نکلے تو وہ شفاعت اس کو فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 11

پیارے آقا کی ہمارے حق میں دعائیں

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ دعا کی حقیقت کو سمجھنے والے ہوں، خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنے والے ہوں۔استغفار کی طرف توجہ دینے والے ہوں۔اپنے پچھلے گناہوں کی بخشش اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتے ہوئے کرنے والے ہوں۔اور آئندہ گناہوں سے بچنے کا عہد کر کے پھر اس کی بھرپور کوشش کرنے والے ہوں۔بلاؤں کو دور کرنے کیلئے ایسے صدقات ادا کرنے والے ہوں جو خدا تعالیٰ کے ہاں مقبول ہوں۔اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اپنی پناہ میں رکھے۔دشمن اور ہر مخالف کے ہر حملہ سے ہمیں محفوظ رکھے۔اور انہی پر الٹائے ان کے حملے۔ہم ہمیشہ خدا تعالیٰ کے ان بندوں میں شمار ہوں جو خدا تعالیٰ کا خوف دل میں رکھنے والے ہیں۔اور حضرت مسیح موعودؑ اور آنحضرت ﷺ کی دعاؤں کے ہم وارث ہوں اور ان سے حصہ لینے والے ہوں۔آمین

(خطبہ جمعہ 24 فروری 2017ء) 12

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ کینیڈا 2016ء کے موقع پر واقفاتِ نو بچیوں کے ساتھ مجلس سوال و جواب

☆ ایک بچی نے سوال کیا کہ کیسے پتہ لگے کہ خواب شیطانی ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے؟

اس پر حضور انور نے فرمایا: نفسیات کے جو ماہرین ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہر انسان کو رات میں تین چار خواب آتے ہیں۔ کچھ یاد رہ جاتے ہیں اور کچھ انسان بھول جاتا ہے یا پھر سارے بھول جاتا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں خواب نہیں آتی۔ وہ اتنی گہری نیند سوتے ہیں کہ ان کو پتہ ہی نہیں لگتا کہ رات کیا ہوا ہے۔ خوابیں ہر ایک کو آتی ہیں۔ بعض دفعہ اچھی خواب بھی آتی ہے۔ اگر انسان کا دماغ نیک ہے، اس کے خیالات نیک ہیں تو اس کو اچھے خواب آتے رہیں گے۔ اگر رات کو تم لوگ گندی فلم دیکھ کر سوئے ہو یا کوئی اور بے ہودہ چیز دیکھ کو سوئے ہو تو بعض دفعہ اس قسم کی خوابیں آتی ہیں۔ دماغ پر ان چیزوں کا ایک نفسیاتی اثر ہوتا ہے۔ بعض خوابیں ہوتی ہیں، جو اللہ تعالیٰ خاص طور پر کسی کی راہنمائی کے لیے دیتا ہے۔ اس میں بعض پیغام ہوتے ہیں۔ بعض چیزیں سمجھ نہیں آتیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں جس طرح بادشاہ نے خواب دیکھی تھی۔ جو تعبیر کرنے والے تھے، انہوں نے کہا کہ یہ تمہارے دماغی خیالات ہیں۔ جس کی وجہ سے خواب آ گئی۔ سات گائیں اور سات بالیوں کا کوئی مطلب نہیں۔ لیکن جو قیدی حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ تھے۔ ان میں سے جو ایک رہا ہوا تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس کو کہا تھا کہ بادشاہ کو جا کر میرے بارہ میں بتانا۔ جب اس نے بادشاہ کی یہ خواب سنی تو اسے حضرت یوسف علیہ السلام کی یاد آ گئی۔ پھر حضرت یوسف علیہ السلام نے اس کی تعبیر کی کہ کس طرح تم پر اچھا زمانہ آئے گا۔ پھر قحط سالی کا زمانہ آئے گا۔ اس عرصہ میں جو تمہاری اچھی فصلیں ہوں گی ان کو قحط والے سالوں کے لیے سنبھال کر رکھ لینا۔ پھر حضور انور نے بچی کو بتایا کہ فصل کیا ہوتی ہے اور Harvesting کیا ہے؟ حضور انور نے فرمایا کہ گندم کا ایک حصہ ہوتا ہے جس کے اندر دانے بھرے ہوتے ہیں اس کو سٹّہ کہتے ہیں۔ بہرحال وہ ایک خواب تھی جس کی تعبیر حضرت یوسف علیہ السلام نے کی۔ پھر قحط آیا تو پھر حضرت یوسف علیہ السلام کو بادشاہ نے قید سے نکال لیا۔ یہ ان کے لیے رہائی کا ذریعہ بن گیا اور اس نے ان کو اپنا وزیر خزانہ بنا دیا۔ بعض خوابیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کی تعبیر سمجھ نہیں آتی۔ لیکن حضرت یوسف علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے خوابوں کے بارہ میں خاص علم دیا ہوا تھا۔ اس لیے انہیں خواب کی سمجھ آ گئی۔ تو انسانوں کو اللہ تعالیٰ بعض اچھی خوابیں دکھاتا ہے۔ جن کا اثر انسان کے دل پر ہوتا ہے۔ اگر کوئی اچھی خواب نہ ہو تو دل پر ایسا اثر ہوتا ہے کہ خیال آتا ہے کہ اس کا اچھا نتیجہ نہ ہوگا۔ اس لیے کہتے ہیں کہ بعض خوابوں کے مطلب کی سمجھ نہیں آتی۔ **اس لیے جب بھی کوئی خواب دیکھو، تمہارے دل پر اچھا یا برا اثر ہو، دونوں صورتوں میں صدقہ دے دیا کرو۔** اگر شیطانی خوابیں ہوتی ہیں، وہ اس طرح کی ہوتی ہیں کہ مثلاً بعض لوگ کہہ دیتے ہیں کہ ہمیں خواب آئی کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام جھوٹے ہیں، یہ اگر خواب آئی تو یہ شیطانی خواب ہے۔ جس کو آنحضورﷺ نے بتایا کہ اس شخص نے میرے بعد آنا ہے اور میرے دین کو پھیلانا ہے۔ آپﷺ کے دین کو دنیا میں دوبارہ قائم کرنا ہے۔ اس کو کہہ دیں کہ جھوٹا ہے، بالکل غلط ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے چیلنج کیا کہ اللہ تعالیٰ کی تائید ہمیشہ ان کے ساتھ ہے۔ تو اس قسم کی خوابیں شیطانی خوابیں ہوتی ہیں۔ سو آدمیوں کو اگر خواب آئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سچے ہیں اور ایک کو خواب آئی کہ وہ جھوٹے ہیں، تو وہ خود جھوٹا ہے، وہ خواب شیطانی خواب ہے۔ خوابوں کی تعبیر بھی مختلف ہوتی ہے۔ مثلاً ایک دفعہ حضرت مرزا شریف احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ نے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تیسرے بیٹے ہیں، حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ میں خواب دیکھی کہ محمد احسن نام کا ایک شخص ہے جس کی قبر بازار میں ہے۔ اس کو بازار میں دفن کیا ہوا ہے۔ اب بعض لوگ کہیں گے کہ یہ اچھی خواب ہے، لوگ چلتے ہوں گے اور اس کی قبر پر دعا کرتے ہوں گے۔ لیکن جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو یہ خواب بتائی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ محمد احسن نام کا ایک شخص یا تو احمدیت سے مرتد

ہوجائے گا یا منافق ہوگا۔ بعد میں پھر ایسے حالات ہوئے کہ ایک شخص جو صحابی بھی تھے اور نام بھی اِن کا یہی تھا خلافتِ ثانیہ کے وقت میں جماعت چھوڑ گئے۔ تو یہ بات ظاہر بھی ہوگئی۔ اس طرح خوابوں کی لمبی تفصیلات ہوتی ہیں۔ لیکن تمہیں سمجھ آئے یا نہ آئے تم صدقہ دے دیا کرو۔ اس لیے کہ ہر ایک تعبیر ہر ایک کو سمجھ نہیں آسکتی۔ اس کا سادہ علاج یہ ہے کہ اچھی ہو یا بری ہو صدقہ دے دیا کرو۔

☆ ایک بچی نے سوال کیا کہ اسلام کا ارتقاء کے بارہ میں کیا نظریہ ہے؟

اس پر حضور انور نے فرمایا: اسلام کہتا ہے کہ ارتقاء ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ ارتقاء ہوا ہے۔ انسان کی جو تکمیل ہوئی ہے، وہ ارتقاء کے ذریعہ ہوئی ہے۔ لیکن ہم یہ نہیں مانتے کہ ڈارون کی ارتقاء کی تھیوری ٹھیک تھی۔ نہ Beetle سے انسان بنا، نہ بندر سے۔ کچھ عرصہ ہوا نیشنل جیوگرافک نے ایک ریسرچ پیش کی کہ Beetle کی مختلف selections ہوئیں، جن سے آخر انسان بنا۔ یہ تمام فضول بات ہے۔ ہاں، انسان کی اپنی الگ ترقی ہوئی، انسان ایک الگ نسل ہے۔ انسان آہستہ آہستہ ترقی کرتا گیا۔ پہلے انسان جانور کی طرح تھا۔ جنگلوں میں جانوروں کی طرح رہتا تھا۔ وہاں شکار کرتا تھا، پھر غاروں میں آگیا پھر لوہے سے کام لینا شروع کیا۔ پھر Agriculture کا دَور آیا۔ اس طرح آہستہ آہستہ دوروں میں ترقی ہوئی ہے۔ اپنے آپ کو دیکھ لو، ایک Generation Gap ہی کافی ہے۔ تم دیکھ لو، whatsapp,Instagram, Iphone, Ipad, اور فلاں فلاں چیزیں آتی ہیں۔ تمہاری دادی کو اس کا تصوّر بھی نہیں تھا، نہ نانی کو پتہ تھا۔ بلکہ بعضوں کی امّاں کو بھی نہیں پتہ کہ یہ کیا چیز ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ تمہارے دماغ کی ترقی ہوئی۔ جس طرح سوچیں بڑھتی گئیں، زمانہ ماڈرن ہوتا گیا اور علم بڑھتا گیا اسی طرح تمہارے دماغ کی ترقی ہوئی، تمہاری یہ ریسرچ یا علم کی پیاس بڑھتی گئی۔ یہ ہے اصل ارتقاء۔ پہلے چھوٹی سوچ تھی، جنگل کی زندگی، پھر غار کی، پھر لوہے کی، پھر کھیتی باڑی شروع ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے آلات بنانے لگ گئے۔ افریقہ میں جب میں اسّی کی دہائی میں تھا بہت سارے چھوٹے کسان، چھوٹی زمینیں تھیں، ان کا آلہ تلوار کی مانند تھا جس سے وہ کاشت کاری اور زمین کو نرم کرتے تھے۔ بس دو آلے ان کے پاس ہوتے تھے۔ ایک Hoe اور دوسرا کٹلس۔ جس سے وہ کاشت کاری کرتے تھے۔ اب تو ماڈرن فارمنگ ہوگئی ہے۔ ٹریکٹر وغیرہ آگئے ہیں۔ اسی طرح یورپ میں ہے۔ اگر تم ان کے میوزیم میں جاؤ۔ یہ تمہیں اپنے پرانے آلے دکھائیں گے۔ انسان کی ترقی ہی ارتقاء ہے۔ **باقی بندر سے انسان نہیں بنا۔ انسان، انسان ہی تھا۔ اگر تم نے مزید پڑھنا ہے تو حضرت خلیفۃ الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب RationalityRevelation پڑھ لو۔**

☆ ایک بچی نے سوال کیا کہ کیا ہم اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھ سکتے ہیں؟

اس پر حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کیا ہے؟ ایک جسم تو نہیں ہے۔ وہ تو ایک نور ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا تھا کہ خدا مجھے اپنا آپ دکھادے۔ اللہ تعالیٰ نے کہا تم نہیں دیکھ سکتے۔ لیکن آپ علیہ السلام نے کہا کہ دکھاؤ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس پہاڑ کو دیکھو۔ میں اس پر اپنا تھوڑا سا جلوہ ڈالوں گا۔ اگر تم نے اسے دیکھ لیا پھر تو مجھے دیکھ سکتے ہو۔ پھر اللہ تعالیٰ نے کیا کیا؟ اس پہاڑ پر ایسی بجلی پڑی کہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ پھر انہوں نے کہا اللہ میری توبہ مَیں نہیں دیکھتا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی ظاہری شکل نہیں ہے۔ وہ نور ہے اور ہر جگہ موجود ہے۔ اُوپر بھی ہے نیچے بھی ہے، دائیں بھی ہے بائیں بھی ہے۔ ابھی کینیڈا میں رات ہو رہی ہے اور ایشیا میں دن ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو دونوں نظر آرہے ہیں۔ نارتھ پول اور ساؤتھ پول بھی نظر آرہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی روشنی ہر طرف یکساں پڑ رہی ہے۔ اس طرح کی روشنی نہیں ہے جس کی کچھ روشنی کم ہے۔ کشفی حالت میں اللہ تعالیٰ کی آواز سن سکتے ہو۔ بڑی طاقتور اور پُر جوش ایک کیفیت ہے جسے تم سنتے ہی کہتی ہو کہ یہ اللہ ہے۔ جسے تم خواب میں دیکھو کہ ساتھ ہی کہو کہ یہ اللہ نے میرے دل میں بات ڈالی ہے۔ دل میں گڑھ جاتی ہے۔ بعض دفعہ تمثیلی رنگ میں بعض شخصیات میں نظر آتا ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ اللہ ویسا ہے۔ صرف تمہاری تسلّی کے لیے ہوتا ہے۔ بعض دفعہ لوگ دیکھ لیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں کی شکل میں بول رہا ہے۔ وہ اللہ کی

صفات کا اظہار ہوتا ہے۔اسی طرح حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے اقبال کے جواب میں ایک نظم لکھی تھی، جو انڈیا پاکستان کا بڑا فلاسفر اور شاعر تھا۔اس نے کہا کہ اللہ تُو کہاں ہے تُو نظر نہیں آتا۔اس پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سب سے بڑی صاحبزادی حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے ایک جواب لکھا کہ مجھے دیکھ شکلِ مجاز میں ۔یعنی میں ظاہری طور پر نظر آ سکتا ہوں لیکن کس طرح ؟ درختوں، آسمانوں، قدرت کی خوبصورتی، پہاڑ کی وادیوں، نیاگرا فال میں دیکھو ہر جگہ نظر آ رہا ہے۔

☆ ایک بچی نے سوال کیا کہ بعض دفعہ انسان پر نفس کی وجہ سے غصہ اور سستی حاوی ہو جاتے ہیں، اس سے کیسے بچا جائے؟

اس پر حضور انور نے فرمایا: حدیث نبوی میں آتا ہے کہ اگر تم کو غصہ آئے اور تم کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ اگر بیٹھے ہو تو لیٹ جاؤ اور پانی پی لو۔سستی کو دُور کرنا تو تمہارا کام ہے۔وہ تو ہمت سے دُور ہوتی ہے۔تمہارے اندر Will power ہونی چاہیے۔’’سستیاں ترک کرو طالبِ آرام نہ ہو‘‘۔تم اگر کہو کہ نیند آتی ہے تو تم اٹھارہ گھنٹے بھی سو کر سست ہی رہو گی۔محنت کرنے والے چند گھنٹے سو کر فریش اُٹھتے ہیں۔باقی جہاں تک غصے کی بات ہے، بہرحال غصہ کے لیے استغفار کرنی چاہیے۔استغفار زیادہ کیا کرو۔اللہ سے مدد مانگو۔دعا کرو کہ اللہ میرا غصہ ٹھنڈا کر دے۔

(الفضل انٹرنیشنل 09 دسمبر 2016ء تا 15 دسمبر 2016ء) از قلم۔مبشرہ مبارکہ حامد



دھنک کے رنگ آپ کے سنگ

محبت الٰہی کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا

''اے ربّ العالمین تیرے احسانوں کا میں شکر نہیں کر سکتا۔ تو نہایت ہی رحیم و کریم ہے اور تیرے بے غایت مجھ پر احسان ہیں۔ میرے گناہ بخش تا میں ہلاک نہ ہو جاؤں میرے دل میں اپنی خاص محبت ڈال تا مجھے زندگی حاصل ہو اور میری پردہ پوشی فرما اور مجھ سے ایسے عمل کرا جن سے تو راضی ہو جائے۔ میں تیرے وجہ کریم کے ساتھ اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ تیرا غضب مجھ پر وارد ہو۔ رحم فرما اور دنیا اور آخرت کی بلاؤں سے مجھے بچا کہ ہر ایک فضل و کرم تیرے ہی ہاتھ میں ہے''۔ آمین ثم آمین (خطبہ جمعہ 17 جون 2016ء)

اپنے نفس کے لیے کسی کو تکلیف نہ دو

ہمارے پیارے امام سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک دشمن سے لڑتے تھے اور محض خدا تعالیٰ کے لیے لڑتے تھے۔ آخر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو نیچے گرا لیا اور اس کے سینہ پر چڑھ بیٹھے اس نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منہ پر تھوک دیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کی چھاتی سے نیچے اتر آئے۔ اس لیے کہ اب تک تو میں محض خدا تعالیٰ کے لیے تیرے ساتھ لڑتا تھا۔ لیکن اب جب تو نے میرے منہ پر تھوک دیا ہے تو میرے اپنے نفس کا بھی کچھ حصہ اس میں شریک ہو جاتا ہے۔ پس میں نہیں چاہتا کہ اپنے نفس کے لیے تجھے قتل کروں۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے نفس کے دشمن کو دشمن نہیں سمجھا۔ ایسی فطرت اور عادت اپنے اندر پیدا کرنی چاہیے۔ (خطبہ جمعہ 3 فروری 2017ء)

لفظ لفظ موتی

☆ عقل مند وہ ہے، جو دوسروں کی نصیحت سنتا ہے۔

☆ خوش مزاج انسان، ٹوٹے ہوئے دل کی دوا ہے۔

☆ جو لوگ حق پر ہوتے ہیں کبھی غیر مطمئن نہیں ہوتے۔

☆ احسان کا بدلہ ادا نہ کر سکو، تو زبان سے شکریہ ضرور ادا کر دو۔

☆ زندگی کے آدھے غم، انسان دوسروں سے غلط توقعات کر کے خرید تا ہے۔

☆ ایک غریب آدمی بھی سخی ہو سکتا ہے، اگر دوسروں کے مال کی تمنا چھوڑ دے۔

☆ باپ کا کوئی عطیہ اولاد کے لیے اس سے بڑھ کر نہیں کہ اسکی تعلیم و تربیت اچھی کرے۔ (سرور مبارک مجلس لامباشتر)

انتظار

یہ کلیاں یہ پھول یہ بلبل ان دنوں کے انتظار میں ہیں
جب ان کے آنگن میں بہاروں کی اک لمبی عمر آئے گی
جب کھلتی کلیوں اور پھولوں پہ بلبل جشن منائے گی
یہ چاند یہ تارے یہ کہکشاں ان دنوں کے انتظار میں ہیں
جب آسماں کی وسعتوں میں چاندنی نور بکھیرے گی
جب ابر آلود ہواؤں سے خوشی کی بوندیں برسیں گی

(سلطانہ قدوس لامبر شیتر)



دل کی بند شریانیں کھولنے کا گھریلو علاج دریافت

لاہور (نیٹ نیوز) دل کی شریانیں بند ہو جائیں تو یہی سمجھا جاتا ہے کہ بائی پاس کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ ہم آپ کو بتاتے ہیں ایک ایسا نسخہ جو آپ کے دل کی بند شریانوں کو جادو کی طرح کھول دے گا اور دل کے ڈاکٹروں کو بھی حیران کر دے گا۔ ایک کپ لیموں کا رس، ایک کپ ادرک کا رس، ایک کپ لہسن کا رس اور ایک کپ سیب کا سرکہ لے لیں۔ ان سب کو ایک برتن میں ڈال کی دھیمی آنچ پر آدھے گھنٹے تک پکنے دیں۔ جب یہ محلول تین کپ رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر لیں اور اس میں تین پیالی شہد ملا لیں۔ خوب مکس کر کے بوتل میں رکھ لیں اور روزانہ نہار میں تین کھانے کے چمچ یہ محلول پئیں۔ چند دنوں میں دل کی بند شریانیں کھل جائیں گی۔

(مبارکہ رفیق مجلس تھوئین)

شوگر کا بہترین ٹوٹکہ

دیسی لہسن	100 گرام
ادرک	100 گرام
سبز پودینہ	100 گرام
انار دانہ	100 گرام

بنانے کا طریقہ: تمام اجزاء کی بغیر نمک کے چٹنی نما بنالیں۔

طریقہ استعمال: ایک پاؤ دہی کے اندر اجزاء کا ایک چائے والا چمچ مکس کر کے روزانہ ایک مرتبہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔ (صائمہ بشارت)

مٹر بھرے ٹماٹر

اشیاء:

سخت ٹماٹر بڑے	12 عدد	مٹر	ایک پاؤ
آلو	ایک پاؤ	مکھن	دو چائے کے چمچے
کالی مرچ	بارہ عدد	سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
پیاز	ایک عدد	ادرک	ایک انچ کا ٹکڑا
سلاد کے پتے	ایک گھٹی	نمک	حسب ذائقہ

ترکیب۔ ٹماٹروں کو پانی سے دھو کر ان کا اُوپر کا چوتھائی حصہ کاٹ کر اندر سے تیز چاقو سے گودا نکال کر صاف کر دیں اور تھوڑا سا نمک لگا دیں۔ مٹروں میں نمک ڈال کر اُبال لیں، آلو بھی نمک ڈال کر اُبال لیں، اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ پیاز ے لچھے دار کاٹ کر نمک لگا کر دھولیں اور ادرک کو بھی باریک کاٹ لیں۔ کالی مرچ اور سفید زیرہ باریک پیس لیں اور اس میں بھی ذرا سا نمک ملا لیں۔ ایک پلیٹ میں کٹے ہوئے آلو، پیاز، مٹر کے دانے، کالی مرچ، زیرہ، ادرک سب ملا دیں اور ذرا سا مکھن بھی شامل کر لیں۔ ان سب چیزوں کو چمچے کی مدد سے ملا لیں اور خالی ٹماٹروں کے اندر بھر دیں۔ اب ان ٹماٹروں کو سلاد کے پتوں پر سجا دیں۔ (سلطانہ قدوس لامبر شیتر)

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

مکرم ومحترم زرتشت منیر احمد خان صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ ناروے سے ادارہ زینب کا ایک انٹر ویو

1۔قارئین کوآپ اپنا تعارف کیسے کروانا چاہیں گے؟ والدین کے نام۔بہن بھائی۔تاریخ پیدائش



خاکسار کا نام ''زرتشت منیر احمد خان'' ہے۔ضلع سیالکوٹ (پاکستان) کے ایک گاؤں نوشہرہ ککّے زیاں میں مورخہ 26 جولائی 1942ء کو ولادت ہوئی۔نام کی ترتیب کی وجہ یہ تھی کہ خاکسار کی والدہ کو خاکسار کی پیدائش سے قبل خواب میں یہ نام بتایا گیا تھا۔خاکسار کی ولادت کے وقت والد صاحب برٹش آرمی میں تھے اور جنگ عظیم کے دوران غالباً عراق میں کسی محاذ پر تھے۔انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی خدمت میں نام تجویز کرنے کے لیے عریضہ تحریر کیا۔حضور نے ازراہِ شفقت ''منیر احمد'' تجویز فرمایا۔بعدازاں جب والدہ صاحبہ نے حضور کو اپنی خواب بتائی تو حضور نے نام کی ترتیب اس طرح فرمادی کہ ''زرتشت'' پہلے آگیا اور ''منیر احمد'' بعد میں۔

خاکسار کے تین بھائی ہیں، جو ناروے میں مقیم ہیں۔داؤد احمد خان،فواد محمود خان اور ندیم احمد خان۔ایک ہمشیرہ ہیں سیارہ حکمت صاحبہ جو لاہور کالج فار ویمن میں انگریزی کی پروفیسر تھیں،اب یو ایس اے میں ہوتی ہیں۔خاکسار کے ایک بھائی ''جواد رشید خان'' مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور کے نائب قائد تھے۔حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے قافلہ کے ہمراہ خدام کی گاڑی میں جاتے ہوئے پنڈی بھٹیاں کے قریب ایک حادثہ میں شہید ہوگئے تھے۔خاکسار کی چھ بیٹیاں ہیں۔دُرِّثمین۔نمود سحر اور بشریٰ امریکہ میں ہیں۔قراۃ العین کینیڈا میں،نعیمہ انگلستان میں اور حبۃ الرحمان یہاں اوسلو میں ہوتی ہیں۔سب اللہ کے فضل سے شادی شدہ اور بچوں والی ہیں۔دو بیٹوں سے بھی اللہ تعالیٰ نے نوازا۔عزیزم سفیر احمد وقفِ نو میں تھے جامعہ کی تعلیم سے فارغ ہو کر اب انگلستان کے ایک شہر ''جلینگھم'' میں تعینات ہیں اور اس طرح وائس آف اسلام ریڈیو میں اُسے خدمت کی توفیق مل رہی ہے۔عزیزم ایاد احمد یہاں اوسلو میں میڈیکل کے چوتھے سال میں ہے۔

2۔آپ کے خاندان میں احمدیت کیسے آئی؟

خاکسار کے والد صاحب کا نام ''خان بشیر احمد خان'' تھا۔انہوں نے بتایا تھا کہ جوانی میں وہ اور اُن کے بھائی خاکسار کے تایا ''منظور احمد خان'' رائل پولیس میں بھرتی ہوئے تو اُن کی تعیناتی لائل پور(حال فیصل آباد) میں ہوئی۔دونوں بھائی امن وامان کے سلسلہ میں سرکاری ڈیوٹی پر جلسوں میں جایا کرتے تھے۔اُن دنوں مناظروں اور مباحثوں کا بہت رواج تھا۔ایسے ہی جلسوں میں انہوں نے حضرت قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری کے مناظرے سنے۔پھر دُعا کی تو احمدیت کی صداقت کا یقین آگیا۔چنانچہ دونوں بھائیوں نے احمدیت قبول کر لی۔خاکسار کے نانا حضرت ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب صحابی تھے۔وہ حضرت سیّدہ اُمِّ طاہرؓ کے والد محترم حضرت ڈاکٹر عبدالستار شاہ صاحبؓ کے ذریعہ احمدیت میں داخل ہوئے تھے۔ہماری نانی جان بتایا کرتی تھیں کہ جب نانا جان احمدی ہوگئے تو نانی کے والدین جو غیر احمدی تھے۔انہوں نے نانی جان کو زبردستی روک لیا۔اور کہا کہ نکاح فسخ ہوگیا ہے۔بعدازاں حضرت ڈاکٹر عبدالستار شاہؓ کی کوشش اور اثر ورسوخ کی وجہ سے وہ اپنے خاوند کے پاس جانے میں کامیاب ہوئیں۔

3۔کس کس خلیفۃ المسیح کا زمانہ آپ کی یادداشت میں محفوظ ہے؟

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خاکسار نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے چار خلفاء کرام کی زیارت اور شفقت سے حصّہ پایا۔الحمد للہ

1) حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مجھے اپنی بچپن کا وہ زمانہ یاد ہے۔جب پہلی بار خاکسار کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی زیارت کا شرف عطا ہوا۔میرے والد صاحب کی زرعی زمین سندھ کی تحصیل ٹنڈو باگو میں تھی۔جب کہ ہماری رہائش صوبہ سندھ کے ضلع تھر پارکر کے ایک قصبہ ’’جھڈو‘‘ میں تھی۔خاکسار اُس وقت ایک انگریزی اسکول کے تیسری کلاس میں تھا۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ سندھ کی زمینوں پر تشریف لے جانے کی غرض سے ٹرین میں سفر کر رہے تھے۔جھڈو اسٹیشن سے بھی ٹرین نے گذرنا تھا۔مجھے والد صاحب حضور سے ملاقات کے لیے ہمراہ لے گئے۔مجھے گود میں اُٹھا کر حضور سے ملوایا اور مصافحہ کروایا حضور نے والد صاحب سے استفسار فرمایا کہ’’یہ کہاں پڑھتا ہے؟‘‘بعدازاں حضور نے ارشاد فرمایا’’اسے ربوہ بھیج دو اور تعلیم الاسلام ہائی اسکول میں داخل کروادو‘‘چنانچہ حضور کے ارشاد کی تعمیل میں والد صاحب نے خاکسار کو ربوہ بھیج کر تعلیم الاسلام ہائی اسکول میں داخل کروادیا۔بورڈنگ ہاؤس میں رہا۔کچھ عرصہ کے بعد بیمار ہوگیا اور اداس رہنے لگا۔چنانچہ اس وقت کے ہیڈ ماسٹر میاں محمد ابراہیم صاحب نے خاکسار کی والدہ کو خط لکھا کہ آپ کے بچے کی صحت اور پڑھائی کے لیے ضروری ہے کہ اسے گھر کا ماحول مہیا میسّر ہو۔اس لیے آپ لوگ ربوہ میں گھر کرایہ پر لے کر یہاں شفٹ ہو جائیں۔چنانچہ خاکسار کی والدہ صاحبہ ربوہ شفٹ ہوگئیں۔والد صاحب ہر ماہ خرچہ بذریعہ منی آرڈر ارسال کردیتے تھے۔اس طرح گزارہ چلتا رہتا تھا۔ربوہ قیام کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ سے ملاقات اور زیارت کے کئی مواقع نصیب ہوئے۔حضورؓ کی شفقت،محبت اور عنایت ہمیشہ شاملِ حال رہی۔جس کی تفصیل لمبی ہے۔بیشتر واقعات میں سے صرف ایک واقعہ اختصار کے ساتھ ذکر کرتا ہوں۔

خاکسار آٹھویں جماعت میں تھا۔ایک دن والد صاحب کی طرف سے ایک ٹیلیگرام موصول ہوئی۔جس میں لکھا تھا کہ ایک اہم مسئلہ درپیش ہے تم خود حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر دعا کے لیے درخواست کرو۔چنانچہ خاکسار ایک دن نماز ظہر کے بعد قصر خلافت کے سامنے کھڑا ہوا اور پہریداروں سے سے درخواست کی کہ حضور سے ملاقات کروا دیں۔انہوں نے میرے نام کی چٹ لکھوا کر بالائی منزل پر حضور کی خدمت میں بھجوا دی۔حضور نے فوراً ہی بلوا لیا۔میرا نام لے کر ارشاد فرمایا کہ تمہارے والد صاحب کا یہ نام ہے۔تمہارے تایا کا یہ نام ہے۔تمہارے نانا فلاں ہیں۔تمہاری نانی کا نام یہ ہے۔غرض ننھیال اور دودھیال کا پورا شجرہ نسب حضور نے خاکسار کو بتادیا جس کا خاکسار کو بھی علم نہ تھا۔اب جب میں یاد کرتا ہوں تو حیران ہوتا ہوں کہ لاکھوں کی جماعت کا سربراہ ہو اور اسے جماعت کے ایک ایک فرد کا شجرہ نسب یاد ہو۔یہ کیونکر ممکن ہوسکتا ہے۔پھر ایک چھوٹے سے نادان بچے کو پذیرائی بخشا۔یہ واقعی’’سخت ذہین وفہیم‘‘مصلح موعود کی ہی شان تھی۔

2) حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ

حضرت مرزا ناصر احمد صاحب منصب خلافت پر سرفراز ہونے سے قبل تعلیم الاسلام کالج۔ربوہ کے پرنسپل تھے۔آپ کا بہت رُعب تھا۔لیکن اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کے ساتھ بے حد محبت اور شفقت بھی فرماتے تھے۔بے شمار مثالیں خاکسار کے ذہن میں ہیں۔کالج میں تعلیم کے دوران خاکسار نے بی اے میں پولیٹیکل سائنس کا مضمون رکھا۔یہ مضمون حضرت پرنسپل صاحب خود پڑھاتے تھے۔آپ اپنے لیکچر کے دوران نوٹس لکھواتے ہوئے آکسفورڈ میں اپنی تعلیم کے واقعات بھی بیان فرماتے۔جس سے دلچسپی قائم رہتی۔ایک ایک طالب علم کی تعلیمی حالت کے ساتھ ساتھ اس کی صحت کی نگرانی بھی فرماتے۔وقتاً فوقتاً سویابین۔لیسی تھین کے علاوہ دیگر ادویات بھی عنایت فرمادیتے۔

خلافت کے بعد تو بالکل تبدیل ہوگئے۔طبیعت میں اتنی نرمی۔اتنی شفقت۔اتنا پیار نمایاں ہوگیا تھا جس کا تصوّر بھی نہیں کیا جا سکتا

تھا۔خلافت کے دوران خدا تعالیٰ نے آپ کو قبولیتِ دعا کے اعجاز سے نوازا تھا۔ یہاں تک کہ بسا اوقات آپ جیسا کہہ دیتے تھے اللہ تعالیٰ اسی طرح کر دیتا تھا۔ بیشتر واقعات میں سے ایک ذاتی واقعہ عرض کرتا ہوں۔

خاکسار لاہور میں ''سوشل سیکورٹی آفیسر'' کی حیثیت سے صوبہ پنجاب میں ملازم تھا۔اس اثناء میں وفاقی حکومت کی وزارت محنت وافرادی قوت میں دو عہدوں کے لیے محکمہ لیبر کا تجربہ رکھنے والے افراد سے درخواستیں طلب کی گئیں۔ایک پوسٹ اسسٹنٹ ڈائرکٹر گریڈ 17 کی تھی جبکہ دوسری ڈپٹی ڈائرکٹر گریڈ 18 کی تھی حکومت پاکستان میں گریڈ 17 اور 18 کو اعلیٰ عہدوں میں شمار کیا جاتا تھا۔خاکسار نے دونوں پوسٹوں کے لیے درخواست ارسال کردی۔خیال تھا کہ سفارش وغیرہ تو کوئی ہے نہیں۔لہٰذا ممکن ہے کہ شاید گریڈ 17 میں انٹرویو کے لیے بلالیں۔لیکن ہر دو عہدوں میں سے کسی کے لیے بھی خاکسار پراُمید نہ تھا۔حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کو دعا کے لیے خط لکھا۔جواب آیا۔اللہ تعالیٰ آپ کو ڈپٹی ڈائرکٹر کے لیے کامیاب کرے۔ خاکسار تو یہ خیال کر رہا تھا کہ شاید اسسٹنٹ ڈائرکٹر گریڈ 17 کے لیے انٹرویو پر بھی نہ بلایا جاؤں۔لیکن حضور کی دعا تھی کہ اس سے سینئر پوسٹ ڈپٹی ڈائرکٹر گریڈ 18 کے لیے کامیابی نصیب ہو۔کافی وقت گزر گیا۔میں اس درخواست کو اپنے ذہن سے یہ سمجھ کر فراموش کر بیٹھا کہ مجھے انٹرویو کے لیے اہل نہ سمجھا ہوگا اور کسی سفارشی کی نامزدگی ہوگئی ہوگی۔ایک دن میں اپنے سرکاری کام سے شاہدرہ میں تھا کہ میرے ہیڈ آفس سے فون آیا کہ فوری طور پر ہیڈ آفس آؤ۔ وہاں گیا تو انہوں نے میرے سامنے ایک ٹیلیگرام رکھ دی۔جس میں میرے متعلق تحریر تھا کہ اگلے دن انٹرویو کے لیے اسلام آباد سیکرٹریٹ میں حاضر ہوں۔ ہیڈ آفس نے مجھے ہدایت کی کہ فوری طور پر روانہ ہو جاؤ۔ چنانچہ خاکسار اسلام آباد پہنچا۔انٹرویو میں پیش ہوا۔بہت بڑا بورڈ تھا۔45 منٹ تک سوالات کی بوچھاڑ ہوتی رہی۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے کیا جواب دیے۔دوسرے صوبوں سے سینئر حاضر سروس کے عہدیدار بھی آئے ہوئے تھے۔بظاہر لگتا تھا کہ خاکسار کی سلیکشن کا امکان ناممکن ہے۔اسسٹنٹ ڈائرکٹر والی درخواست کا پتہ کیا تو معلوم ہوا کہ اس کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ان کے خیال میں میرا تجربہ اس پوسٹ کے لیے کم تھا،اس لیے انٹرویو میں نہیں بلایا گیا۔عجیب بات یہ تھی کہ جونیئر پوسٹ پر مجھے نااہل سمجھا گیا اور سینئر پوسٹ پر انٹرویو کے لیے بلایا گیا۔بہرحال انٹرویو کے بعد واپس لاہور آ گیا۔چند دن گزرے تو ہیڈ آفس نے اطلاع دی کہ تمہارا انتخاب بحیثیت ڈپٹی ڈائرکٹر گریڈ 18 ہوگیا ہے تم فوراً اپنی جاب جائن کرلو۔اندازہ کیجئے کہ کس طرح خدا تعالیٰ نے اپنے خلیفہ کے منہ سے نکلی ہوئی بات کو پورا کردکھایا اور ناممکن کو ممکن کردکھایا۔**الحمد للہ علی ذالک**۔

کراچی میں خاکسار کو جن دنوں قائد خدام الاحمدیہ ضلع کراچی کی حیثیت سے خدمت کی توفیق مل رہی تھی۔تو حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کراچی تشریف لائے۔ خاکسار کو اپنی اہلیہ کے ہمراہ ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ان دنوں خاکسار اسی وزارت کے ایک ذیلی ادارے اور سیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن میں جنرل مینجر تھا۔شدید مخالفت ہو رہی تھی۔ میرے خلاف اخبارات میں خبریں اور اداریے شائع ہو رہے تھے۔دفتر کا سٹاف بھی مخالفت پر تُلا ہوا تھا۔اسلام آباد سے انکوائری کا آرڈر ہو چکا تھا۔ملاقات سے قبل خیال تھا کہ خاکسار اپنی پریشانیاں بتا کر دعا کی درخواست کرے گا لیکن حسب معمول حضور سے ملاقات کے دوران ذاتی باتیں پیش کرنے کا تو ہوش ہی نہیں رہا۔حضور چند جماعتی اُمور دریافت کرتے رہے اور خاکسار جواب دیتا رہا۔ملاقات کے بعد جب اُٹھنے لگے تو خاکسار کی اہلیہ کو خیال آیا کہ اپنے لیے دعا کی درخواست تو کی ہی نہیں۔ چنانچہ انہوں نے حضور سے درخواست کی کہ حضور ان (خاکسار) کے لیے دعا کریں۔آج کل احمدیت کی وجہ سے شدید مخالفت ہے۔ پتہ نہیں اب ملازمت رہتی بھی ہے یا کہ نہیں۔حضور نے بڑے جلال کے ساتھ فرمایا:''تم اس کی فکر نہ کرو۔ یہ بہت بہادر ہے۔عنقریب اس کی پروموشن (ترقی) ہو جائے گی۔'' ملاقات کے بعد جب ہم واپس جا رہے تھے تو کراچی گیسٹ ہاؤس کے گیٹ پر حضور کے صاحبزادے مرزا فرید احمد صاحب نے دریافت کیا کہ ملاقات کیسی رہی!! خاکسار نے بتایا کہ ہمیں تو موجودہ ملازمت کے لالے پڑے ہوئے ہیں اور حضور فرماتے ہیں کہ تمہاری پروموشن ہو جائے گی۔ آپ یقین کریں

کہ حضور کے ارشاد کے چند ماہ بعد ہی غیر معمولی حالات میں خاکسار کی مخالفت کے باوجود ’’جنرل مینجر‘‘ سے ’’ڈائریکٹر‘‘ کے عہدے پر ترقی ہوگئی اس طرح خلیفہ وقت کے منہ سے نکلی ہوئی بات کو خدا تعالیٰ نے من وعن پورا کر دکھایا۔

3) حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ

خلافت سے قبل حضرت مرزا طاہر احمد صاحب سے بے تکلّفانہ لیکن ادب واحترام والے تعلقات تھے۔ جب آپ صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ تھے تو اس وقت بھی ملاقات رہتی تھی۔ پھر پاکستان پیپلز پارٹی کی مہم کے سلسلہ میں بھی آپ سے تعلق رہا۔ کراچی جب بھی تشریف لاتے تو ملاقات کا شرف عطا فرماتے۔ ہماری دعوت پر اپنے پہلے سے طے شدہ مصروف پروگرام سے وقت نکال کر مجالس سوال وجواب کے لیے تشریف لاتے۔ الغرض بہت محبت کا تعلق تھا۔

انتخابِ خلافت سے غالباً ہفتہ یا دو ہفتہ قبل کی بات ہے۔ آپ کراچی تشریف لائے ہوئے تھے۔ جمعہ کی نماز کے لیے احمدیہ ہال تشریف لائے۔ عموماً جب ہال نمازیوں سے بھر چکا ہوتا تھا تو ہم باہر سڑک پر صفیں بچھاتے تھے۔ اس دن گٹر اُبل گئے تھے اور انتہائی بدبودار کالے رنگ کا کیچڑ سڑک پر پھیل چکا تھا۔ اسی پر صفیں بچھائی جارہی تھیں کیونکہ کوئی دوسری جگہ میسّر نہ تھی۔ آپ شریف لائے تو خاکسار نے ایک خادم سے کہا کہ اندر جگہ بنا کر میاں صاحب کو اندر لے جاؤ۔ کیونکہ باہر بہت بدبودار کیچڑ ہے۔ چنانچہ آپ سے درخواست کی گئی تو آپ نے وہیں بدبودار کیچڑ والی جگہ پر نماز پڑھنے کو ترجیح دی۔ خدا تعالیٰ کا انعام ملاحظہ کریں کہ یہی خاکساری اور عاجزی والا شخص چند دن کے بعد منصبِ خلافت پر سرفراز ہوا اور دنیا بھر کے احمدیوں نے اس کے ہاتھ پر بیعت کی۔

پاکستان سے ہجرت کے وقت سکھر تا کراچی ائیر پورٹ تک حضور اور آپ کے قافلہ کو پہنچانے کا انتظام محترم امیر صاحب کراچی نے قائد ضلع کراچی کی حیثیت میں اس عاجز کے سپرد کیا تھا۔ حالات کی نزاکت کے پیش نظر یہ طے کیا گیا کہ صرف چند افراد کو اس اہم کام میں شامل کیا جائے اور رازداری کو ہر صورت میں مدّ نظر رکھا جائے۔ چنانچہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور نصرت سے سارے اُمور بخوبی سرانجام دینے کی توفیق عطا ہوئی۔ حضور کی ہجرت اور کراچی کے انتظامات انتہائی ایمان افروز ہیں اور تفصیل چاہتے ہیں جن کے لیے شاید آپ کے رسالہ کے صفحات کافی نہ ہوں صرف اتنا عرض کر دوں کہ سارے کام اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے عین مطابق ہوئے۔ کسی انسانی تدبیر کو دخل نہ تھا۔

حضور کی ہجرت کے کچھ عرصہ بعد خاکسار پر ایک قاتلانہ حملہ ہوا۔ فائرنگ ہوئی۔ گاڑی تقریباً تباہ ہوگئی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے جان بچالی۔ پھر حکومت پاکستان کی طرف سے مجھے گرفتار کرنے اور ایک جعلی مقدمہ بنا کر سزا دینے کا منصوبہ بنایا گیا۔ حضور نے لندن سے محترم امیر صاحب کراچی کو ہدایت فرمائی کہ اس عاجز کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت دو خدام سیکورٹی کے لیے ہمراہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان خدام کو بہترین جزاء سے نوازے۔ جنہوں نے حضور کے ارشاد پر اس عاجز کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کو بھی خطرے میں ڈالا۔ جب خاکسار کو گرفتار کرنے کے لیے پولیس نے چھاپے مارے تو جماعت کراچی نے حضور کی ہدایت کے مطابق خاکسار کی روپوشی کا انتظام کیا۔ اس اثناء میں ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست دی گئی جو سیشن کورٹ نے مارشل لاء ہیڈ کوارٹر کے دباؤ میں آکر ردّ کر دی۔ سندھ ہائی کورٹ میں اپیل کی تو جج نے کئی پیشیوں کے بعد ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی۔

4) حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

خاکسار جب کراچی میں تھا۔ حضور اس وقت غانا میں تھے۔ اس لیے شاذ ہی ملاقات ہوئی ہو۔ البتہ خاکسار نے انہیں بچپن میں دیکھا تھا۔ جب ایک مختصر عرصہ کے لیے خاکسار نے تعلیم الاسلام ہائی اسکول ربوہ میں بطور استاد کام کیا۔ حضور غالباً ساتویں جماعت میں تھے۔ سب بچوں سے الگ نہایت ذہین، سنجیدہ اور نیک نظر آتے تھے۔ دوسرے لڑکوں کی طرح کوئی شوخی نہ تھی۔ اساتذہ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ الغرض بچپن سے ہی نیک شخصیت

نمایاں تھی۔

خلافت پر متمکن ہونے کے بعد حضور سے کافی ملاقاتیں ہوئیں۔حضور کی پر نور اور پر شفقت عنایات اور دعاؤں سے مستفیض ہونے کے مواقع ملتے رہے۔اور اب تک مل رہے ہیں۔خاکسار اور خاکسار کے تمام بچوں کے ساتھ حضور بہت شفقت فرماتے ہیں۔حضور کے ہم پر بہت احسانات ہیں۔

میرا یہ تجربہ ہے کہ جب بھی کوئی جماعتی یا ذاتی پریشانی لاحق ہوتی تو خاکسار حضور کی خدمت میں دعا کے لیے خط لکھتا ہے اور ابھی خط پوسٹ ہی ہوا یا فیکس نکلی ہی ہے کہ مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔یہ حقیقت ہے اور ہمارا مشاہدہ ہے کہ جسے خدا تعالیٰ خلافت کے منصب پر سرفراز کرتا ہے اس کی دعاؤں کو قبولیت کے شرف سے نوازتا ہے۔حضور کی قبولیتِ دعا کے بہت سے واقعات ہیں۔اختصار کے ساتھ چند ایک عرض کر دیتا ہوں۔

میری ایک بیٹی کے خانگی حالات میں کچھ مسائل پیدا ہو گئے۔حضور کی دعا اور مشورہ سے اس کے لیے سکون اور راحت کے سامان پیدا ہوئے اور اب وہ بچی بہت خوش وخرم ہے۔خاکسار کی ایک بیٹی کی شادی کے بعد آٹھ سال تک کوئی اولاد نہ ہوئی۔حضور کی خدمت میں دعا کی درخواست کی گئی تو اس کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹے سے نوازا۔خاکسار کی ایک نسبتی ہمشیرہ شدید بیمار ہوئیں۔ہسپتال میں داخل ہوئیں۔انہیں دل کا عارضہ لاحق تھا۔ہسپتال میں ہی علاج کے دوران کئی دوسرے عوارض بھی سامنے آ گئے۔پھیپھڑوں میں پانی چلا گیا۔ایمرجنسی میں رکھا گیا۔ڈاکٹروں نے نا اُمیدی کا اظہار کر دیا اور ایک دن یہ کہہ دیا کہ اپنے فون کھلے رکھیں کیونکہ اگلے چوبیس گھنٹے میں آپ کوئی تکلیف دہ خبر سنیں گے۔گھر والوں کو بھی ذہنی طور پر صدمہ کے لیے تیار کریں۔ہم نے ان کے بچوں کو اکٹھا کر کے سمجھایا اور ان کے ذہنوں کو کسی بڑے صدمہ کو برداشت کرنے کے لیے تیار کیا۔اسی اثناء میں ہم حضور کو فیکس کے ذریعہ مطلع کرتے رہے اور دعا کی درخواست کرتے رہے۔آپ یقین کریں کہ وہ رات خیریت سے گذر گئی۔دوسرے دن ڈاکٹروں نے کہا ہم نے ایسے مریض کو صحت یاب ہوتے نہیں دیکھا۔یہ تو ایک معجزہ ہے کہ ایک مردہ زندہ ہو گیا۔یہ ہے خلیفہ وقت کی قبولیتِ دعا کا اعجاز۔اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے آقا کو ہمیشہ اپنی حفظ وامان میں رکھے۔صحت والی فعّال زندگی سے نوازے۔اور موعود فتوحات حضور کے عہد میں جلد از جلد دکھائے آمین۔

4۔پاکستان میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

ابتداء میں تو کراچی میں حالات بہتر تھے۔جنرل ضیاء نے مجھے بلایا تھا۔کراچی سے مولویوں کے ایک وفد نے ضیاء سے مطالبہ کیا تھا کہ کراچی میں قادیانی ڈائرکٹر کو برطرف کیا جائے۔اخبارات میں بھی مہم چلائی گئی۔لیکن جنرل ضیاء نے ان کے مطالبہ کو نہ سنا۔پھر 1985ء میں جنرل ضیاء نے اسلام آباد میں میرے باس کو کہا: ''میں تمہارے محکمہ میں کراچی کے قادیانی ڈائرکٹر کو دیکھنا نہیں چاہتا۔اسے فوراً سین سے آف کر دو'۔ میرا باس ایک فوجی افسر بریگیڈیر تھا۔خاکسار سے اس کا پیار کا تعلق تھا۔اس نے خود کراچی آ کر ساری بات مجھے بتائی۔اور بتایا کہ مارشل لاء کی فوجی حکومت میں سین سے آف کر دینے کا مطلب ''قتل کر دینا ہے''

5۔ہجرت کے واقعات

مسلسل تکالیف دی جاتی رہیں۔میری گاڑی کا تعاقب کیا جاتا اور ہراساں کیا جاتا رہا۔ایک دفعہ بچیوں کو اسکول سے اغوا کرنے کی کوشش کی گئی۔ہمارا ڈرائیور وقت پر پہنچ گیا اور وہ کوشش ناکام ہو گئی۔کراچی میں طارق روڈ کی بغلی اسٹریٹ میں خاکسار پر سٹین گنوں سے فائرنگ ہوئی۔اللہ تعالیٰ نے اس قاتلانہ حملہ سے بچا لیا۔اخبارات اور رسائل میں خاکسار کے خلاف بے سروپا باتیں لکھی گئیں۔جھوٹا کیس بنا کر گرفتار کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ لندن میں تھے۔بعض اطلاعات کی بناء پر حضور نے خاکسار کو پیغام دیا کہ یہ تمہیں چھوڑیں گے نہیں۔لہٰذا ملک چھوڑ دو۔خاکسار کبھی بھی ملک چھوڑنے کے حق میں نہیں رہا۔جس محکمہ کا سربراہ تھا۔اس کا کام ہی بیرونی ممالک میں ملازمت دلوانا تھا۔خاکسار کو بھی سعودی عرب میں ایک امریکن کمپنی کی طرف سے آفر ہوئی تھی۔جس کے لیے خاکسار نے معذرت کر دی تھی۔حضور نے از راہِ شفقت مکرم شیخ مبارک احمد

